مِضغَطہ ۔ ع ۔ زمین پر پانی جمع ہونے کی جگہ۔

مُضِل ۔ ع ۔ گمراہ کرنے والا۔ ہدایت سے محروم رکھنے والا۔ توفیق خیر نہ دینے والا۔ نام خدائے تعالیٰ کا۔ کیونکہ وہ اشرار کفار کو ہدایت سے محروم اور گمراہی پر قائم رہنے دیتا ہے۔

مُضِلّت ۔ ع ۔ گمراہی۔ وہ جگہ جہان آدمی راہ بھول جائے۔

مِضلّہ ۔ ع ۔ گمراہی کی جگہ۔

مُضمار ۔ ع ۔ دُبلا کرنے کا آلہ۔ گھوڑی کی ریاضت کا میدان۔ نیز مطلق میدان وکشادہ میدان۔

مُضماض ۔ ع ۔ ہلکا مرد۔ جلدی جلدی چلنے والا۔

مُضمَحِل ۔ ع ۔ محو ہونے والا۔ لاغر۔ کمزور۔ اُداس۔ ناچیز۔ سُست۔

مُضمَر ۔ ع ۔ دل مین رکھا گیا۔ پوشیدہ۔

مُضمِر ۔ ع ۔ تیز رفتار گھوڑا۔ پتلی کمر والا۔

مَضمَضہ ۔ ع ۔ پانی کو پورے منھ مین پھرا کر کُلّی کرنا۔

مُضمَن ۔ ع ۔ ضمن کیا ہوا۔ شامل کیا ہوا

مَضمُوم ۔ ع ۔ وہ حرف جسکے اوپر پیش ہو پیش دیا گیا۔ ملایا گیا۔

مَضمُون ۔ ع ۔ مطلوب۔ مدعا۔ بیان۔ سب چکٹ۔ معنی۔ درمیان مین آیا ہوا۔ بیچ مین لیا ہوا۔ بیمہ شدہ۔

مضنون ۔ ع ۔ بخل کیا گیا۔

مضنی ۔ ع ۔ لاغر۔ دُبلا۔

مُضِی ۔ ع ۔ روشن اور چمکدار کرنیوالا اور ہونے والا۔ یہ لازم اور متعدی دونون ہے۔

مضیع ۔ ع

مُضِیف ۔ ع

میزبان۔ نسبت کرنیوالا

مُضَیَّق ۔ ع ۔ تنگ مقام

مط

مَط ۔ ع ۔ کھینچنا۔ دراز کرنا۔ تکبیر کہتے وقت ابرو و رخسارے کا کھینچنا

مَط ۔ ع ۔ جوان لڑکی سے صحبت کرنا

مَطا ۔ ع ۔ پشت پیچھے۔ انگڑائی۔

مَطابت ۔ ع ۔ علاج کرنا۔

مَطابع ۔ ع ۔ مطبع کی جمع ۔ پریس چھاپے خانے۔

مُطابِق ۔ ع ۔ مناسب۔ لائق ٹھیک موافق۔ برابر۔

مُطابَقت ۔ ع ۔ موافقت۔ برابر کرنا چپکانا۔ کسی ایک کام کی عادت کر لینا۔

مطار ۔ ع ۔ اُڑنا۔ اُڑنے کی جگہ۔

مَطارِق ۔ ع ۔ مطرق کی جمع ۔ کسی چیز ڈالنے کی جگہ۔ شکاریون اور [illegible] کے تھیلے جسمین وہ پرندون کو ڈال لیتے ہین۔

مطارہ ۔ ع ۔ کسی [illegible] کرنا۔ باہم بات چیت کرنا۔ خوشامد و رآمد۔

مطارہات ۔ ع

مطارہ بازی

Marfat.com

[illegible] اور [illegible] مالا پانی
[illegible] کیا۔ سردار۔ مخدوم
[illegible]

[illegible] ع۔ مطعم کی جمع۔ کھانے کی چیزیں
[illegible] کھانے خورکین۔

[illegible] ع۔ طعن کی جمع۔ طعنے عیب

[illegible] ع۔ گھومنے اور پھرنے کی
[illegible]۔ طواف کرنے کے مقامات۔

مطالب۔ ع۔ مطلب کی جمع۔ خواہشین
مرضین۔ درخواستین۔ مرادین۔

مطالبہ۔ ع۔ مانگنا۔ تقاضا کرنا۔ طلب
کرنا۔ اپنا حق چاہنا۔

مطالع۔ ع۔ مطلع کی جمع۔ نکلنے کی جگہ
طلوع ہونے کا مقام۔

مطالعہ۔ ع۔ کسی چیز کو اس سے
واقفیت پیدا کرنے کے لیے اس کو پڑھنا
[illegible] غور۔ خیال۔ نیز دیکھنا۔

[illegible] ع۔ تابعداری کرنے والا۔

مطاوعت۔ ع۔ فرمانبرداری کرنا۔ نحویون
[illegible] اصطلاح مین ایک فعل کا ایک کے پیچھے
[illegible] تاکہ یہ معلوم ہو کہ مفعول نے فاعل کے
[illegible] اثر قبول کرلیا۔

[illegible]ت۔ ع۔ لمبائی مین اور توانائی
[illegible] کرنا۔ کسی کام مین توقف کرنا
[illegible]

[illegible] ع۔ پیچیدگیان۔ حلقے شکنین
[illegible] کی جمع۔

[illegible]

گھوڑا۔ خچر۔ ہاتھی۔ اونٹ وغیرہ جمع مطیہ کی

مطب۔ ع۔ طبابت گاہ۔ وہ جگہ جہان
پر طبیب بیٹھکر بیمارون کا معالجہ کرے۔

مطبخ۔ ع۔ باورچی خانہ۔ کھانا پکانے کی جگہ

مُطبخ۔ ع۔ باورچی۔ کھانا پکانیوالا۔

مِطبخ۔ ع۔ پکانے کا آلہ۔ یا ہانڈی
مجازاً چولھا۔

مطبخی۔ ف۔ باورچی۔ کھانا پکانے والا۔

مطبع۔ ع۔ چھاپےخانہ۔ پریس۔ کارخانۂ طبع

مِطبع۔ ع۔ طبع یا چھاپنے کا آلہ۔ جیسے
مشین۔ پریس وغیرہ۔

مطبعُ الازرار۔ ع۔ ٹائپ رائٹر۔

مطبعُ الجلاش۔ ع۔ دستی پریس۔

مُطبق۔ ع۔ عقل کو ڈھانپ دینے
والی شئے۔ دیوانگی۔

مُطبَق۔ ع۔ تطبیق کیا گیا۔ تہ بر تہ کیا گیا
سرپوش دار برتن۔

مطبوخ۔ ع۔ پکی ہوئی شئے۔ جوشاندہ وغیرہ

مطبوع۔ ع۔ پسندیدہ۔ طبع کیا گیا۔
چھاپا ہوا۔ نیز مرغوب طبع۔

مطبوعہ۔ ع۔ چھپی ہوئی کتاب۔ پسند
کی ہوئی شئے۔

مطح۔ ع۔ کسی کو ہاتھ سے مارنا۔ جماع
کرنا۔ صحبت کرنا۔

مطحن۔ ع۔ چکی۔ آسیا۔

مطحان۔ ع۔ گنڈلی مارا ہوا سانپ۔

مطحنہ۔ ع۔ آٹا پیسنے کی کل۔ فلور مل۔

مطحول۔ ع۔ نلی کے عارضہ والا شخص۔

مطر۔ ع۔ مینھ۔ بارش۔

مطر۔ ع۔ تروتازگی۔

مَطر۔ ع۔ برسنا۔ برسانا۔

مُطرا۔ ع۔ تروتازہ مجازاً صاف وچمکدار۔

مطراب۔ ع۔ طرب ناک شخص۔ خوش وخرم۔

مطرات۔ ع۔ مطر کی جمع۔ باران۔

مطراق۔ ع۔ ہتوڑا۔ مارتول۔

مطران۔ ع۔ بزرگ رہنما بشپ عیسائیون کا
سرگروہ مقدم سردار کفار۔ دارالخلافہ کا

مُطرب۔ ع۔ خوش کرنے والا۔ گانیوالا۔
گویّا۔ ڈوم۔ ڈھاڑی۔

مُطربہ۔ ع۔ گانے والی عورت۔ ڈومنی۔

مطرت۔ ع۔ خو۔ عادت۔

مطرح۔ ع۔ ڈالنے کی جگہ۔ کیسہ شکاریون
کا تھیلا۔

مُطرَد۔ ع۔ چھوٹا نیزہ۔ جس سے جانورون
کو مارین اور شکار کرین۔ وہ کپڑا جو سب
کپڑون کے نیچے پہنا جائے۔

مُطّرد۔ ع۔ ایک طرح ہونے والا۔ ایک
دوسرے کے پیچھے ہونے والا۔ مستقیم۔

مُطرّز۔ ع۔ آراستہ کیا گیا۔ مزین۔ منقش
نقش ونگار دار کپڑا۔

مُطرِّز۔ ع۔ نقش ونگار بنانیوالا۔

مُطرف۔ ع۔ علم کی چادر وپھریرا۔

مُطرَف۔ ع۔ آراستہ۔ ایک قسم کا گھوڑا
ہر چیز کا شروع۔ مزین۔

مِطرقہ۔ ع۔ ہتوڑا۔

مُطرود۔ ع۔ راندہ۔ ڈھکیلا گیا۔ مردود۔

مُطرُوف۔ ع۔ وہ عورت جو اپنے خاوند
کے سوا دوسرے مردون کو تکے۔

مُطَرِّز۔ ع۔ زبان دراز عورت۔
مطعان۔ ع۔ بہت نیزہ چلانیوالا۔
مطعام۔ ع۔ بڑا لوگون کو کھانا کھلانے والا۔ وہ شخص جو لوگون کی اکثر دعوت کرتا رہے۔
مَطْعَم۔ ع۔ کھانا۔ خورش۔ کھانے کی شئے۔
مُطْعِم۔ ع۔ کھانا کھلانیوالا۔
مَطْعُومات۔ ع۔ خوراکین۔ کھانیکی اشیاء
مَطْعُون۔ ع۔ وہ جسکو نیزہ مارا ہو نیزہ مارا گیا۔ برچھی ماری گئی۔ مجازاً عیب لگایا گیا۔ خوار کیا گیا۔ طاعون زدہ مرد۔
مُطَفِّف۔ ع۔ کم تولنے والا۔
مُطْفِی۔ ع۔ بجھانیوالا۔
مِطْفِی۔ ع۔ فائر پمپ۔ آگ بجھانیکی کل
مَطْل۔ ع۔ ادائے قرض مین تاخیر کرنا۔
مُطَلّا۔ ع۔ سنہرا۔ گولڈن۔ طلائی۔ سونا چڑھا ہوا۔ گلٹ کیا گیا۔
مِطْلاق۔ ع۔ بہت طلاق دینے والا مرد
مطلب۔ ع۔ مراد۔ غرض۔ طلب کی جگہ مقصود۔ معنی۔ مدعا۔
مَطْلَب۔ ف۔ صیغہ نہی طلبیدن سے یعنی نہ طلب کر۔
مُطَّلِب۔ ع۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جد امجد کا اسم شریف۔
مُطَلَّس۔ ع۔ بے نقش سکہ۔ وہ سکہ جس کا نقش مٹ گیا ہو۔
مَطْلَع۔ ع۔ سورج نکلنے کی جگہ نکلنا غزل یا قصیدہ کا پہلا شعر۔
مُطَّلَع۔ ع۔ خبردار کیا گیا۔ واقف کیا گیا۔
مُطَّلِع۔ ع۔ خبر دینے والا۔ اطلاع کرنیوالا۔ جھانکنے والا۔ واقف ہونے والا۔ آگاہ۔ خبردار۔
مُطْلَق۔ ع۔ آزاد۔ بے قید۔ کھلے بندھن روان کیا گیا۔
مُطْلِق۔ ع۔ آزاد کرنیوالا۔ رہا کرنیوالا۔
مُطْلَق الْعِنَان۔ ع۔ وہ گھوڑا جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو مجازاً بے قید۔ آزاد آدمی۔ رند مشرب۔ بلا تعرض۔
مُطَلَّقہ۔ ع۔ طلاق دی ہوئی عورت۔
مَطْلُوب۔ ع۔ چاہا گیا۔ کسی چیز کی طلب مدعا۔ مطلب۔ درکار۔
مَطْمَح۔ ع۔ نظر پڑنے کی جگہ۔
مَطْمَع۔ ع۔ طمع رکھنے کی جگہ۔
مَطْمُورہ۔ ع۔ زمین کے نیچے وہ پوشیدہ کوٹھری وغیرہ جس مین غلہ بھرتے ہین۔ پوشیدہ مقام۔ نہانخانہ۔ تہ خانہ۔
مَطْمُوع۔ ع۔ لالچ دیا گیا۔ وہ شئے جسکی لالچ دیگئی ہو
مُطْمَئِن۔ ع۔ تسلی پانیوالا۔ خاطر جمع ہوجانے والا۔ آرام پایا ہوا۔ نچنت۔ بیفکر۔
مُطْمَئِنَّہ۔ ع۔ وہ نفس جو بے یاد الٰہی آرام نہ پائے۔
مُطْنِب۔ ع۔ طول دینے والا۔ بہت باتین کرنیوالا۔ بکواسی۔
مُطَنْجَن۔ ع۔ بھنا ہوا گوشت ماہی توے پر کا۔
مَطْو۔ ع۔ جلد جانا۔ ناز سے چلنا۔ انگڑائی لینا۔ جماع کرنا۔
مُطَوَّع۔ ع۔ اطاعت کیا گیا۔ سواحل عرب مین مولوی اور عالم کو کہتے ہین
مُطَوِّعہ۔ ع۔ وہ شخص جو اپنی [illegible]
مُطَوَّق۔ ع۔ طوق [illegible]
مُطَوَّقہ۔ ع۔ گردن [illegible] پٹے والی۔ وہ کبوتر جسکی گردن [illegible]
مِطْوَل۔ ع۔ رسی۔
مُطَوَّل۔ ع۔ دراز۔ لمبا۔ طویل۔
مطوی۔ ع۔ جاقو۔ قلمتراش۔
مَطْوِی۔ ع۔ پیچیدہ۔ لپٹا ہوا۔
مَطْوِیات۔ ع۔ لپٹی ہوئی چیزین۔
مَطْوِیات ضمیر۔ ع۔ دلی ارادے۔
مُطَهِّر۔ ع۔ پاک کرنیوالا۔ طہارت کرنیوالا۔
مُطَهَّر۔ ع۔ پاک کیا گیا۔
مَطْهَر۔ ع۔ طہارت کی جگہ۔ حمام خانہ۔
مِطْهَرہ۔ ع۔ چھاگل۔ آفتابہ۔ لوٹا وضو کرنیکا
مُطَیِّب۔ ع۔ خوشبو دینے والا۔ پاک کرنیوالا
مُطَیَّب۔ ع۔ خوشبودار کیا گیا۔ پاک کیا گیا
مَطِیر۔ ع۔ برسنے والا۔
مُصَوِّر۔ ع۔ پرندون کی تصویر کھینچنے والا
خجلت زدہ۔ شرمندہ۔
مُطِیع۔ ع۔ فرمانبردار۔ اطاعت کرنیوالا
مُطَیَّن۔ ع۔ مٹی سے لپٹا [illegible]
مَطِیَّہ۔ ع۔ سواری۔ [illegible]

مظ

مظ۔ ع۔ کسی کو ملامت کرنا کے ہلکے آنا۔
مظالم۔ ع۔ کچہری [illegible]
[illegible] مقامات [illegible]
[illegible]

مظاہر۔ ع۔ ظاہر ہونے کی جگہین۔ جاہائے ظہور۔ مظہر کی جمع۔
مظاہر۔ ع۔ مدد کرنیوالا۔ پشتی دینیوالا۔
مظاہرت۔ ع۔ مدد دینی۔ پیٹھ سے پیٹھ ملانی۔ دو کپڑے اکٹھے تلے اوپر پہننا۔ مرد کا اپنی جورو کی پیٹھ کو مان کی پیٹھ بتانا۔
مظاہرہ۔ ع۔ کسی امر کے جوش مخالفت یا موافقت کے اظہار کے لیے پبلک کا یا کسی گروہ کا سب بازارون یا سڑکون مین کسی مجمع کے ساتھ جلوس نکالنا۔
مظروف۔ ع۔ وہ شئے جو کسی برتن مین رکھی جائے
مظفر۔ ع۔ فتحیاب۔ کامیاب۔ فتحمند۔
مظل۔ ع۔ سائبان۔ چھتری۔
مظلل۔ ع۔ سایہ کرنیوالا۔ سایہ ملانیوالا۔
مظلم۔ ع۔ ظلم کرنے والا۔ تاریکی اندھیارہ وہ شخص جو اندھیرے مین سفر کرے۔
مظلم۔ ع۔ اندھیری جگہ۔
مظلمہ۔ ع۔ تاریک سیاہ۔ اندھیرا۔
مظلمۃ۔ ع۔ داد خواہی کرنا۔ ظلم کرنا۔ ظلم بے انصافی۔
مظلوم۔ ع۔ ظلم رسیدہ۔ ظلم کیا گیا۔ جس شخص پر ظلم ہو۔ مسکین۔ بے شر۔ غریب۔ بیچارہ۔
مظلہ۔ ع۔ چھتری۔ سائبان۔ بڑا خیمہ۔
مظمام۔ ع۔ بہت پیاسا مرد۔
مظمظہ۔ ع۔ لٹکی چیز کا حرکت کرنا۔ اور درختون کا لہلہانا۔
مظنون۔ ع۔ گمان کیا گیا۔
مظنہ۔ ع۔ شک کرنے کی جگہ۔ رائے شک۔ گمان۔

مظنۃ الشئی۔ ع۔ کسی چیز کو یہ گمان کرنا کہ یہ فلان شئے ہے۔
مظنۃ۔ ع۔ شہر مین پھرنا۔
مظہر۔ ع۔ ظاہر ہونے کی جگہ۔ جائے ظہور اوپر جانے کی جگہ۔
مظہر۔ ع۔ ظاہر کرنے والا۔
مظہر۔ ع۔ مدد دیا گیا۔ پشتی دیا گیا۔ قوی پشت۔

مع

م ع۔ ع۔ اے۔ ایم کی ڈگری۔
مع۔ ع۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ نزدیک۔ سب۔
مع۔ ع۔ گلا ہوا۔ پگھلا ہوا ہونا۔
مع مع۔ ع۔ بکری یا بھیڑ کی مین مین کی آواز
معا۔ ع۔ بلی کا میاؤن میاؤن کرنا۔
معا۔ ع۔ انتڑی۔ روده۔
معا۔ ع۔ فوراً۔ اسی وقت۔ ساتھ ہی۔
معاب۔ ع۔ عیب جائے عیب۔
معابد۔ ع۔ معبد کی جمع۔ عبادت کی جگہین
معابر۔ ع۔ معبر کی جمع۔ عبور کی جگہ کشتیان
معاتب۔ ع۔ عتاب کیا گیا۔ وہ شخص جس پر غصہ کیا جائے۔
معاتب۔ ع۔ غصہ کرنیوالا۔ عتاب کرنیوالا
معاتبت۔ ع۔ عتاب کرنا۔ غصہ کرنا۔
معاضرت۔ ع۔ ہرانا۔ شکست دینا۔
معاجز۔ ع۔ ہرانے والا۔ عاجز کرنیوالا۔ شکست دینے والا۔
معاد۔ ع۔ پھرنے کی جگہ۔ لوٹکر جانے کی جگہ۔ عالم آخرت۔ قیامت۔
معادات۔ ع۔ دشمنی رکھنا۔ کسی کام کو لگاتار کرنا۔
معادر۔ ع۔ برابر۔ مساوی۔
معادلت۔ ع۔ برابری کرنا۔
معادن۔ ع۔ معدن کی جمع۔ کانین جمع کان کی۔
معاذ۔ ع۔ پناہ کی جگہ۔ پناہ۔
معاذ اللہ۔ ع۔ خدا کی پناہ۔ خدا بچائے خدا پناہ دے۔
معاذیر۔ ع۔ معاذرت۔ جمع عذر۔
معارات۔ ع۔ بے زین کے گھوڑے پر سوار ہونا
معارج۔ ع۔ معراج کی جمع۔ سیڑھیان بلندیان
معارس۔ ع۔ اترنے کی جگہ۔
معارض۔ ع۔ جھگڑا اور فساد کرنیوالا۔ مخالف
معارضت۔ ع۔ کسی سے دور ہونا اور یکسو ہونا۔ پھر جانا۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔ راہ مین کسی کے برابر پیش آنا۔ کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا۔ کنارے کنارے چلنا۔ راہ مین جنازے کے ساتھ رہنا۔ عورت کا حرامی بچہ جننا۔
معارضہ۔ ع۔ جھگڑا۔ فساد۔ مقدمہ۔ مناقشہ
معارف۔ ع۔ معرفتین۔ پہچاننے کی جگہین پہچانین۔ آشنا لوگ۔ نامور لوگ۔ مشہور لوگ صاحب علم و فضل۔
معارک۔ ع۔ معرکہ کی جمع۔ جنگ کے میدان لڑائی کی جگہین۔
معارکت۔ ع۔ آپس مین جنگ کرنا۔
معارکہ۔ ع۔ لڑائی۔ جنگ۔
معاش۔ ع۔ روزی۔ خوراک۔ بسر اوقات زندگی کی گذران۔ وہ حالت کہ جس مین

Marfat.com

آدمی رہتا ہے۔ روزگار۔ محاورۂ حال
مین پنشن۔ مدد معاش۔
معاشر ۔ ع ۔ جماعتین۔ جمع معشر کی۔
مُعاشر ۔ ع ۔ ہم صحبت۔ مصاحب۔
رفیق۔ ہمنشین۔
معاشرت ۔ ع ۔ باہم ملکر زندگی بسر کرنا۔
ملجانا۔ رہنا سہنا۔
معاشرت باز گرفتن ۔ ف ۔ بائیکاٹ
کردینا۔ برادری سے خارج کردینا حقہ
پانی بند کردینا۔
مُعاصر ۔ ع ۔ ہمعصر۔ ہم زمانہ۔ ہم عہد
ایک زمانہ کے لوگ۔
معاصی ۔ ع ۔ معصیت کی جمع۔ خطائین۔
گناہ۔ قصور۔
مُعاضد ۔ ع ۔ قوتِ بازو۔ مددگار۔
یاری دینے والا۔
مُعاضدت ۔ ع ۔ مدد دینا۔ یاری کرنا۔
قوتِ بازو ہونا۔
معاطفت ۔ ع ۔ مہربانی کرنا۔ نرمی سے
پیش آنا۔
مُعاف ۔ ع ۔ بخشا ہوا۔ آزاد۔ عفو کیا گیا۔
مُعافات ۔ ع ۔ خداتعالیٰ کا کسی کو رنج
وبیماری سے نگاہ رکھنا اور عافیت دینا۔
معافی ۔ ع ۔ معاف کرنیوالا۔ مجازاً بخشش
معافیٰ ۔ ع ۔ بخشا گیا۔ معاف۔
معاقب ۔ ع ۔ سزا دینے والا۔ عذاب کرنیوالا
مُعاقبت ۔ ع ۔ عذاب کرنا۔ دُکھ دینا۔
مارنا۔ باندھنا۔
مُعاقد ۔ ع ۔ عقد کرنیوالا۔ عہد باندھنے والا۔

معاقدت ۔ ع ۔ باہم عہد و پیمان کرنا۔
نکاح کرنا۔ عقد باندھنا۔
معاقل ۔ ع ۔ سرحد۔ پناہ کی جگہ قلعے
معقل کی جمع۔
معالج ۔ ع ۔ علاج کرنیوالا۔ طبیب۔ حکیم۔
معالجہ ۔ ع ۔ علاج کرنا۔ دارو درمن
کرنا۔ علاج۔
معالطت ۔ ع ۔ قرض کی ادائیگی مین دیر کرنا
معال ۔ ع ۔ بلند۔ اونچا۔
معالات ۔ ع ۔ کسی پر چڑھائی کرنا کسی
کی موت کی خبر دینا۔ یکسو ہونا۔
معالم ۔ ع ۔ نشان۔ علامات معلم کی جمع۔
معالمت ۔ ع ۔ علم مین مقابلہ کرنا۔
معالی ۔ ع ۔ بلندیان۔ اونچائیان جمع معلیٰ
معامل ۔ ع ۔ معاملہ کرنے والا۔ خرید و
فروخت کرنے والا۔
معاملت ۔ ع ۔ باہم ملکر کوئی کام کرنا۔
معاملہ ۔ ع ۔ کام تجارت۔ عہد و پیمان۔
حالت۔ ملکر کوئی عمل کرنا۔ نیز سکہ رائج الوقت
لگان۔ محصول۔ خراج زمین۔
معاملہ پولی ۔ ف ۔ روپیے کا لین دین۔
معان ۔ ع ۔ مدد دینے کی جگہ۔ نیز
مدد۔ یاری۔
معانات ۔ ع ۔ سختی اُٹھانا۔ دُکھ سہنا۔
مصیبت برداشت کرنا۔
معاند ۔ ع ۔ دشمن۔ عدو۔ مخالف۔
عناد رکھنے والا۔
معاندت ۔ ع ۔ دشمنی کرنا۔ باہم جدا ہوجانا
کنارہ قبول کرنا۔

معانس ۔ ع ۔ [illegible]
معانق ۔ ع ۔ گلے لینے والا [illegible]
معانقہ ۔ ع ۔ باہم گلے ملنا۔ بغل گیر ہونا
معانی ۔ ع ۔ جمع ہے معنی کی۔ مطالب
مرادین۔ نام ایک علم کا جس سے یہ پہچانا جاتا
ہے کہ کلام فصیح مناسب موقع اور حالت
ہے یا نہین۔
معاود ۔ ع ۔ پھر کر آنے والا۔ لوٹنے والا
عود کرنے والا۔
معاودت ۔ ع ۔ واپس جانا۔ لوٹ آنا۔
معاورت ۔ ع ۔ کوئی چیز کسی کو عاریت دینا
معاوضت ۔ ع ۔ عوض دینا۔ بدلنا۔ مبادلہ کرنا
معاون ۔ ع ۔ مددگار۔ مدد دینے والا
آجکل اسسٹنٹ کے معنی مین مستعمل ہے۔
معاونت ۔ ع ۔ مدد کرنا۔ یاری دینا۔
معاویہ ۔ ع ۔ حضور سرور عالم صلی اللہ
علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام جن سے
حضرت علیؓ سے جنگ ہوئی تھی اور آخرکار
یہ شام کے مستقل بادشاہ ہوگئے۔
مُعاہد ۔ ع ۔ عہد و پیمان کرنیوالا۔
مُعاہدہ ۔ ع ۔ آپس مین عہد و پیمان کرنا
مَعائب ۔ ع ۔ عیب کی جمع بہت سے عیب
مَعائش ۔ ع ۔ روزیان۔ زندگی کے
معیشت کی جمع۔
مُعائنہ ۔ ع ۔ کسی شئے کو دیکھنا
دیکھنا۔ نظر ڈالنا۔
مَعابد ۔ ع ۔ عبادت گاہ
معبد۔ خیر۔

Marfat.com

[illegible] عبادت کیا گیا۔
[illegible] گھاٹ۔ پل۔ رہگزر۔
[illegible] ع۔ وہ اشیاء جنپر بیٹھکر دریا سے
[illegible] ترین مثلاً کشتی وغیرہ۔
[illegible] ع۔ خواب کی تعبیر دینے والا۔ بیان کرنیوالا
[illegible] ع۔ تعبیر دیا گیا۔ بیان کیا گیا۔
[illegible] عام۔ ع۔ شارع عام۔
[illegible] ع۔ لمبی چوڑی پیکان۔
معبود۔ ع۔ عبادت کیا گیا۔ پوجا گیا۔
خدا تعالےٰ۔
مَعت۔ ع۔ ایک چیز کو ملنا۔
مُعتاد۔ ع۔ عادت کیا گیا۔ جتنی ہر روز
عادت ہو۔ عادی۔ عادت۔ خوگیر۔
معتبر۔ ع۔ اعتبار کیا گیا۔ جسپر اعتقاد ہو۔
ٹھیک۔ معزز۔ سچا۔
معتد۔ ع۔ حد سے گزرنیوالا۔ بڑا ظالم۔
مُعتد۔ ع۔ گنا گیا۔ شمار مین لایا ہوا۔
معتدبہ۔ ع۔ معتبر۔ قابل اعتبار۔
معتدل۔ ع۔ درمیانہ۔ اوسط درجہ کا۔
مساوی۔ مناسب۔ سیدھا اور برابر راستہ۔
معتدلات۔ ع۔ اچھے اور پاک دن۔
معتدلون۔ ع۔ اعتدال پسند سیاسی گروہ
معتذر۔ ع۔ عذرخواہ۔ عذر پیش کرنیوالا۔
معتر۔ ع۔ بیقرار۔ لاچار۔ محتاج۔
معترض۔ ع۔ اعتراض کرنیوالا۔ مخالفت کرنیوالا
معترف۔ ع۔ اقرار کرنے والا۔ ماننے والا
[illegible] کرنے والا۔
[illegible] ع۔ کنارہ کرنیوالا۔ گوشہ نشین
[illegible] کنارہ کش۔ گوشہ نشینی

مجاورہ حال مین قرنطینہ خانہ۔
مُعتزلہ۔ ع۔ حق سے کنارہ کرنیوالی جماعت
ایک مشہور فرقہ ہے۔ جسکا یہ اعتقاد ہے
کہ مرتکب کبیرہ نہ بالکل کافر ہے نہ بالکل
مومن بلکہ وہ ایک منزل مین ہے درمیان
کفر و اسلام کے۔
مُعتصِر۔ ع۔ بڑھاپا۔ عمر۔ بقایا۔ جاے پناہ۔
مُعتصِم۔ ع۔ مدد کے لیے پنجہ مارنے والا
یقین کرنیوالا۔ پناہ لینے والا۔
مُعتصِم باللہ۔ ع۔ لقب ایک خلفاے
بغداد کا جو بڑا بہادر اور دلیر تھا اور مذہب
شیعی کا طرفدار تھا۔
مُعتضِد۔ ع۔ مدد چاہنے والا۔ نام ایک
خلفائے بغداد کا۔
مُعتقِد۔ ع۔ اعتقاد رکھنے والا یقین کرنیوالا۔
مُعتکِف۔ ع۔ اعتکاف کرنے والا۔
سب سے علیحدہ ہوکر مسجد مین بیٹھنے والا۔
گوشہ نشین۔
مُعتکَف۔ ع۔ خلوت کی جگہ۔ گوشہ۔
مُعتَل۔ ع۔ بیمار ہونے والا۔ وہ لفظ
جسکے حروف اصلی مین سے کوئی حرف علت ہو۔
مُعتمَد۔ ع۔ اعتماد کیا گیا۔ بھروسے کے
قابل جسپر لوگون کو بھروسہ ہو۔
مُعتمِد۔ ع۔ اعتماد کرنیوالا بھروسہ رکھنے والا۔
مُعتمِد علی اللہ۔ ع۔ لقب ایک خلفاے
عباسیہ کا۔
معتنیٰ۔ ع۔ اعتنا کیا گیا۔ اعتماد کیا گیا۔
مُعتنِی۔ ع۔ مہتم۔ معالج۔ تیماردار۔ کسی
کی تیمارداری کرنیوالا۔

معتوب۔ ع۔ عتاب کیا گیا۔ غصہ کیا گیا۔
مُعتوہ۔ ع۔ بے عقل۔ دیوانہ۔ مخبوط الحواس
جسکا دل و دماغ ٹھکانے نہ ہو۔ وہ شخص
جو کبھی عقلمندون کی سی اور کبھی دیوانون
کی سی باتین کرے۔
مُعجب۔ ع۔ تعجب مین ڈالنے والا۔ مغرور
مُتکبر۔ گھمنڈی۔
مِعجَر۔ ع۔ اوڑھنی۔ ڈوپٹیا۔ کروٹیہ۔
مُعجَّر۔ ع۔ جنگلہ۔ لوہے کا جالیدار کٹہرا۔
پتھر کی سل۔ ٹٹی۔
مُعجِز۔ ع۔ عاجز کرنیوالا۔ تھکانے والا۔
خرق عادت۔
معجزات۔ ع۔ معجزہ کی جمع وہ باتین جو
خلاف عادت ظاہر ہون۔
مُعجِزہ۔ ع۔ خارق عادت بات۔ جو دشمن
کو عاجز و لاجواب کردے۔ اور یہ لفظ نبی
ہی خرق عادت کے لیے خاص ہے۔ اگر
ولی سے کوئی ایسی بات ظاہر ہو جس مین
تمام مخلوق عاجز ہو تو اُسکو کرامات کہتے ہین
اور اگر کسی غیر متبع شرع غیرہ سے ایسی بات ظاہر
ہو تو اُسے استدراج بولتے ہین۔
مُعجَّل۔ ع۔ جلدی کیا گیا۔ بے مہلت جلدی
مُعجِّل۔ ع۔ جلدی کرنیوالا۔ سبقت لیجانیوالا۔
مُعجَم۔ ع۔ نقطہ دار حروف۔ بند دروازہ۔
نیز کتاب لغات۔ ڈکشنری۔
مُعجَّم۔ ع۔ وہ الفاظ جو خاص عرب کے ہون
لیکن عجم اُن کو اپنے کلام کی جنس سے
جانین اور بہت استعمال کرین۔
مُعجِم۔ ع۔ نادر الوجود۔ عزیز النفس شخص۔

Marfat.com

معجمہ - ع - نقطہ دار حرف۔
معجون - ع - گوندھا ہوا - قوام کی ہوئی دوا - وہ دوا جو کئی دواؤن سے مرکب ہو کر قند مین بنائی گئی ہو - اور کڑاہی -
معجونہ - ع - گوندھی ہوئی - ملائی ہوئی شئے
مُعِدّ - ع - تیار کرنے والا -
مُعَدّ - ع - تیار - آمادہ - تیار کیا گیا -
مَعَد - ع - اُچک لیجانا - جلدی سے کھینچنا ملک مین پھرنا - کسی شئے کا خراب ہو جانا -
مُعَدّہ - ع - تیار شدہ - آمادہ -
مُعَدّد - ع - شمار کیا گیا - ساز و سامان کیا گیا
مَعدِل - ع - پھرنے کی جگہ - جائے بازگشت
مُعَدّل - ع - تعدیل کرنیوالا - برابر کرنیوالا
مَعدِلات - ع - گھر کے گوشے -
مَعدِلُ النَّہار - ع - وہ دائرہ جو خط استواء کے محاذات مین آسمان پر ہے - اور جس پر آفتاب کے پہونچ جانے سے دن رات برابر ہوتے ہین -
مَعدَلت - ع - انصاف - عدل -
مُعدِم - ع - مفلس - تنگدست - مٹانیوالا - نیست کرنے والا -
مَعدِن - ع - کان - ہر شئے کا اصل مرکز وہ جگہ جہان سے کوئی دھات نکلے -
معدنچی - ف - کان کھودنیوالا -
معدنی - ع - کان سے نکلی ہوئی شئے - نیز نام ایک سرخ کپڑے کا -
مَعدُود - ع - ظلم کردہ شدہ - ستم دیدہ -
معدود - ع - گنا گیا - شمار کیا گیا مقدار قلیل - تھوڑا سا -

مَعدُول - ع - چھوڑا ہوا - خاموش جو بولا نہ جائے -
مَعدُوم - ع - نیست کیا گیا - نیست و نابود گم -
مِعدَہ - ع - اوجھ - وہ عضو جس مین کھانا ہضم ہوتا ہے -
معذار - ع - پردہ - پوشش -
مُعَذَّب - ع - عذاب کیا گیا -
مُعَذِّب - ع - عذاب کرنیوالا - سزا دینے والا
مُعَذِّبہ - ع - عذاب کرنیوالی شئے - شکنجہ وغیرہ
مُعَذِّر - ع - عذر و بہانہ کرنیوالا - بہانہ جو
مَعذِرَت - ع - بہانہ - عذر - حیلہ و حوالہ کرنا
مُعَذَّل - ع - جسکی سخاوت پر ملامت کیجائے
مَعذُور - ع - عذر کیا گیا - جسکو کسی بات مین عذر ہو -
مَعذُول - ع - ملامت کیا گیا شخص -
مِعسَر - ع - کم خیر شخص - بخیل - کنجوس - تنگدل
مُعَرّا - ع - ننگا - خالی - آزاد - وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ ہو - محاورۂ حال مین اونٹ زمین
مِعرَاج - ع - سیڑھی - سیڑھی کا ڈنڈا - زینہ - بلندی - آسمان پر چڑھنا - نیز علو مرتبہ
مِعرَاص - ع - چاند - ماہ -
مِعرَاض - ع - بے پر کا تیر - جسکے دونون سرے باریک ہون اور بیچ مین سے موٹا ہو -
مُعَرَّب - ع - وہ غیر زبان کا لفظ جسکو عربی بنا لیا ہو -
مُعَرِّب - ع - بزرگ پیدائش آدمی -
مُعرَب - ع - زبر - زیر - پیش دیا ہوا حرف - اعراب دیا ہوا - ظاہر - وہ لفظ جسکا آخر اختلاف عوامل سے بدلجائے -

مُعرِب - ع - بیان کرنیوالا دینے والا - بیہودہ بکنے والا -
مُعرِبد - ع - لڑاکا - جھگڑالو - فساد جنگجو - بدخو -
مُعَرَّت - ع - نقصان - بدی - رنج - تاوان
مِعرَج - ع - سیڑھی -
مَعرَج - ع - اوپر چڑھنے کی جگہ - بلند ہونا - چڑھنا
مُعَرَّج - ع - ایک قسم کا نفیس نقش نگاری
مُعَرَّج گردان فلک - ف - قضا و قدر نیز عقول عشرہ -
مَعرِس - ع - اُترنے کی جگہ -
مُعرِض - ع - منھ پھیرنیوالا - روگردانی کرنیوالا
مَعرِض - ع - عرض کرنے کی جگہ - ظاہر ہونے کی جگہ - محاورۂ حال مین نمائش گاہ ایگزیبیشن -
مَعرَف - ع - عورت کا چہرہ اور جو کچھ کہ اُس سے ظاہر ہو -
مُعَرَّف - ع - پہچانا گیا - تعریف کیا گیا معنی کیا گیا
مُعَرِّف - ع - تعریف کرنیوالا - پہچاننے والا حد بتلانے والا - چوبدار -
مَعرِفَت - ع - پہچان - پہچاننا - شناخت خداشناسی - معین اسم - علم - وسیلہ -
مَعرِفہ - ع - وہ نام جو کسی شئے معین بولا جائے - کوئی خاص اسم -
معرفی کردن - ف - روشناس کرانا - انٹروڈیوس کرانا -
مَعرِق - ع - پسینہ - انوال
مَعرَک - ع - معرکہ جنگ
مَعرَکہ - ع - [illegible]

Marfat.com

[illegible] ولی جیب غریب کام
[illegible] جھگڑا کرنا۔ مجمع کا اکٹھا ہونا۔
[illegible] کشتی گیر۔ نٹ وغیرہ جو
[illegible] تماشہ کرکے لوگوں کو جمع کرلیں۔
[illegible] ۔ ع۔ گھوڑے کی ننگی پیٹھ کا سوار
[illegible] ع۔ اونچی کی گئیں۔
[illegible] ع۔ پیش کیا گیا۔ عرض کیا گیا۔ عرضی
[illegible] ع۔ عرض کیا گیا۔ عرضی۔ درخواست
معروف ۔ ع۔ مشہور۔ پہچانا ہوا۔ احسان
بھلائی۔ مشروع۔ خدا کی تابعداری وہ
فعل جسکا فاعل معلوم ہو۔
معروف کرخی ۔ ع۔ ایک ولی بزرگ
کا نام جو قریب بغداد کے رہنے والے تھے۔
معز ۔ ع۔ بھیڑ بھیڑیں۔ بکری۔ بکرا۔
معزز ۔ ع۔ عزت دینے والا۔ نام خدائتعالیٰ
معزا ۔ ع۔ ماتمی سوگ والا۔
معزز ۔ ع۔ عزت دار۔ بزرگ۔ بڑا۔
معزل ۔ ع۔ کنارہ۔
معزم ۔ ع۔ منتر پڑھنے والا شخص۔
دعا خوان۔
معزم ۔ ع۔ مسحور۔ افسون زدہ شخص
[illegible] منتر چلایا گیا ہو۔
معزول ۔ ع۔ برکنار۔ برخاست۔ موقوف
[illegible] برطرف۔ بیکار۔
[illegible] ۔ ع۔ موقوفی۔ بیکاری۔ برطرفی
[illegible] ع۔ ماتم پرسی کرنے والا۔
[illegible] منسوب بہ معز جو نام خدا تعالیٰ
[illegible] کتاب مشہور ایرانی کا

معزی الیہ ۔ ع۔ منسوب الیہ نسبت کیا گیا۔
معس ۔ ع۔ دودھ۔ کسی شے کو سخت
ملنا۔ نیزہ مارنا۔ رسوا کرنا۔
معسار ۔ ع۔ کنواری لڑکی بالغ ہونیکے قریب
معسر ۔ ع۔ تنگدست۔ مفلس۔ محتاج۔ غریب
معسر ۔ ع۔ دشوار۔ مشکل۔
معسر ۔ ع۔ وہ قرضخواہ جو مقروض پر تنگی کرے
معسکر ۔ ع۔ لشکر کے اترنے کی جگہ یعنی
کیمپ۔ چھاؤنی۔
معسم ۔ ع۔ حرص کی جگہ۔
معسم ۔ ع۔ عمامے والے لوگ۔
معش ۔ ع۔ نرم نرم ہاتھوں سے ملنا۔
معشار ۔ ع۔ دسواں حصہ لینا۔
معشر ۔ ع۔ دس دس کونے والی
شکل۔
معشر ۔ ع۔ گروہ۔ دوستوں کی جماعت
رشتہ دار لوگ۔ دس دس آدمی۔
معشوش ۔ ع۔ اکٹھا کیا ہوا۔ پیوند
لگایا ہوا پیراہن۔
معشوق ۔ ع۔ وہ شخص جس پر کوئی
عاشق ہو۔ عشق کیا گیا۔ پیارا۔ خوبصورت
دوست رکھا ہوا۔
معشوقہ ۔ ع۔ پیار کی گئی عورت جسپر
کوئی مرد عاشق ہو۔
معص ۔ ع۔ ناز سے چلنا۔ اٹھلاتے
ہوئے چلنا۔ انگلیوں کا پھر جانا۔
معصر ۔ ع۔ نچوڑا ہوا۔ شراب و عرق وغیرہ
معصر ۔ ع۔ نچوڑنے کا اوزار جس سے
کپڑے وغیرہ کو باندھکر نچوڑتے ہیں۔

معصرات ۔ ع۔ نچوڑنے والیاں برسنے
کے قریب بدلیاں۔ بادل۔ ابر۔
معصرت ۔ ع۔ شراب کھینچنے کی جگہ
نچوڑنے کی جگہ۔
معصرہ ۔ ع۔ تیلی کا کولھو۔
معصرہ ۔ ع۔ نچوڑی ہوئی شئے۔
معصفر ۔ ع۔ کسنبھ کے رنگ کی رنگی ہوئی
معصوب ۔ ع۔ ابھی پیدائش والا۔
معصم ۔ ع۔ کلائی۔ پہنچا۔
معصوم ۔ ع۔ پاک۔ بے گناہ۔ ننھا بچہ۔
معصیت ۔ ع۔ گناہ۔ نافرمانی۔ بغاوت
معض ۔ ع۔ کام کا کسی پر دشوار ہونا۔
خشمناک ہونا۔
معضاد ۔ ع۔ بازو بند۔
معضل ۔ ع۔ مشکل کرنے والا مشکل
دشوار۔ بلا۔
معضلات ۔ ع۔ دشواریاں۔ مشکلات
معط ۔ ع۔ گوز مارنا۔ پاد مارنا۔ جماع کرنا
بدن کا بے بال ہونا۔
معطار ۔ ع۔ عطر۔ بہت عطر والا۔
معطاف ۔ ع۔ وزن نما ایک آلہ جسکے
ذریعہ سے ایک جسم کے مختلف اوزان
دریافت کرلیے جاتے ہیں۔
معطال ۔ ع۔ بے زیور کی عورت۔
معطر ۔ ع۔ خوشبودار۔ خوشبو کیا گیا
عطر لگا گیا۔
معطس ۔ ع۔ خاک آلودہ ناک۔ الامرد۔
معطش ۔ ع۔ پیاس لگانیوالی شئے۔
معطل ۔ ع۔ بے کار۔ معزول۔ نکما

Marfat.com

کام سے علیحدہ کیا گیا۔
معطّلہ۔ ع۔ نکمی پڑی ہوئی شے ویران
معطوف۔ ع۔ پھیرا گیا۔ لپٹا ہوا۔ عطف
کیا گیا۔ ترغیب دیا ہوا۔
معطوف الیہ۔ ع جس پر عطف کیا جائے۔
مُعطی۔ ع۔ عطا کرنیوالا۔ نام خدا تعالیٰ
مُعظّم۔ ع۔ بزرگ۔ بڑا۔ معزز۔ بزرگی دیا گیا۔
مُعظم۔ ع۔ بڑا۔
معظومہ۔ ع۔ وہ عورت جو ذکر کلان کی شادی ہو
مُعفّر۔ ع۔ خاک آلودہ کرنیوالا۔
مُعفس۔ ع۔ ہڈی کا جوڑ۔
معفو۔ ع۔ عفو کیا ہوا۔ معاف کیا گیا۔
مُعقّب۔ ع۔ پیچھے ڈالنے والا۔
مُعقّبات۔ ع۔ رات دن کے فرشتے
جو ایک گروہ دوسرے گروہ کے پیچھے آتا ہے
محافظ فرشتے۔
مُعقّد۔ ع۔ گرہ لگا ہوا۔ بہت بندھا ہوا
دقیق۔ مشکل بات۔
مَعقد۔ ع۔ بندھنے کی جگہ۔ عہد و پیمان
کرنے کی جگہ۔
معقد۔ ع۔ جادوگر۔ دھوکہ باز۔
مُعقّل۔ ع۔ وہ اونٹ جسکے بازو اور
پنڈلی کو رسی سے باندھ دیا گیا ہو۔
مُعقود۔ ع۔ گرہ لگایا گیا۔ باندھا گیا۔
مُعقوق۔ ع۔ عاق کیا ہوا۔ ماں باپ
کا نافرمان۔ سرکش۔
مَعقول۔ ع۔ ٹھیک۔ درست۔ عقل
مین لایا گیا۔ قابل۔ لائق۔ بندھا ہوا۔
مناسب۔ پسندیدہ۔

مَعک۔ ع۔ ساتھ تیرے۔
معکرونہ۔ ع۔ خمیر (لاطینی)۔
معکوس۔ ع۔ اُلٹا۔ اوندھا۔ عکس
لیا گیا۔ ناموافق آب و ہوا۔ فاسد آب و ہوا
بدقسمت۔ اُلٹی قسمت والا۔
معکوف۔ ع۔ بند کیا ہوا۔ روکا ہوا۔
مُعلّ۔ ع۔ بیمار۔ علیل۔ علت والا۔
مَعل۔ ع۔ کام مین پھرتی کرنا۔ لکڑی چیرنا
مُعلّی۔ ع۔ برتر۔ بلند۔ بڑے درجہ کا۔ عالی نسب
مَعلیٰ۔ ع۔ بلندی۔ برتری۔
مِعلاق۔ ع۔ لٹکانے کی شئے۔ لوہے کا
کانٹا۔ قصائیون کے گوشت لٹکانے کی
سلاخ۔ نیز بڑا جھگڑالو شخص۔
مَعلف۔ ع۔ گھاس چرنے کی جگہ۔
مُعلّق۔ ع۔ لٹکا ہوا۔ بیچ مین کھڑا کنوئین
کی چرخی۔ ڈول کی رسّی۔
مُعلّقات۔ ع۔ لٹکی ہوئی چیزین۔
مُعلّق زن۔ ف۔ قلابازی کھانیوالا
بازی گر۔ نٹ وغیرہ۔
مُعلّق زدن۔ ف۔ کلا کرنا۔ بازی کرنا
کبوتر اور نٹ وغیرہ کا۔
مُعلّق وار ونہ۔ ف۔ اُلٹی کلا۔ ادھر کلا۔
مُعلّقہ۔ ع۔ لٹکی ہوئی۔ بیچ ادھر کی
وہ عورت جو مطلقہ ہو اور نہ سہاگن۔
مُعلّم۔ ع۔ تعلیم دینے والا۔ علم سکھانیوالا
اُستاد۔ ملاح۔ ناخدا۔
مُعلَّم۔ ع۔ تعلیم دیا گیا۔ سکھایا گیا۔ سدھایا گیا
مَعلَم۔ ع۔ علامت۔ نشان۔
مُعلّم۔ ع۔ [illegible]

تعلیم کیا گیا۔
مُعلّم الملکوت۔ ع۔ [illegible]
مُعلّم اوّل۔ ع۔ حکیم ارسطو
علم حکمت سب سے پہلے لکھکر بنایا۔
مُعلّم ثالث۔ ع۔ بوعلی سینا۔
مُعلّم ثانی۔ ع۔ ابونصر فارابی جس نے
ارسطو کی کتابون کا عربی مین ترجمہ کیا۔
مُعلّمہ۔ ع۔ سکھانیوالی عورت۔ اُستانی۔
معلول۔ ع۔ علت کیا گیا۔ نتیجہ۔ اثر
بیمار۔ علیل۔
معلوم۔ ع۔ جانا گیا۔ ظاہر۔ مشہور۔ یقیناً
بے شبہہ۔ بے شک۔ محاورۂ حال مین
فیس۔ دماغی پیشہ ورون کی اُجرت۔
مُعمّا۔ ع۔ چھپا ہوا۔ شعر مین کلام پوشیدہ
چیستان۔ پہیلی۔ پیچیدہ بات۔ نابینا
اندھا کیا گیا۔
معمار۔ ع۔ عمارت بنانیوالا۔ راج۔ مستری
مُعمّر۔ ع۔ بوڑھا۔ بڑی عمر والا۔ آباد کیا ہوا
معمل۔ ع۔ کارخانہ۔ ل۔ لیبوریٹری۔
مُعمّم۔ ع۔ عمامہ والا۔ عمامہ بندھا ہوا
مُعمّان۔ ع۔ موسم گرما مین گرمی [illegible]
معمود۔ ع۔ وہ شخص جو کسی [illegible]
مین شکستہ دل ہو۔
معمور۔ ع۔ آباد۔ پُر۔ بھرا ہوا۔ خوش [illegible]
معمورہ۔ ع۔ بستی۔ شہر۔
معموری۔ ع۔ آباد [illegible]
مُعمول۔ ع۔ [illegible]

Marfat.com

[illegible] کا شکریہ ادا کرنا۔
[illegible] شخص کا نام جو عرب کا
[illegible] والا تھا۔
معنبر۔ ع۔ عنبر ڈالا گیا۔ خوشبودار کیا گیا
معنبر دام۔ ف۔ معشوق کے سر کے بال۔
معنبر سائبان۔ ف۔ معشوق کی بھوین
معنون۔ ع۔ عنوان کیا گیا۔ سرخی
کیا گیا۔ دیباچہ کیا گیا۔
معنوی۔ ع۔ معنی سے منسوب۔ اصلی
باطنی۔ درحقیقت۔
معنیٰ۔ ع۔ مراد۔ مطلب۔ حقیقت
باطن۔ مضمون۔
معنّی۔ ع۔ تکلیف زدہ۔
معنی بیگانہ۔ ف۔ نیا مضمون جو پہلے
کسی نے نہ باندھا ہو۔
معوّج۔ ع۔ خم۔ کج۔ ٹیڑھا۔
معوذتان۔ ع۔ قل اعوذ برب الفلق
اور قل اعوذ برب الناس یعنی قرآن کی دو آخر کی
سورتیں جو خدا کی پناہ چاہنے کیلیے پر تاثیر ہیں
معوّضت۔ ع۔ وہ شئے جو کسی دوسری
شئے کے بدلے میں دی جائے۔
معوّق۔ ع۔ بند کیا گیا۔ ٹھہرا رکھا ہوا
[illegible]۔ دشوار۔
معوّق۔ ع۔ روکنے والا۔
معول۔ ع۔ پھاوڑا۔ بیلچہ۔ کدال۔
[illegible]۔ ع۔ اعتماد کیا گیا۔ مدعا کیا گیا۔
[illegible]۔ ع۔ اعتماد و اعتبار کی جگہ۔
[illegible] مدد یا [illegible] مدد کرنا۔

معہذا۔ ع۔ باوجود اسکے۔ اس سمیت
معہود۔ ع۔ عہد کیا گیا۔ اقرار کیا گیا
ٹھہرایا گیا۔ دیکھا اور پہچانا ہوا۔
معہود خارجی۔ ع۔ وہ اسم نکرہ جو کسی
خاص وجہ سے معین پر دلالت کرے۔
معہود ذہنی۔ ع۔ وہ اسم نکرہ جو متکلم
یا مخاطب کے ذہن نشین ہو جائے۔
معیار۔ ع۔ کسوٹی۔ کانٹا تولنے کا
اندازہ۔ کورس۔ نصاب۔
معیب۔ ع۔ عیب۔ عیبناک۔
معیب۔ ع۔ عیب کا لگنے والا۔ عیب پیدا کرنے والا
معیت۔ ع۔ ہمراہی۔ ساتھی پنا۔ رفاقت۔ مدد
معید۔ ع۔ لوٹانے والا۔ دوبارہ
زندہ کرنے والا۔
معیر۔ ع۔ اُدھار دینے والا۔ عاریت دینے والا
معیر الممالک۔ ع۔ مہتمم خزانہ۔ افسر خزانہ
معیشت۔ ع۔ گذران۔ گذارہ۔ روزانہ خرچ
معیق۔ ع۔ بڑی گہری نہر۔
معیکہ۔ ع۔ ایک قسم کی میٹھی روٹی دھاوڑ شام
معیل۔ ع۔ بال بچے دار مرد۔ عیالدار۔
معین۔ ع۔ مددگار۔ مدد دینے والا۔
معیّن۔ ع۔ مقرر کیا ہوا۔ مخصوص
وہ شکل جس کے چاروں ضلع برابر
اور زاویے قائمے ہوں۔
معین۔ ع۔ جاری چشمہ۔ نتھرا۔ نظر
کیا ہوا۔ دیکھا ہوا۔
معینہ۔ ع۔ مقرر کی گئی۔
معیوب۔ ع۔ عیب دار۔ برا۔ عیبی
عیب کیا گیا۔ خراب۔ قصوروار۔

الزام کے قابل۔
معیّہ۔ ع۔ پرائیوٹ شاہی باب سامان

مغ

مغ۔ ف۔ آتش پرست۔
مغ۔ ف۔ گھراؤ۔ عمیق۔
مغ۔ ف۔ میغ کا مخفف۔ بادل۔ ابر۔
مغاب۔ ع۔ نادیدہ ہونا۔ غائب ہونا
مغابنت۔ ع۔ اچانک آ لینا۔
مغابن۔ ع۔ ران کی جڑیں۔ جڑ
مغاث۔ ع۔ ایک جنگلی درخت کی چھال
جو دوا کے کام آتی ہے۔
مغادرت۔ ع۔ بیوفائی کرنا۔ چھوڑ دینا
وفا کرنا۔ کسی چیز کو چھوڑ دینا۔
مغادلت۔ ع۔ آپس میں سبقت کرنا
ہلاک کرنا۔
مغار۔ ع۔ پہاڑ۔ غار۔
مغار۔ ع۔ بٹی ہوئی رسی۔
مغارات۔ ع۔ پے در پے کرنا۔ لڑائی
میں کسی کے ساتھ جھگڑنا۔
مغارہ۔ ع۔ گڑھا۔ کھڈ۔ غار۔ پہاڑ
کی کھوہ۔ غارت کرنے کی جگہ۔
مغازت۔ ع۔ جلدی کرنا۔ شتابی۔
مغازلت۔ ع۔ عورتوں سے بات چیت
کرنا۔ عشقبازی کرنا۔ چالیس برس کے نزدیک ہونا
ہو جانا۔ آپس میں غزل کہنا۔
مغازہ۔ ع۔ میگزین۔ بڑا اسٹور۔ گودام
مغاش۔ ع۔ سبقت کرنے والا۔ پیش
لیجانے والا۔

Marfat.com

مُغاضِب۔ ع۔ غضبناک غصّہ کا بھرا ہوا
مُغاضَبت۔ ع۔ کسی پر خفا ہونا غصہ کرنا
مَغاک۔ ف۔ گڑھا۔
مَغال۔ ع۔ ہلاک کرنا۔
مُغالات۔ ع۔ مہنگا خریدنا۔
مُغالَبت۔ ع۔ کسی پر غلبہ پانا آپس مین غلبہ ڈھونڈھنا۔
مُغالَطت۔ ع۔ غلطی مین ڈالنا۔ دھوکا دینا
مُغالِطہ۔ ع۔ بھول۔ خطا۔ دھوکا۔ فریب
مُغامَرت۔ ع۔ بے دھڑک اپنے تئین سختی اور لزوہام مین ڈالنا۔
مُغان۔ ف۔ مُغ کی جمع۔ آتش پرست لوگ نام ایک شہر کا آذربائجان مین۔
مغانم۔ ع۔ غنیمت کی جمع۔ لوٹ کے مال
مُغانہ۔ ف۔ مثل آتش پرستون کے
مُغانی۔ ع۔ مغنّی کی جمع۔ مقامات منزلین۔ لوگون کے رہنے سہنے کی جگہین
مُغایرت۔ ع۔ ناموافقت۔ غیریت۔ مخالفت۔ باہم غیر ہونا۔
مُغبَّر۔ ع۔ غبار کا بھرا ہوا۔ تیرہ رنگ گدلا
مُغبَن۔ ع۔ بغل ران کی جڑ۔
مغبوط۔ ع۔ جسپر غبطہ یعنی رشک کیا جاوے۔ محسود۔
مغبون۔ ع۔ زیان رسیدہ۔ جس کو نقصان پہونچا ہو۔
مغبون کردن۔ ف۔ سودے مین ٹھگ لینا
مغتا۔ ع۔ غضبناک غصہ کا بھرا ہوا
مغتابین۔ ع۔ دو غیبت کرنیوالے مرد
مُغتَبِط۔ ع۔ رشک کرنے والا۔ اپنی حالت کو دوسرون کی اچھی حالت کے موافق چاہنے والا۔
مُغتَذی۔ ع۔ غذا پانے والا۔
مُغتَر۔ ع۔ عاشق ہونے والا۔ فریفتہ۔
مُغتَسل۔ ع۔ غسل کی جگہ۔
مغتصب۔ ع۔ چھینا ہوا غصب کیا ہوا۔
مُغتَنَم۔ ع۔ غنیمت سمجھا گیا۔ مفت۔
مَغث۔ ع۔ کشش کرنا۔ پانی مین ڈبو دینا بیہودہ کام کرنا۔
مغج۔ ع۔ دوڑنا۔ چلنا۔
مَغد۔ ع۔ بگین۔ بڑا ڈول۔ ناز و نعمت مین پالنا۔ چونا۔
مَغدف۔ ع۔ کشتی کا چپو۔ ملاح۔
مَغَر۔ ع۔ جانا۔ دوڑنا۔ جلدی کرنا۔
مَغَرا۔ ع۔ تعجب کا بھرا ہوا۔ سرخی سے چپکا ہوا
مغرب۔ ع۔ آفتاب کے ڈوبنے کی جگہ۔
مُغرِب۔ ع۔ غریب اور نادر چیز لانے والا دور جانیوالا۔ غائب ہونے والا۔
مُغرَب۔ ع۔ دور۔ بعید۔
مُغرِبہ۔ ع۔ دوسرے شہر کی خبر۔
مَغربی۔ ف۔ سونے کا سکہ۔ اشرفی مغرب کا وقت۔
مَغرِس۔ ع۔ درخت لگانیکی جگہ۔ تھالہ۔ گما
مُغرِض۔ ع۔ خود غرض۔
مُغرِف۔ ع۔ چلو سے پانی پینے والا۔
مِغرف۔ ع۔ تیز رو سوار۔
مِغرفہ۔ ع۔ ڈوئی۔ کفگیر۔ چمچہ۔
مُغرَق۔ ع۔ چمکدار چاندی سے سنواری ہوئی چیز۔ غرق کیا ہوا۔
مُغرَم۔ ع۔ قرض لیا گرفتار قرض۔ مشتاق۔ دلدادہ
مغرور۔ ع۔ متکبر۔ غرور کا بھرا ہوا
مغروست۔ ع۔ آمیزش۔ اختلاط۔
مغروق۔ ع۔ ڈوبا ہوا۔ غرق کیا گیا
مغرہ۔ ع۔ گیروٹی۔
مُغری۔ ع۔ چکنے والی۔ سدا رشتے مجازا کسی کو لڑائی پر ابھارنے والا۔
مُغرَی۔ ع۔ شیفتہ۔ عاشق۔ اشتیاق بھرا ہوا
مَغز۔ ف۔ گودا۔ بھیجا۔ دماغ۔
مغز پالودہ۔ ف۔ ضعیف مغز۔
مغز تر کردن۔ ف۔ بات چیت کرنا۔
مغز در سر کردن۔ ف۔ خاموش رہنا۔
مغز سخن سوختن۔ ف۔ غصہ کی حالت مین بے تکی باتین منھ سے نکالنا۔
مَغزَل۔ ع۔ تکلہ۔
مَغزہ۔ ع۔ وردی کی مغزی۔ جوہر محکمہ کی علیحدہ علیحدہ ہوتی ہے۔
مَغزی۔ ف۔ گوٹ۔ کنارہ۔
مَغزَی الکلام۔ ع۔ کلام کی مراد و مطلب
مُغَس۔ ع۔ نیزہ مارنا۔
مُغسِل۔ ع۔ غسل دینے والا۔ حمامی۔
مُغسَل۔ ع۔ غسل دیا گیا۔ نہلایا گیا۔
مَغسَل۔ ع۔ مُردہ کے نہلانے کا غسل خانہ۔
مغسول۔ ع۔ دھویا گیا۔ نہلایا گیا۔ کلام صاف
مغشوش۔ ع۔ کدر

Marfat.com

[illegible]

[illegible] ع۔ اندھیری رات۔

[illegible] ع۔ غضب میں لانے والا

[illegible] والا۔ نیز غصہ والا۔

[illegible] ع۔ غضب غصہ۔

[illegible] ع۔ غضب کیا گیا۔ وہ شخص

[illegible] کیا گیا ہو۔ نیز غصہ کا بھرا ہوا شخص

مغتط ع۔ تیر انداز کا کمان کو زور سے کھینچنے والا۔

مغتطس ع۔ نہانے کا کٹرہ۔ ٹب۔

مغفر ع۔ لوہے کی ٹوپی۔ خود۔ ہر شئے

ڈھانپنے کا آلہ۔

مغفرت ع۔ بخشش۔ معافی۔

مغفل ع۔ احمق۔ بیوقوف۔ جسے کسی

[illegible] کی خبر نہ ہو۔ ہونق۔ پاجی۔

مغفور ع۔ بخشا گیا۔ معاف کیا ہوا۔ مرحوم

مغل ت۔ تاتاریوں کی ایک اعلیٰ قوم کا

نام ہے۔ سادہ دل۔ عمدہ۔ کبھی شریر

[illegible] بھی بولا جاتا ہے۔

مغلی ع۔ حاملہ عورت کا بچہ کو دودھ پلانا

[illegible] ع۔ جھوٹ گڑھنا۔ برا کہنا۔

[illegible] ع۔ خیانت کرنیوالا۔

[illegible] ع۔ بہت غلطیاں کرنیوالا۔

[illegible] نالا۔ نیز دروازے کی کنڈی

[illegible] ع۔ لڑکی عورت

مغنی ع۔ گانیوالا۔ مطرب۔ ڈوم۔

مغنیہ ع۔ ڈومنی۔ گانیوالی عورت۔

مغوار ع۔ بڑا غارتگر۔

مغوی ع۔ بہکانیوالا۔ اغوا کرنے والا۔

مغیب ع۔ غائب۔ پوشیدہ۔

مغیث ع۔ فریاد کو پہنچنے والا۔

مغیر ع۔ لوٹنے والا۔ غارت کرنے والا۔

جلدی کرنے والا۔

مغیر ع۔ بدلنے والا۔

مغیر ع۔ تغیر پایا ہوا۔ بدلا ہوا۔ تبدیل کیا ہوا

مغیط ع۔ ربڑ۔

مغیوثہ ع۔ باران رسیدہ زمین۔

مغیلان ع۔ ببول کا درخت۔ کیکر۔

مف

مف ف۔ ناک کا رینٹھ۔

مفا ع۔ غلام۔

مفاتح } ع۔ مفتاح کی جمع کنجیاں۔
مفاتیح }

مفاتحت ع۔ جماع کرنا۔ تقاضہ کرنا۔

مفاتلہ ع۔ سامنے اور روبرو ہو کر

جنگ کرنا۔ بیعانہ دینا۔

مفاجا ع۔ مفاجات کا مخفف۔ اچانک

یکایک۔ نامعلوم۔

مفاجات ع۔ یکایک ہونا۔ کسی پر کوئی

مصیبت دفعۃً آپڑنا۔ کسی کا اچانک آ کر

اور گرفتار کر لینا۔ ناگاہ۔ یکایک۔

مفاخر ع۔ فخر کرنیوالا۔ گھمنڈی۔

مفاخرت ع۔ فخر کرنا۔ فخر میں کسی کی برابری

کرنا۔ اپنی بزرگی دوسروں کو جتانا۔ غرور

Marfat.com

اور گھمنڈ کرنا۔

مفاد ۔ ع ۔ فائدہ ۔ نفع ۔ بہبود۔

مِفاد ۔ ع ۔ گوشت بھوننے کی لکڑی یا لوہے کی سیخ۔

مفادات ۔ ع ۔ جان خریدنا ۔ جان چھڑانے کے عوض مین کسی کو کچھ دینا۔

مفارزت ۔ ع ۔ دو شریک دارون کا ایک دوسرے سے جدا ہونا۔

مفارش ۔ ع ۔ فرش فروش بچھانیکی چیزین۔

مُفارِصت ۔ ع ۔ آپس مین پانی کے لیے ایک ایک نوبت یا ایک ایک دن بانٹ لینا۔

مَفارِق ۔ ع ۔ مفرق کی جمع ۔ سرون کی چوٹیان ۔ سرون کے بالون کی مانگ۔

مفارق ۔ ع ۔ آپس مین فرق کرنیوالا۔

مفارقت ۔ ع ۔ جدائی کرنا ۔ باہم جدا ہونا جدائی ۔ علیحدگی۔

مفّارہ ۔ ع ۔ چوہے کا بل۔

مفاز ۔ ع ۔ پہونچنے کی جگہ ۔ پہونچنا ۔ کامیابی پانا۔

مفازہ ۔ ع ۔ رہائی پانے کی جگہ ۔ فتح پانے کا مقام ۔ کامیابی کی جگہ ۔ مجازاً بیابان ۔ میدان جائے پناہ و نیز جائے ہلاک و مرگ۔

مفاسد ۔ ع ۔ برائیان ۔ خرابیان ۔ فساد کی جمع

مفاصل ۔ ع ۔ مفصل کی جمع ۔ بدن کے جوڑ۔

مفاصلہ ۔ ع ۔ آپس مین ایک دوسرے سے بڑھنا ۔ جدا ہونا ۔ باہمی فرق۔

مُفاقہ ۔ ع ۔ ایسٹر کی عید مین عیسائی بچون کا انڈون سے کھیلنا۔

مُفاوِز ۔ ع ۔ مفاز کی جمع ۔ دیکھو مفاز۔

مُفاوِضت ۔ ع ۔ آپس مین راز اور بھید کی باتین کہنا ۔ مشورہ کرنا ۔ آہستہ اور نرمی سے بات چیت کرنا۔

مفاوضت ۔ ع ۔ ہر ایک شے مین برابر کی شرکت ۔ کلام یا کسی کام مین ایک دوسرے کی برابری کرنا۔

مُفاوضہ ۔ ع ۔ سپرد کرنا ۔ سونپنا ۔ خط چٹھی ۔ لیٹر ۔ مجازاً اجماع۔

مُفاوضات ۔ ع ۔ بڑون کے خطوط چھوٹون کے نام۔

مُفاہات ۔ ع ۔ ناز و غرور کرنا ۔ کسی کے ساتھ ہم سخن ہونا۔

مُفت ۔ ع ۔ بے قیمت ۔ بے محنت ۔ رائگان ۔ ضائع۔

مُفت چنگ ۔ ف ۔ یعنی یہ تجھ کو مُفت رہا ۔ تم لے لو۔

مِفتاح ۔ ع ۔ چابی ۔ کنجی ۔ کلید نیز بزرگون کے بازو یا دُم کی کلیان۔

مفتتن ۔ ع ۔ فریفتہ ہونیوالا ۔ عاشق۔ افتتان مصدر۔

مُفتتن ۔ ع ۔ فتنہ مین ڈالا ہوا ۔ فساد اُٹھایا گیا۔

مَفتح ۔ ع ۔ خزانہ ۔ کھولنے اور فتح کی جگہ۔

مِفتح ۔ ع ۔ چابی ۔ کنجی ۔ کلید۔

مُفتَحہ ۔ ع ۔ کھولی گئی۔

مُفتَخر ۔ ع ۔ بزرگ ۔ عالی رتبہ ۔ فخر کیا گیا جسکی ذات پر اُس کی قوم والے فخر کرین۔

مُفتَخِر ۔ ع ۔ فخر کرنے والا ۔ ڈینگ مارنیوالا ۔ شیخی بگھارنیوالا۔

مُفترضات ۔ ع ۔ فرض اور واجب کی ہوئی چیزین۔

مُفتَرِع ۔ ع ۔ [illegible]

مُفتَرِق ۔ ع ۔ [illegible] ایک دوسرے سے [illegible] علیحدہ ۔ جدا ۔ الگ۔

مُفتَرِی ۔ ع ۔ جھوٹ باندھنے والا ۔ بہتان لگانیوالا ۔ جھوٹا ۔ فریبی ۔ گستاخ ۔ مکار ۔ فتنہ پرداز۔

مُفتّش ۔ ع ۔ تفتیش کرنے والا ۔ [illegible] والا ۔ محاورۂ حال مین انسپکٹر ۔ ممتحن ۔ اکونٹنٹ ۔ صدر محاسب۔

مفتضح ۔ ع ۔ رسوا ۔ بدنام ۔ فضیحت کیا ہوا۔

مفتعلہ ۔ ع ۔ دل سے گڑھی ہوئی بات ۔ بناوٹی بات۔

مُفتَقِد ۔ ع ۔ کھویا ہوا ۔ گم کیا ہوا ۔ مفقود ۔ بازپرس کیا گیا۔

مُفتَقِر ۔ ع ۔ فقیر ۔ محتاج ۔ حاجتمند ۔ گدا۔

مُفتَل ۔ ع ۔ بٹی ہوئی شئے ۔ ڈوریا رسی وغیرہ۔

مفتنین ۔ ع ۔ مفتن کی جمع ۔ فسادی لوگ ۔ فساد اُٹھانے والے۔

مفتوح ۔ ع ۔ فتح کیا گیا ۔ کھولا گیا ۔ نیز وہ حرف جسپر فتحہ یعنی زبر ہو۔

مفتول ۔ ع ۔ بٹا ہوا ۔ بلدار [illegible] ریشم یا سوت یا کلابتون کا بٹا [illegible]

مفتون ۔ ع ۔ جانچا گیا ۔ بھلا [illegible] فتنہ مین ڈالا ہوا ۔ مجازاً ۔ عاشق ۔ مبتلا ۔ دیوانہ۔

مُفتی ۔ ع ۔ فتوے [illegible] حکم بتانے والا [illegible]

[illegible] بہت سویرے فجر کے وقت آنیوالا۔
[illegible] ع۔ وہ ہموار زمین جس مین نالہ
[illegible] ہو۔ پانی برسنے کی جگہ۔
[illegible] ع۔ فخر کرنا۔ نیز فخر و ناز۔
[illegible] ع۔ فخر کیا گیا۔ بڑا بزرگ بڑا عالی نسب
[illegible] کے قابل شخص۔
[illegible] ع۔ بہت عزت کیا گیا۔ بہت بڑا بزرگ
مفر۔ ع۔ بھاگنے کی جگہ۔ بھاگنے کی راہ
جائے پناہ۔ نیز بھاگنا۔
مفر۔ ع۔ جائے فرار۔ مقام گریز۔
مفر۔ ع۔ بھاگنے کا آلہ۔ تیز رو گھوڑا۔
مفر۔ ع۔ بھگوڑا۔ بھاگنے والا۔
مفراح۔ ع۔ بہت شادان و خوش۔ بڑی
خوشی کرنے والا۔
مفرج۔ ع۔ بچہ دار مرغی۔
مفرج۔ ع۔ شانہ۔ کنگھی۔ کنگھا۔
مفرج۔ ع۔ غم و الم کا دفع کرنے والا
کشادگی بخشنے والا۔
مفرح۔ ع۔ تفریح بخش۔ خوشی بخشنے والا
جی کو فرحت دینے والا۔
مفرح۔ ع۔ خوشی کی جگہ۔ فرحت کا مقام
مفرد۔ ع۔ واحد۔ تنہا۔ اکیلا۔ جو مرکب
نہ ہو۔ نیز سادہ۔ مطیع۔ فرمانبردار۔
مفرد۔ ع۔ فقیہ۔ کنارہ اختیار کرنیوالا۔
مفردات۔ ع۔ حروف تہجی۔ الگ الگ
[illegible] ایک سے دس تک کی گنتی۔
[illegible] ف۔ شہسوار۔
[illegible] کیا۔
[illegible]

مفرز۔ ع۔ علیحدہ ہونیوالا۔
مفرزہ۔ ع۔ علیحدہ کیا ہوا۔ محاورہ حال
مین دستۂ فوج۔
مفرس۔ ع۔ وہ غیر زبان کا لفظ جسکو
فارسی بنا لیا گیا ہو۔
مفرش۔ ع۔ بچھونا۔ بستر۔ کپڑے وغیرہ
رکھنے کا صندوق۔ جامۂ خواب۔ رات کو
پہن کر سونے کے کپڑے۔
مفرط۔ ع۔ بافراط۔ کثرت سے۔ حد
سے گزرنے والا۔
مفرط۔ ع۔ افراط کیا گیا۔ سرکشی
مین ڈالا گیا۔
مفرغ۔ ع۔ پانی گرنے کا مقام۔
فراغت کی جگہ۔
مفرغہ۔ ع۔ وہ جگہ جہان پانی گرایا جاوے
مفرق۔ ع۔ پراگندہ کرنے والا۔
مفرق۔ ع۔ بکھرا ہوا۔ پریشان۔ پراگندہ
مفرق۔ ع۔ سر کے بالون کی مانگ
دوراہہ کا سرا۔
مفرک۔ ع۔ پیچش۔
مفرور۔ ع۔ بھاگا ہوا۔ فراری۔
مفروز۔ ع۔ جدا کیا گیا۔
مفروز کردن۔ ف۔ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا
مفروش۔ ع۔ بچھایا گیا۔ وہ چیز جو
بچھانے کے کام آئے۔
مفروشات۔ ع۔ فرنیچر۔ فرش فروش۔
مفروض۔ ع۔ فرض کیا ہوا۔ مقرر کیا ہوا
منظور کیا ہوا۔
مفروضات۔ ع۔ وہ امور جنکی کچھ اصل

نہ ہو۔ فرضی نام وغیرہ۔
مفروغ۔ ع۔ گرایا ہوا۔ فراغت پایا ہوا۔
مفروق۔ ع۔ تفریق کیا ہوا۔ فرق کیا گیا
وہ عدد جسکو گھٹا دیا جائے۔
مفزع۔ ع۔ فریادگاہ۔ پناہ لینے کی جگہ
مفسا۔ ع۔ کون۔ مقعد۔
مفسد۔ ع۔ فسادی۔ جھگڑالو۔ دنگی۔ بگاڑنیوالا
مفسدہ۔ ع۔ بلوہ۔ دنگا۔ بدی۔ خرابی۔
لڑائی۔ جھگڑا۔
مفسر۔ ع۔ تفسیر کرنے والا۔ کھول کر
بیان کرنے والا۔ شارح۔
مفسوخ۔ ع۔ توڑا گیا۔ بگاڑا گیا۔ فسخ کیا گیا
مفسول۔ ع۔ فرومایہ۔ بے مروت شخص
مفشلہ۔ ع۔ سنگ [illegible] پتھری۔
مفشوش۔ ع۔ وہ شخص جسکی عقل
سست ہو۔ جھوٹا۔ بیہودہ۔
مفصد۔ ع۔ مقام فصد۔ خون نکالنے
کی جگہ۔
مفصد۔ ع۔ آلہ فصد۔ نشتر۔
مفصل۔ ع۔ تفصیل دار۔ جو کھول کر
بیان کیا گیا ہو۔ ظاہر۔ صاف صاف۔ مشرح۔
مفصل۔ ع۔ بدن کا جوڑ۔
مفصل۔ ع۔ زبان۔ جیب۔
مفضی۔ ع۔ پائخانہ۔
مفضات۔ ع۔ وہ عورت جس کی
قبل اور دبر دونون ایک ہوگئی ہون۔
مفضال۔ ع۔ بڑا فضل اور احسان
کرنے والا۔ بڑا بخشش والا۔
مفضح۔ ع۔ فضیحت کرنیوالا۔ بدنام کرنیوالا

Marfat.com

مفضّل - ع - فضیلت دیا گیا - بزرگی دیا گیا بہت فضل و احسان والا مرد -

مُفَضِّل - ع - اضافہ دینے والا - زیادتی اور برتری دینے والا -

مُفضِل - ع - نیکی و احسان کرنے والا - افزون کرنیوالا -

مفضول - ع - فضیلت اور بزرگی دیا گیا بڑھایا گیا -

مُفضِی - ع - پہونچانیوالا - عورت سے مباشرت کرنے والا -

مُفطِر - ع - افطار کرنیوالا - روزہ کھولنے والا

مُفَطِّن - ع - سمجھانیوالا - فہمائش کرنیوالا

مفطُور - ع - پیدا کیا گیا - چیرا گیا - نکالا گیا -

مفعُول - ع - کیا گیا - جس پر فاعل کا فعل صادق آئے -

مفعول بہ - ع - جس پر فاعل کا فعل واقع ہو -

مفعول فیہ - ع - وہ زمانہ اور وہ مقام جس مین اور جہان فاعل کوئی کام کرے -

مفعول لہٗ - ع - فاعل کے کام کرنیکا سبب

مفعول مُطلق - ع - حاصل مصدر وہ فعل جو کسی فعل کے ساتھ بطور مفعول کے ذکر کیا جائے -

مفعول منہ - ع - وہ اوزار جس سے فاعل اپنا کام پورا کرے -

مُفقِر - ع - مفلسی اور محتاجی لانیوالا فقیر کرنے والا -

مفقود - ع - گم - کھویا گیا -

مفقود الخبر - ع - گم شدہ جسکی خبر نہ ملے -

مفقود العقل - ع - شخص جسکی عقل کھو گئی ہو - گم کردہ عقل -

مُفکِّر - ع - فکر کرنے والا - متردد -

مفکوک - ع - فک رہن کیا گیا - چھڑایا گیا - جدا کیا گیا -

مِفلاق - ع - کم مایہ - کمینہ - ناقص -

مفلاک - ع - خالی ہاتھ - پریشان فقیر مفلس

مُفلِح - ع - فلاحت کو پہونچا ہوا - داد کو پہونچنے والا - چھٹکارا پانیوالا -

مفلس - ع - غریب - نادار - محتاج جسکے پاس پیسہ نہ ہو - محاورۂ حال مین کنوارا بن بیاہا - مجرد مرد -

مُفلفَل - ع - نقش نگار والا کپڑا بہت گھونگھر والے بال -

مَفلُوج - ع - فالج کی بیماری والا فالج کا مارا ہوا -

مفلوک - ع - فلک زدہ - تباہ حال مفلس - قلاش -

مِفواد - ع - بہت فائدہ دینے والا نفع کا کام -

مُفوَّض - ع - سپرد کیا ہوا - سونپا ہوا -

مُفوِّض - ع - سپرد کرنیوالا -

مُفوَّضہ - ع - وہ شئ جو سونپی گئی ہو -

مُفوَّف - ع - وہ مہین چادر جس مین سفید خط ہون -

مُفوِّف - ع - نقش کھینچنے والا - خط کرنیوالا - آرائش دینے والا -

مُفوَّہ - ع - بولنے والا - [illegible]

مفہوم - ع - [illegible]

مفیض - ع - [illegible]

مفیق - ع - [illegible]

عجیب و غریب باتین بیان کرنیوالا

مق

مقابح - ع - برائیان - خرابیان

مقابحت - ع - آپس مین گالی گلوچ کرنا

مقابر - ع - مقبرے - قبرین - قبرستان

مقابل - ع - سامنے والا - برابر - رقیب مخالف - فارسی محاورہ مین گنا جیسے سہ مقابل چند

مقابلہ - ع - برابری کرنا - آمنا سامنا مخالفت - علم جغرافیہ کی اصطلاح مین زمین کا سورج اور چاند کے درمیان ایک سیدھ مین ہونا - دو کتابون کا آپسمین صحیح و درست کرنا یا نقل کو منقول الیہ سے درست کرنا -

مقابہ - ع - سنگاردان جس مین [illegible] کا سامان رکھین -

مقابیح - ع - برائیان - خرابیان

مقاتل - ع - جنگ کیا گیا قتل

مقاتِل - ع - [illegible]

مقاتلہ - ع - [illegible] کرنا - [illegible]

مقاذیف - ع - [illegible]

مقارعت ع۔ قرعہ اندازی۔ شمشیر بازی۔
مقارن ع۔ نزدیک ہونیوالا۔ نزدیک
رسان۔ آشنا۔
مقارنت ع۔ آپس مین نزدیک ہونا۔ نزدیک
کرنا۔ دو ستارون کا ایک برج مین جمع
ہونا۔ علم جغرافیہ مین چاند و سورج کا زمین
کی ایک سمت خط مستقیم مین ہونا۔
مقاریض ع۔ قینچیان۔ مقراض کی جمع۔
مقاسات ع۔ رنج والم کھینچنا۔ تکلیف
و مصیبت اُٹھانا۔ دُکھ سہنا۔
مقاسمت ع۔ آپس مین تقسیم کرنا۔ کسی
کے لیے قسم کھانا۔ کسی کو قسم دینا۔ کسی کو
کوئی شئے دے ڈالنا۔
مقاصات ع۔ کسی سے دور ہونا۔
مقاصد ع۔ مقصد کی جمع۔ مطالب۔
مدعا۔ کوشش۔ خواہش۔ ارادہ۔
مقاصیر ع۔ بڑے بڑے پکے محل۔
مقاصیر الطبق ع۔ طبق کے کنارے۔
مقاطر ع۔ ٹپکانیوالا پانی وغیرہ کا۔
مقاطع ع۔ کاٹنے والا۔ کسی شئے کو
اجارہ پر لینے دینے والا۔
مقاطع ع۔ تمام ہونے کی جگہ۔
مقاطعت ع۔ کسی سے کٹ جانا۔ کاٹنا
الگ ہونا۔ جُدا ہوجانا۔
مقاطعہ ع۔ علیحدہ علیحدہ کرنا۔ محاورہ
مین صوبہ کیونکہ وہ ہر ملک سے علیحدہ
کیا جاتا ہے۔
مقاطعہ ع۔ بائکاٹ یعنی کسی قوم
سے [illegible] کرنا۔

مقاطیع ع۔ مقطع کی جمع۔ قطع کرنے
اور کاٹنے کے مقامات۔ قصیدون یا
غزلون کے آخری شعر۔
مقاعد ع۔ نشستگاہین مقعد کی جمع۔
مقاعد ع۔ حافظ و نگہبان۔
مقال ع۔ گفتگو۔ بات چیت۔ کہانی جملہ
مقال مقیل ع۔ دوپہر کو سونا۔
مقالہ ع۔ کہی ہوئی بات۔ کلام۔ کتاب
کتاب کا حصہ۔ محاورہ حال مین اخبار کا آرٹیکل
مقالات ع۔ مقالہ کی جمع۔ کتابین
کتاب کے حصے۔
مقالید ع۔ کنجیان۔ جمع مقلید کی۔
مقام ع۔ ٹھہرنے اور کھڑے ہونیکی جگہ
اسٹیشن۔ گھر مسکن۔ اصطلاح موسیقی مین پردہ [illegible]
مقام ع۔ ٹھہرنا۔ قیام۔
مقامہ ع۔ کھڑا ہونا۔ رہنا۔ اہل جلسہ
کی صحبتون کا رنگ۔ بات چیت کرنے کا
جلسہ۔ وہ کتاب جس مین اہل کمال کی
صحبت کے لطائف و ظرائف و حکایات
درج ہون۔
مقامات ع۔ مقامہ کی جمع۔ قیام کی
جگہین۔ نیز مراتب و قواعد و حکایات۔
مقامر ع۔ جوا باز۔ قمار باز۔ جواری۔
مقامرت ع۔ جوا کھیلنا۔ قمار بازی۔
مقامع ع۔ موگریان۔ گرزین۔ مقمعہ کی
کی جمع جسکے معنی۔ ہتوڑی۔ موگری۔ گرز ہین
مقام محمود ع۔ وہ مقام جہان حضور
سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج
پہونچے تھے۔ نیز مقام ستودہ۔ درجۂ اعلیٰ نکان

مقاولت ع۔ باہم گفتگو کرنا۔ بات چیت
کرنا۔ محاورۂ حال مین معاہدہ ٹھیکہ۔
مقاوم ع۔ وہ شخص جو برابری کرے
نِدِ مقابل۔
مقاومت ع۔ برابری کرنا۔ مقابلہ
کرنا۔ مخالفت کرنا۔
مقاہیر ع۔ وہ لوگ جن پر قہر و غضب
کیا گیا ہو۔ مقہور۔
مقایست ع۔ قیاس کرنا۔ فکر و تدبیر
مقایضت ع۔ [illegible]
مقبب ع۔ قبہ دار چھت [illegible]
مقبرہ ع۔ قبر کی جگہ۔ گورستان [illegible]
مقبض ع۔ وہ رسی جو گھوڑے [illegible]
گھوڑون کے آگے [illegible]
وہ دوڑنے کے لیے تیار سیدھے اور برابر
کھڑے ہون۔ نیز وہ رسی جس سے چوپایہ
کے ہاتھ پانون [illegible] کے وقت
باندھ دیتے ہین تاکہ وہ اچھلے کودے
نہین۔ نیز راہین۔ راستے۔
مقبض ع۔ قبضہ۔ تلوار وغیرہ کے
پکڑنے کا مقام۔
مقبل ع۔ قبول کیا گیا منہ چڑھا
ہوا۔ روبرو کیا گیا۔ وہ شریف عزت دار
جس کی بات حاکم قبول کرلے۔
مقبل ع۔ اقبالمند۔ دولتمند۔
سامنے آنیوالا۔ خدا کے احکام قبول کرنیوالا
کسی شئے کی جانب منہ کرنے والا۔
مقبل ع۔ چوما گیا۔
مقبوح ع۔ بڑا قبیح۔ قباحت کیا گیا۔

رشت۔ بد۔ نیکی سے دور رکھا گیا۔
مقبوض۔ ع۔ قبضہ مین کیا گیا۔ تحت مین لایا گیا۔ پکڑا گیا۔
مقبوضہ۔ ع۔ قبضہ مین کی ہوئی شئے۔ پکڑا ہوا۔ فتح کیا ہوا۔ پایا ہوا۔
مقبول۔ ع۔ قبول کیا ہوا۔ پسندیدہ۔ منظور۔ مانا ہوا۔
مقت۔ ع۔ دشمنی۔ عداوت۔ بیحیائی۔ غصہ کا کام۔
مقاتہ۔ ع۔ کسی کو اپنا دشمن بنانا۔ باپ کی جورو سے نکاح کرنا۔
مقتبس۔ ع۔ نور حاصل کرنے والا۔ روشنی کھینچنے والا۔ فائدہ لینے والا۔ اقتباس کرنے والا۔
مقتحم۔ ع۔ بیچ مین آنے والا۔ دھنسنے والا۔ مختار پیشہ۔
مقتدا۔ ع۔ پیروی کیا گیا۔ امام جسکی لوگ پیروی کرین۔ پیشوا۔ دینی حاکم۔
مقتدر۔ ع۔ با اقتدار۔ قدرت والا۔ طاقت ور۔ زور آور۔
مقتدر باللہ۔ ع۔ لقب ایک خلفائے عباسی کا جس کے عہد مین ابو الحسن منصور سولی پر چڑھائے گئے۔
مقتدی۔ ع۔ پیرو۔ پیروی کرنے والا۔
مقتدی بامر اللہ۔ ع۔ یہ بھی خلفائے عباسیہ مین سے ایک کا لقب تھا۔
مقتر۔ ع۔ تنگی مین بسر کرنیوالا۔ مفلس۔ فقیر۔ درویش۔ محتاج۔ کنگال۔
مقترف۔ ع۔ کمانے والا۔ روزی پیدا کرنے والا۔
مقترنین۔ ع۔ آپس مین برابر باندھنے والے۔ ملنے والے۔
مقتسم۔ ع۔ تقسیم کرنیوالا۔ بانٹنے والا۔
مقتصد۔ ع۔ درمیانہ چال چلنے والا۔ اپنی حد و حیثیت کو نگاہ رکھنے والا۔
مقتصر۔ ع۔ تھوڑی مقدار پر صبر کرنیوالا۔ مختصر کرنے والا۔
مقتضی۔ ع۔ چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا۔ اقتضا کیا گیا۔ مطلب۔ مناسب حال۔
مقتضی۔ ع۔ تقاضا کرنے والا۔ چاہنے والا۔ طلب کرنے والا۔ جبر کرنے والا۔
مقتطف۔ ع۔ کاٹا گیا۔ دوسری چیز سے نکالا گیا۔ جسے ایک کام کی تکلیف دیجائے اور وہ اُسکو ٹھیک طور سے نکر سکے۔ نام ایک بحر کا۔ جو بحر منسرح سے نکالی اور کاٹی گئی ہے۔
مقتفی۔ ع۔ پیچھے سے آنیوالا۔ پیرو۔
مقتفی لامر اللہ۔ ع۔ لقب ایک خلیفۂ عباسی کا۔
مقتل۔ ع۔ کشتن گاہ۔ قتل کرنے کی جگہ۔ موت کی جگہ۔ وہ عضو جہان زخم لگنے سے انسان زندہ نہ رہ سکے۔
مقتل۔ ع۔ آزمودہ کار۔ تجربہ کار۔
مقتنص۔ ع۔ شکار کرنے والا۔ کوئی پیشہ کرنیوالا۔ قید کرنیوالا۔
مقتنی۔ ع۔ سرمایہ والا۔ صاحب جائداد۔
مقتنیات۔ ع۔ ساز و سامان دنیا۔ جمع کی ہوئی چیزین۔ سرمایۂ زندگی۔
مقتول۔ ع۔ قتل کیا گیا۔ کشتہ۔
مقتولان۔ ع۔ صیغۂ تثنیہ۔ دو قتل کیے گئے۔
مقتولون۔ ع۔ سب قتل کیے گئے۔
مقتولۃ۔ ع۔ ایک عورت قتل کی گئی۔
مقتولتان۔ ع۔ دو قتل شدہ عورتین۔
مقتولات۔ ع۔ سب قتل کی گئین عورتین۔
مقد۔ ع۔ برابر اور ہموار مقام۔
مقدار۔ ع۔ اندازہ۔ شمار۔ وزن۔ پیمانہ۔
مقدام۔ ع۔ بڑا بہادر۔ میدان جنگ مین سب سے آگے بڑھکر دشمن سے لڑنیوالا۔
مقدح۔ ع۔ چقماق کا لوہا جس سے آگ جھاڑتے ہین۔
مقدر۔ ع۔ مقرر کیا گیا۔ اندازہ کیا گیا۔ تقدیر۔ قسمت۔ نصیب۔ مخدوف۔
مقدر۔ ع۔ اندازہ کرنیوالا۔ تقدیر کرنیوالا۔
مقدرت۔ ع۔ قدرت۔ توانائی۔ مقدور۔
مقدس۔ ع۔ پاک کیا گیا۔ پاک مرد یا شئے۔
مقدسہ۔ ع۔ پاک عورت۔ پاک شئے۔
مقدس قبر۔ ف۔ وہ قبر جسمین حضرت عیسیٰ کو صلیب دینے کے از روے اعتقاد نصاریٰ رکھا گیا۔
مقدعہ۔ ع۔ چوبدستی۔ لاٹھی۔
مقدم۔ ع۔ سفر وغیرہ سے آنا۔ قدم رکھنے کا مقام۔ کسی بزرگ کے آنے کا وقت۔
مقدم۔ ع۔ پہلا۔ اگلا۔ چودھری۔ آگے بڑھا ہوا۔ پیشی کیا گیا۔ اصطلاح منطق مین قضیۂ شرطیہ کا جزو اول۔
مقدم۔ ع۔ پیش کرنیوالا۔ آگے کرنیوالا۔
مقدم۔ ع۔ آگے [illegible] آنیکا کام [illegible]

Marfat.com

مقدم العین - ع - ناک کے پاس کا آنکھ کا کویا۔
مقدم الرحل - ع - پالان کے آگے کی لکڑی۔
مقدم الوجہ - ع - چہرہ کا وہ حصہ جو نمایان اور آگے ہو۔
مقدمہ - ع - ایک قسم کی کنگھی۔
مقدمہ - ع - ہر ایک بات کا شروع ہراول - پیشانی کے بال - پیشانی - کتاب کی تمہید - دیباچہ۔
مقدمۃ الجیش - ع - لین ڈوری - پیش خیمہ - وہ تھوڑی سی فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے۔
مقدور - ع - ٹھہرایا گیا - قدرت کیا گیا مجازاً قدرت - طاقت لیاقت - مجال - ذریعہ
مقدونیہ - ع - روم کے جنوب کا وہ صوبہ جو پہلے یونان سے متعلق تھا سکندر اعظم اسی ملک کا بادشاہ تھا۔
مقذع - ع - گالی گلوچ بکنے والا بیہودہ گو
مقذاف - ع - کشتی کا چپو۔
مقذوف - ع - آراستہ و پیراستہ۔
مقذور - ع - نجس - پلید - وہ شخص جس سے لوگ گھن کھائیں۔
مقذوف - ع - پھینکا گیا۔
مقر - ع - ٹھہرنے کی جگہ - جائے آرام صدر مقام - ہیڈ کوارٹر۔
مقر - ع - اقرار کرنیوالا - خیالی۔
مقر - ع - کڑوا ہونا کسی شئے کا - دودھ [illegible] جانا۔
[illegible] کاٹنا۔

مقراض - ع - کترنی - قینچی۔
مقراض شتر گردن - ف - ایک قسم کی قینچی خمدار۔
مقراضک - ع - کشتی کا ایک پیچ جسمین حریف کی گردن مین دونون پانون ڈالکر اُس کو گرا دیتے ہین۔
مقراض ہندی - ف - سروتا۔
مقراضہ - ع - دو شاخہ تیر جسکا پھل قینچی کی طرح ہوتا ہے - نیز ایک قسم کا حلوا۔
مقرب - ع - مصاحب - دوست - رشتہ دار ہمراہی - منظور نظر - خاص دوست۔
مقرب - ع - وہ حاملہ عورت جو جننے کے قریب پہونچی ہو۔
مقربہ - ع - قرابت - رشتہ داری - نزدیکی
مقرر - ع - ٹھہرایا گیا - قرار پایا ہوا - تقریر کیا گیا۔
مقرر - ع - قرار دینے والا - تقریر کرنے والا - سپیکر۔
مقرص - ع - گول زیور جس کی شکل کلچہ کی طرح ہو۔
مقرص - ع - کترنی - قینچی۔
مقرص - ع - کاٹا ہوا - کترا ہوا۔
مقرط - ع - گوشوارہ سے سجایا گیا۔
مقرعہ - ع - کوڑا - تازیانہ۔
مقرعہ - ع - سخت و قوی و توانا۔
مقرف - ع - اُکھاڑنے کی جگہ۔
مقرم - ع - اونٹ نر - قوم کا سردار۔
مقرمہ - ع - فرش پر بیٹھنے کی جگہ۔
مقرنس - ع - بینی کوہ کی شکل کی عمارت - مجازاً اونچی تعمیر - نیز سیڑھی کی شکل کی بنائی ہوئی تلوار۔
مقرنین - ع - طاقت رکھنے والے بس مین لانے والے۔
مقرنین - ع - جکڑے ہوئے۔
مقروح - ع - ناسور والا - زخمی - ٹھوکر کی چیز - پامال رستہ۔
مقروض - ع - وہ شخص جس پر کسی کا قرض ہو - قرضدار۔
مقروقہ - ع - قرق کیا ہوا مال وغیرہ۔
مقروان - ع - نزدیک کیا گیا پیوستہ پڑوسی - وہ عدد جس کے ساتھ اُسکا عدد بھی آئے۔
مقری - ع - پڑھانے والا - اُستاد - گورِ مقری اندھا حافظ جو لڑکون کو قرآن شریف یاد کرائے۔
مقری - ع - بہت مہمانی کرنے والا بڑا بزرگ کا سر۔
مقزع - ع - جلدی - چلنے والا - ہلکا خوشخبری پہونچانیوالا - ہلکے بالون کا مرد۔
مقق - ع - جی متلانا - اُبکائی آنا۔
مقس - ع - کسی چیز کو پانی مین ڈبونا مشک کو پُر کرنا - کسی شئے کو توڑنا - پانی کا روان ہونا - شعر کہنا۔
مقسط - ع - انصاف و عدل کرنیوالا۔
مقسم - ع - قسم کھایا گیا - حلف اُٹھایا گیا
مقسم - ع - بانٹنے کی جگہ تقسیم کرنیکا مقام
مقسم - ع - حصہ۔
مقسم - ع - واٹر ورکس - جہان سے پانی

Marfat.com

پمپ کے ذریعہ گھر بھر جاتا ہے۔
مُقَسِّم۔ ع۔ بانٹنے والا۔ تقسیم کرنیوالا۔
مُقْسَم بِہٖ۔ ع۔ وہ چیز جسکی قسم کھائیں۔
مُقَسَّمَہ۔ ع۔ حسین وخوبصورت عورت۔
مقسوم۔ ع۔ بانٹا ہوا۔ حصہ کیا ہوا۔ نیز حصہ۔ قسمت۔
مقسوم علیہ۔ ع۔ وہ عدد جسپر کسی عدد کو تقسیم کریں۔
مقسوم علیہ اعظم۔ ع۔ وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا پورا تقسیم کرے۔
مُقَشَّر۔ ع۔ چھلکے اُتارا ہوا چھیلا ہوا۔
مقشّہ۔ ع۔ شیشہ کا گھڑا۔ قرابہ وغیرہ۔
مِقْشَط۔ ع۔ چاقو۔
مِقَص۔ ع۔ کترنے کا آلہ قینچی کا پھلا نیز وہ رسی جس سے دودھ دوہتے وقت چارپایہ کے پانوں باندھ دیں۔
مَقْصَد۔ ع۔ مراد۔ مطلب۔ خواہش۔ مدعا۔ ارادہ۔ قصد کرنے کی جگہ۔ جہاں قصد کرکے جائیں۔
مُقَصِّر۔ ع۔ قصور کرنے والا۔ ملزم۔ بال کترانے والا۔ کم کرنیوالا۔
مُقَصَّر۔ ع۔ کم کیا گیا۔ قصور کیا گیا۔
مَقْصَرَہ۔ ع۔ شام کا وقت۔ شام کی تاریکی اور روشنی کی ملاوٹ۔
مَقْصَرَہ۔ ع۔ دھوبی کا پاٹ۔
مُقَصِّع۔ ع۔ کاٹنے والی تلوار۔
مُقَصَّو۔ ع۔ کان کٹا اونٹ۔
مَقْصُود۔ ع۔ قصد کیا گیا۔ مطلب مراد مقصود کن فکان۔ ف۔ مراد دارین۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم۔
مقصور۔ ع۔ کم کیا گیا۔ کوتاہ مختصر کافی۔ منحصر۔
مقصورہ۔ ع۔ محل۔ کوٹھری۔ حجرہ۔ محراب مسجد۔
مقصورات۔ ع۔ مستورات۔ شرمدار عورتیں۔
مِقْضَاب۔ ع۔ درانتی۔
مَقْضِیّ۔ ع۔ ادا کیا گیا۔ پورا کیا گیا۔
مقضیّہ۔ ع۔ ادا کی گئی شئے۔ تمام کی گئی۔
مِقَطّ۔ ع۔ قطزن۔ قطگیر۔
مَقْط۔ ع۔ سختی۔ رسّی کا سخت بٹا ہوا ہونا۔ گردن توڑنا۔ قسم دینا۔
مُقَطَّر۔ ع۔ ٹپکایا ہوا۔ قطرہ قطرہ کرکے ڈالا ہوا۔
مُقَطَّع۔ ع۔ کاٹا ہوا۔ زائد اطراف کاٹے ہوئے۔ کوتاہ قد آدمی۔
مَقْطَع۔ ع۔ محل انتہا و اتمام غزل یا قصیدہ وغیرہ کا آخر شعر۔ نیز کاٹنے کی جگہ اور کاٹنا۔
مِقْطَع۔ ع۔ مقراض۔ قینچی۔ کترنی۔
مَقْطِع۔ ع۔ مقدمات اور معاملات وغیرہ کا قطع کرنیوالا۔ کاٹنے والا۔
مقطوع۔ ع۔ کاٹا گیا۔ قطع کیا گیا۔ وہ شخص جو کسی وجہ سے قافلہ سے چھٹ کر رہ گیا ہو۔ نیز وہ شخص جو قافلہ کے [illegible]
مقطوعۃ الیدین۔ ع۔ [illegible] دونوں ہاتھ کٹے [illegible]
مقطوف۔ [illegible]
مقعد۔ ع۔ [illegible]
مقعِد۔ ع۔ بٹھانے [illegible]
مُقَعَّر۔ ع۔ گہرا کھدا ہوا [illegible]
مُقَفَّل۔ ع۔ قفل [illegible]
مُقَفّٰی۔ ع۔ قافیہ دار۔ قا[illegible]
مُقَل۔ ع۔ سخن چینی کرنا۔ [illegible] کسی شئے کی طرف دیکھنا۔ نکل [illegible] موتی کا دانہ۔ مطلق دیکھنا۔
مُقِلّ۔ ع۔ تھوڑا کرنے والا۔ درویش فقیر
مِقْل۔ ع۔ گوگل۔
مُقَل۔ ع۔ مقال کی جمع باتیں [illegible]
مِقْلاد۔ ع۔ کنجی۔ تالی۔
مِقْلاع۔ ع۔ گوپھن۔
مُقَلِّب۔ ع۔ اُلٹانے والا۔
مِقْلَب۔ ع۔ ہلکا لوہا۔
مُقَلِّد۔ ع۔ تقلید کرنے والا۔ [illegible] پیرو۔ نیز نقل کرنے والا۔ نقال [illegible] بہروپیا۔ نٹ۔
مُقَلِّد پیشہ۔ ف۔ نقال [illegible]
مَقْلَع۔ ع۔ کارخانہ سنگ [illegible]
مُقَلْقَل۔ ع۔ بے قرار [illegible]
مُقَلْقَلَہ۔ ع۔ آواز [illegible] اسٹرب وغیرہ [illegible]

Marfat.com

[illegible] ع۔ منزل امیر
[illegible] ع۔ آنکھ کا گھیرا۔ کیونکہ اس مین سیاہی اور سفیدی دونون جمع ہین۔ نیز بڑا عمامہ۔ بڑی پگڑی۔
مِقلید ع۔ کنجی۔ چابی۔
مُقمون ع۔ اونچا سر کیے گئے لوگ۔
مُقمِرہ ع۔ رات کی چاندنی۔
مُقِن ع۔ مرغی کا دڑبہ۔ مرغی خانہ۔
مِقناطیس ع۔ چمک پتھر۔ سنگ آہن ربا۔
مِقنب ع۔ پنجۂ شیر۔ شکاری کا توشہ دان۔ گھوڑون کا گلہ۔ تیس سے چالیس تک یا تین سو گھوڑے۔
مُقنِب ع۔ بھنگ ملا ہوا کھانا وغیرہ۔
مُقنَّد ع۔ میٹھی چیز قندیلی ہوئی۔
مُقنطِر ع۔ مکمل و تمام۔ پورا۔
مقنطِرہ ع۔ جوڑے ہوے اور لگاے ہوے ڈھیر۔
مُقنَّع ع۔ سر پر خود رکھے ہوے۔ دل آویز لبھانے والا۔ نیز نام ایک شخص کا جس کے نام سے ماہ مُقنَّع مشہور ہے۔
مِقنعہ ع۔ اوڑھنی۔ باریک ایک عضو کی چادر
مُقنِعین ع۔ سر اٹھانے والے۔
مُقنِن ع۔ قانون بنانیوالا۔ قانون دان۔
مُقنِنہ ع۔ لیجسلیٹو کونسل۔
[illegible] ع۔ قندیلا ہوا۔
[illegible] ع۔ نالی یا نہر کھودنے والا۔
[illegible] ع۔ بڑا باتونی۔ زبان آور۔
[illegible] ع۔ معمار کشتی کو کھینچنے کا [illegible]

مُقوَّر ع۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔ قطران ملا ہوا۔
مِقوَس ع۔ گھوڑون کی رسی جس مین کمان رکھین۔ نیز میدان۔
مُقوَّس ع۔ کمان کی طرح کی خمدار شے
مُقوقس ع۔ مرغ طوق دار۔ نیز لقب حاکم اسکندریہ و مصر کا۔
مِقول ع۔ زبان۔ جیبھ۔ محاورۂ حال مین گرامو فون مشتق از قول۔
مَقولہ ع۔ کہا ہوا۔ بات۔ کہانی۔ ضرب المثل۔ قول۔
مُقوَّم ع۔ سیدھا رکھنے والا۔ قیمت کرنیوالا۔
مُقوَّہ ع۔ پٹھا۔ دفتی۔
مُقوَّہ کردن ف۔ تصویر کو پٹھے یا دفتی پر چپکانا۔
مُقوِّی ع۔ قوت دینے والا۔ طاقتور۔
مُقوِین ع۔ جنگل کے رہنے والے لوگ مسافر و محتاج۔
مقہور ع۔ قہر کیا گیا۔ جسپر قہر کیا جاوے یا جس پر کوئی غصہ ہو۔
مُقیٔ ع۔ قے لانے والی شئے۔
مَقی ع۔ تلوار یا طشت وغیرہ کو چمکانا نگاہ رکھنا۔
مِقیاس ع۔ اندازہ۔ نیز وہ شئے جس سے اندازہ کرین۔
مِقیاس الحرارت ع۔ گرمی کے اندازہ کرنے کا آلہ۔ تھرمامیٹر۔
مِقیاس الہوا ع۔ بیرومیٹر۔ آلہ اندازہ ہوا۔
مُقیت ع۔ قوت دینے والا۔ روزی دینے والا۔ مجازاً توانا۔ طاقتور۔ گواہ۔

حاضر۔ بارتعالی کا ایک اسم۔
ہُجَع ع۔ خواب۔ نیند۔ رات [illegible] میں سونا۔ [illegible] کا ہونا۔

ہجف ع۔ شتر مرغ اور نیز وہ آدمی جو بڑے ڈیل ڈول کا ہو۔

ہَجَل ع۔ زمین نشیب پہاڑوں کے درمیان کی۔

ہجم ع۔ یکایک آگیا۔

ہَجمہ ع۔ گلہ شتر جس میں چالیس اونٹ سے زیادہ ہوں۔

ہَجو ع۔ مذمت۔ برائی کسی کی مذمت کرنا برائی بیان کرنا۔ ازالۂ حیثیت عرفی۔ ایک قانونی لفظ ہے۔

ہُجود ع۔ رات کو جاگنا۔ رات کو نہ سونا۔ رات کو عبادت کرنا۔ یہ لغات اضداد سے ہے۔

ہُجوری ع۔ دوپہر کا ناشتہ۔

ہُجوع ع۔ نیند۔ آرام۔ خواب۔

ہَجول ع۔ فاحشہ عورت۔

ہُجوم ع۔ انبوہ جھنڈ بھیڑ۔ غلبہ کرنا۔

ہجوم ع۔ وہ ہوا جو مکانوں کو ویران کر دے۔

ہَجیر ع۔ دوپہر کی گرمی۔ دوپہر۔ بڑا حوض۔

ہَجیر ع۔ عادت۔ خو۔ خصلت۔

ہَجین ع۔ وہ شخص جسکا باپ آزاد اور ماں لونڈی ہو۔ کمینہ۔ ناکس۔ دو نسلہ گھوڑا۔ بری شے۔

ہچکہ ف۔ ہچکی۔

ھد

ہَدّ ع۔ توڑنا۔ ویران کرنا۔ بڈھا ہو جانا۔ اونٹ کا آواز کرنا۔

ہَدَ ع۔ خو۔ خصلت۔ عادت۔

ہُدا ع۔ راستی۔ راہ راست۔

ہَدار ع۔ عورت کا اپنے خاوند کے گھر بیٹھنا۔ سبقت کرنا۔ آگے آنا۔

ہُدات ع۔ ہادی کی جمع۔ ہدایت کرنیوالے

Marfat.com

ہدان۔ع۔بددل۔بے وقوف۔
ہدایت۔ع۔راہ دکھانا۔رہنمائی۔تاکید حکم۔
ہدایہ۔ع۔ہدیہ کی جمع تحفے۔
ہدب۔ع۔پلکون کے بال۔
ہدر۔ع۔کسی کے خون کر ڈالنے کو مباح کرنا۔ناچیز ہونا۔ضائع۔باطل۔
ہدف۔ع۔بلند عمارت۔بلند چیز۔ریت کا ٹیلہ۔بزرگ آدمی۔تیر کا نشانہ۔نشانہ۔
ہدم۔ع۔ڈھا دینا۔گرنا دیوار کا۔مجازاً خرابی۔بربادی۔
ہدم۔ع۔پرانا کپڑا۔پیوند لگا کپڑا۔نیز ہر کپڑا۔
ہدن۔ع۔صلح۔آشتی۔
ہدہ۔ف۔حق۔فائدہ۔لفظ بیہودہ اسی سے بنی ہے۔دراصل بے ہدہ تھا یعنے بے حق۔بے فائدہ۔
ہدہد۔ع۔ایک مشہور پرند۔کھٹ بڑھئی لوگون کا خیال ہے کہ یہ زمین کے اندر کے چشمے دیکھ لیتا ہے۔
ہدہ چشم۔ف۔تیز نگاہ۔دوربین۔نیز دور اندیش شخص۔
ہدء من اللیل۔ع۔رات کا ایک حصہ۔
ہدی۔ع۔ہدیہ۔تحفہ۔وہ دولھن جو دولھا کے گھر بھیجی جائے۔
ہدی۔ع۔قربانی کا جانور جو مکہ معظمہ بھیجین۔نیز نیک خصلت رکھنا۔
ہدیٰ۔ع۔راہ راست دکھانا۔راستی۔
ہدیٰ۔ع۔رہنما۔ہادی۔
ہدید۔ع۔ایک قسم کی بیماری۔

ہدیر۔ع۔کبوتر کی آواز۔
ہدیل۔ع۔کبوتر۔کبوتر قمری وغیرہ کی
ہدیہ۔ع۔تحفہ۔نذرانہ۔سوغات۔اسلام کلام پاک۔نیز اور متبرک شئے کی قیمت کو بھی کہتے ہین۔اور یہ دال کے سکون سے فارسی مین مستعمل ہے۔
ہدیہ دندان۔ف۔مسکینون کے کھانا کھلانے کے بعد جو اُن کو نقدی دیتے ہین

ھذ

ہذا۔ع۔یہ ایک مرد۔
ہذار۔ع۔بڑا بیہودہ گو۔
ہذر۔ع۔بیہودہ بکنا۔بیہودہ بات۔
ہذر۔ع۔بیہودہ شخص۔
ہذیان۔ع۔مرض کی بیہوشی مین بیہودہ باتین بکنا۔بکواس۔فارسی مین ذال کے جزم سے مستعمل ہے۔
ہذیل۔ع۔عرب کا ایک مشہور قبیلہ۔

ھر

ہر۔ع۔گربہ۔بلی اور بکری کو ہانکنا یا پانی کی طرف بلانا۔
ہر۔ع۔بہت پانی۔بہت دودھ۔
ہر۔ف۔ایک قسم کا کڑوا دانہ ہے جو کہ گیہون مین اُگتا ہے نیز کلمہ عموم۔
ہر۔ع۔مکروہ جاننا۔
ہر۔ف۔ڈرنا۔خوف کھانا۔
ہرا۔ف۔خوف۔
ہرات۔ف۔

ہراسان۔ف۔
ہراسیدہ۔ف۔
کسان اور
کرتے ہین تاکہ
ڈرین اور کھیت
ہراسیدن۔ف۔وہم کرنا۔خوف کرنا
ہراش۔ع۔انٹ کی
ہراش۔ف۔استخوان
ہراش۔ع۔کتون کا
ہرآنچہ۔ف۔جو کچھ
ہرآنکہ۔ف۔جو شخص
ہراول۔ف۔مقدمۃ الجیش
فوج جو لشکر کے آگے آگے
ہرآئینہ۔ف۔ناچار
البتہ۔تحقیق
ہرب۔ع۔
ہربدہ۔ع۔
ہرتک۔

Marfat.com

[illegible]

[illegible] کپڑے کا پھاڑنا۔ کسی کی برائی [illegible] دینا۔ کسی چیز کو زرد رنگنا۔ گوشت [illegible] طرح گلا کر پکانا۔

[illegible] ہجوم۔ بھیڑ۔ بے ترتیب [illegible] (د)۔

[illegible] ال۔ ف۔ متلون مزاج شخص۔

[illegible] رنگے زدن۔ ف۔ متلون مزاج [illegible] ایک کام یا ایک بات پر قائم نہ رہنا۔

[illegible] ع۔ ہلدی۔ زرد چوبہ۔

[illegible] از پرند انستن۔ ف۔ بالکل بیوقوف [illegible] جاہل ہونا۔ الف سے بے نہ جاننا۔

[illegible] زہ۔ ف۔ بیہودہ۔ سست۔

[illegible] زہ چاوی۔ ف۔ بک بک۔ جھک جھک۔

[illegible] زہ درائے۔ ف۔ بیہودہ گو۔ بکواسی۔ گپی۔

[illegible] زہ درائی۔ ف۔ بیہودہ اور لغو بکنا۔

[illegible] زہ گردی۔ ف۔ آوارہ پھرنا۔

[illegible] زہ گو۔ ف۔ فحش بکنے والا۔ بیہودہ [illegible] زہ گلے } باتیں کرنے والا۔

[illegible] ف۔ ہر طرف۔ ہر جانب۔

[illegible] ع۔ بوڑھا۔ پیر فرتوت۔

[illegible] ع۔ ملحد ہونا۔ بد مذہب ہونا۔

[illegible] ع۔ ملحدی۔ بد مذہبی۔

[illegible] ع۔ لقب شاہ روم کا جسے [illegible] کہتے ہیں۔

[illegible] کریم الانام [illegible]

ہرگ۔ ف۔ نادان۔ احمق۔

ہرگاہ۔ ہرگہ۔ ف۔ جس وقت۔ جب کبھی۔ اگر۔

ہرگز۔ ف۔ نہیں۔ کبھی نہیں۔ کسی وقت۔ کبھی۔ ہمیشہ۔

ہرم۔ ع۔ بوڑھاپا۔ بوڑھا ہونا۔

ہرم۔ ع۔ بہت بوڑھا شخص۔

ہرماس۔ ف۔ شیر درندہ۔

ہرمان۔ ع۔ اہرام مصری۔ یہ دو نہایت قدیم اور مستحکم گنبد ہیں مصر میں۔

ہرمان۔ ع۔ ہوش۔ عقل۔ دانائی۔

ہرمز۔ ف۔ نوشیروان کے بیٹے کا نام جو خسرو پرویز کا باپ تھا۔ ہر شمسی مہینہ کا پہلا دن۔ مشتری ستارہ۔

ہرمس۔ ی۔ نام دو حکیمون مشہور کا۔

ہرہ۔ ع۔ مادہ بلی۔

ہرہر کردن۔ ف۔ کھلکھلا کر ہنسنا۔

ہرہفت۔ ف۔ عورتون کی سات طرح کی آرائش۔ پوشاک۔ زیور۔ سرمہ۔ مہندی۔ پان۔ مسی۔ سر کے بال سنوارنا۔

ہریر۔ ع۔ کتے کی آواز۔

ہریرہ۔ ف۔ ہدیہ۔

ہریرہ۔ ع۔ گربہ۔ بلی۔

ھز

ہز۔ ع۔ ہلانا۔

ہزار۔ ف۔ بلبل۔ نرد کی چوتھی بازی۔ دس سو کا عدد۔ محاورۂ حال مین دینار۔

ہزار آستین۔ ف۔ دریا۔

ہزار آواز۔ ف۔ بلبل۔

ہزار پا۔ ف۔ کھنکھجورا۔ کنسلائی۔

ہزار پیشہ۔ ف۔ ایک صندوق ہوتا ہے جسمین لیمپ وغیرہ اور چائے کا کل سامان رکھا جاتا ہے۔ لنچ باسکٹ۔

ہزار تابہ۔ ف۔ آفتاب۔ سورج۔

ہزار جریب۔ ع۔ ایران کا ایک مشہور مقام جہان شیعہ رہتے ہین۔

ہزار چشمہ۔ ف۔ سرطان کی بیماری۔

ہزار خانہ۔ ف۔ جانورون کا شکنبہ۔

ہزار داستان۔ ف۔ بلبل۔

ہزار میخ۔ ف۔ فقیرون کی گدڑی۔

ہزارہ۔ ف۔ سوراخدار فوارہ۔ چھت کی کنگنی۔

ہزاریکہ۔ ف۔ ایک ہزار سال۔

ہزاع۔ ع۔ ضعیف مرد۔ بددل شخص۔

ہزاک۔ ف۔ احمق۔ جلد دھوکے مین آجانے والا۔ زشت و زبون۔

ہزال۔ ع۔ مسخرہ۔

ہزال۔ ع۔ لاغری۔ دبلاپن۔

ہزاہز۔ ع۔ لشکر مغلوب مین بخوف فوج غالب بھگدڑ پڑ جانا۔

ہزبر۔ ع۔ شیر درندہ۔

ہزت۔ ع۔ عیش۔ طرب۔ خوشی۔

ہزج۔ ع۔ گانے کی خوش آیند آواز۔ نام ایک بحر کا شعر کی بحرون سے۔

ہزل۔ ع۔ بیہودہ بات۔ ہنسی مسخرہ پن۔ نیز لاغر کرنا۔

ہزمان۔ ف۔ مخفف ہر زمان۔ ہر وقت۔

ہزو۔ ع۔ افسوس۔ رنج۔

ہزہ۔ ع۔ ہلانا۔

ہزہ۔ ع۔ سوارون کی جنبش۔ نعرۂ خوشی۔

Marfat.com

ہزیرات۔ ع۔ زوی مہینہ مطابق جون۔
ہزیم۔ ع۔ رعد کی آواز۔
ہزیمت۔ ع۔ شکست۔ فراری۔
ہزینہ۔ ف۔ خزینہ۔ خرچ۔ نفقہ۔ اہل و عیال کا روٹی کپڑا وغیرہ۔ ہمیشہ۔

هژ

ہژہار۔ ف گھوڑون کی ایک بیماری۔
ہژبر۔ مف۔ شیر درندہ۔
ہژیر۔ ف۔ پسندیدہ۔ اچھا نیک۔ تعریف کیا گیا۔ جلدی ہوشیاری۔ چالاکی۔

هس

ہست۔ ف ہے۔ وجود۔ موجودگی۔
ہست و نیست۔ ف۔ اثاثہ۔ مال و متاع۔
ہستہ۔ ف بیج۔ تخم۔ گٹھلی۔
ہستی۔ ف۔ موجودگی۔ زندگی۔ دنیا۔ دولت۔ لیاقت۔
ہسک۔ ف۔ ڈھیکلی۔ چھاج۔

هش

ہش۔ ع۔ شادان خوش۔ وہ گھوڑا جو چلنے میں پسینہ نہ لائے۔ درخت سے پتے جھاڑنا۔
ہش۔ ف۔ چلنا۔ پھرنا۔
ہش۔ ف۔ مخفف ہوش کا۔
ہشاش۔ ع۔ خندان رو۔ خوش۔
ہشاش بشاش۔ ف۔ شادان فرحان ہنستا ہوا۔ خوش۔
ہشام۔ ع۔ ایک نامی خلیفۂ اسلام۔
ہشت۔ ف۔ آٹھ کا عدد۔ ۸۔

ہشت۔ ف۔ معدہ۔ [illegible]
ہشت بہشت۔ ف۔ آٹھ بہشت اور [illegible] نام یہ ہین۔ (۱) خلد۔ (۲) دار السلام (۳) دار القرار (۴) جنت العدن۔ (۵) جنت الماوی (۶) جنت علیین۔ (۷) جنت النعیم (۸) فردوس [illegible]
ہشت صفات۔ ف۔ آٹھ صفتین (۱) خدا کی معرفت۔ (۲) علم۔ (۳) ہر حال مین شکر کرنا۔ (۴) قسمت ازلی پر راضی رہنا۔ (۵) بلا اور قلت رزق پر صبر۔ (۶) حکم خدا کی تعظیم کرنا۔ (۷) خلق اللہ پر شفقت (۸) عفت۔
ہشت مشت۔ ف۔ گھونسہ بازی۔
ہشت مشت کردن۔ ف۔ گتھم گتھا بالکل پاڈگی کرنا۔
ہشتن۔ ف۔ چھوڑنا۔
ہشوش۔ ع۔ دودھ والی بکری۔
ہشیش۔ ع۔ شادان و خوش۔ نرم و نازک۔ بہت دودھ والی گائے۔ بکری۔

هض

ہضاض۔ ع۔ شکستگی۔ شکستہ کرنیوالا۔
ہضبہ۔ ع۔ ٹیلا۔ پشتہ۔
ہضم۔ ع۔ توڑنا۔ حق کم کرنا۔ ظلم کرنا۔ کھانے کا معدہ مین پچنا۔
ہضیم۔ ع۔ نازک و نرم شے۔ ملائم۔ ستم [illegible] مظلوم۔ زبان باریک۔ شکم۔ غنچہ نا شگفتہ
ہضیمت۔ ع۔ ظلم۔ ستم [illegible]

هط

ہطل۔ ف [illegible]
ہطلان۔ ع [illegible] برابر برسے۔

هف

ہف۔ ف جولاہے کی کھڈی [illegible]
ہفت۔ ف۔ سات کا عدد [illegible]
ہفت۔ ع۔ درد۔ تکلیف۔ ایذا [illegible]
ہفت۔ ف۔ پانی یا شراب کا ایک گھونٹ [illegible]
ہفت اختر۔ ف۔ سات ستارے (۱) قمر۔ (۲) عطارد۔ (۳) زہرہ۔ (۴) شمس (۵) مریخ۔ (۶) مشتری۔ (۷) زحل [illegible]
ہفتاد۔ ف۔ ستر۔ ۷۰۔
ہفت امام۔ ف۔ (۱) امام اعظم۔ (۲) امام شافعی۔ (۳) امام مالک۔ (۴) امام احمد بن حنبل۔ (۵) امام ابو یوسف (۶) امام محمد۔ (۷) امام زفر۔
ہفت اورنگ۔ ف [illegible] بنات النعش کے۔
ہفت پردہ چشم [illegible] پردے (۱) ملتی (۲) [illegible] (۳) عنکبوت [illegible] (۷) صلب [illegible]
ہفت [illegible]

Marfat.com

[illegible] ۔ ع ۔ کتے کا بھونکنا ۔

ھق

ہقعہ ۔ ع ۔ بہت سونے والا آدمی

ھک

ہکاع ۔ ع ۔ کھانسنا ۔

ہکذا ۔ ع ۔ اسی طرح ۔

ہکہہ ۔ ع ۔ ہچکی ۔

ھل

ہل ۔ ع ۔ آیا ۔ کیا ۔ اب ۔ کچھ ۔ نہیں کبھی کلمۂ استفہام ۔

ہل ۔ ف ۔ سفید الائچی ۔ تل اور سرسون وغیرہ کی کھلی ۔ مصدر ہلیدن کا صیغۂ امر ۔

ہل ۔ ف ۔ آغوش ۔ ہولہ ۔ ضرب ۔ صدمہ ۔ دھکا

ہلا ۔ ع ۔ کلمۂ تنبیہ یعنی خبردار رہ ۔

ہلا ۔ ع ۔ حرف تحضیض یعنی کیوں نہیں

ہلاث ۔ ع ۔ آدمی کے کسی عضو کا نرم اور سست ہو جانا ۔

ہلاس ۔ ع ۔ سل کی بیماری ۔

ہلاک ۔ ہلاکت ۔ ع ۔ نیست ہونا ۔ مرنا ۔ تلف ہونا ۔ تلف کرنا ۔ ضائع ہونا ۔

ہلاکو ۔ ت ۔ نام ایک بادشاہ ظالم کا اصل میں یہ نام ہولاکو خان ہے ۔

ہلال ۔ ع ۔ پہلی رات کا چاند ۔ ماہ نو ہر نیا چاند تین رات تک اول میں ہلال کہلاتا ہے پھر قمر ۔ اصطلاح فارسی میں [illegible] ترایش نامش بھی آیا ہے ۔ مجازاً ایسا پیالہ [illegible] کلمہ جو دو ہلالین یعنی ( ) کے درمیان میں ہو انگریزی بریکٹ

ہلال ۔ ت ۔ کان صاف کرنیکا آلہ ۔

ہلال ہلال ۔ ف ۔ ٹکڑے ٹکڑے ۔ پارہ پارہ

ہلالی ۔ ع ۔ محراب دار طاق ۔

ہلالی ۔ ف ۔ فارسی کا ایک مشہور شاعر جو عبداللہ خان اوزبک شاہ توران کا خاص مقرب تھا ۔

ہلام ۔ ع ۔ ایک خاص قسم کا مرض جس کو انگریزی میں جیلی کہتے ہیں ۔

ہلاہل ۔ ف ۔ زہر قاتل جسکا کچھ علاج ہی نہو ۔

ہلب ۔ ع ۔ سور کے بال ۔

ہل دادن ۔ ف ۔ ہاتھ سے دھکا دینا ۔

ہلس ۔ ع ۔ خرافات بکنا ۔

ہلع ۔ ع ۔ بے صبر ہونا ۔

ہلع ۔ ع ۔ چلانے والا ۔ خروشندہ ۔

ہلک ۔ ع ۔ تباہی ۔ ہلاکی ۔ بربادی ۔ کھپنا خراب ہونا ۔

ہلک ۔ ف ۔ ہچکی ۔

ہلکہ ۔ ع ۔ ہلاک و برباد ہونیوالا ۔

ہلم ۔ ع ۔ آ ۔ بیا ۔ اسم فاعل ۔

ہلم ۔ ع ۔ ایک کھیل شہر کرمان میں جو لڑکے کھیلتے ہیں

ہلناک ۔ ف ۔ برف ۔

ہلو ۔ ف ۔ جھولا ۔ ایک قسم کا شیریں شفتالو ۔

ہلوع ۔ ع ۔ جی کا کچا ۔ بے صبر ۔ لالچی ۔ بڑا دوڑنے والا ۔

ہلوک ۔ ع ۔ نیست و نابود ہونا ۔

ہلہال ۔ ف ۔ چھلنی ۔ غربال جس سے آٹا وغیرہ چھانتے ہیں ۔

ہلہلہ ۔ ع ۔ نعرہ ۔ للکار ۔ آواز ۔ شور و غوغا ۔

Marfat.com

عورتون کا آفرین و مرحبا کا شور۔
ہلہولہ۔ ع۔ چھیڑنا
ہلی۔ ف۔ چھوڑ دے تو۔
ہلیدن۔ ف۔ چھوڑنا۔
ہلیلویاہ۔ عب۔ خدا کی تعریف کرو۔
ہلیون۔ ف۔ مارچوبہ۔ ایک گھاس ہے جو دوا مین کام آتی ہے۔
ہلینستان۔ ی۔ یونانی مائل یہودی۔
ہلیہ۔ ف۔ کشتی کھینے کی ایک چھوٹی لکڑی۔

هم

ہم۔ ع۔ قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ اندوہ۔ غم۔ اندیشہ۔ بچہ کو لوری دے کر سلانا۔ بیماری کا بدن کو گھلا دینا۔
ہم۔ ع۔ ف۔ نہایت بوڑھا۔ ضعیف۔
ہم۔ ف۔ نیز۔ بھی۔ یکسان۔ ایسا۔ برابر۔ کلمۂ شراکت۔
ہم۔ ع۔ وہ لوگ۔ ضمیر جمع مذکر غائب۔
ہما۔ ع۔ وہ دو۔ تثنیہ غائب۔
ہما۔ ف۔ ایک جانور کا نام ہے جس کی بابت مشہور ہے کہ اگر کوئی آدمی اُسکے سایہ کے تلے آجاوے تو وہ بڑا اقبالمند ہو اور بادشاہ ہو۔ شاہ بہمن کی لڑکی کا نام جو موافق دین زردشتی اپنے باپ کے نکاح مین تھی اور دارا باسی سے پیدا ہوا تھا۔
ہمارہمارہ۔ ف۔ ہمیشہ۔ اندازہ حساب۔
ہمار۔ ع۔ بڑا بکی۔ بکواسی۔ پرگو۔
ہماز۔ ع۔ طعنہ دینے والا۔ عیب لگانیوالا۔ آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔
ہمال۔ ف۔ مانند۔ ہمتا۔ مثل۔ نظیر۔ شریک۔
ہمال۔ ع۔ ہر شخص۔ نحو۔ غیر آباد زمین جو جنگ کی جگہ ہو۔
ہمام۔ ع۔ سردار۔ بزرگ۔
ہمان۔ ف۔ وہ چیز۔ اصل اسکی ہم آن ہے۔
ہمانا۔ ف۔ گویا۔ شاید۔ بے شک۔ تحقیق۔ شبہ۔ نظیر۔
ہم آورد۔ ف۔ ہمنبرد۔ حریف جنگ۔
ہمایون۔ ف۔ ہما اور یون کلمۂ نسبت سے مرکب ہے۔ مبارک۔ خجستہ۔ نام ایک مشہور بادشاہ ہندوستان کا جو بابر کا بیٹا اور اکبر کا باپ تھا
ہمایونی۔ ف۔ شاہی۔
ہمباز۔ ف۔ شریک۔ ہمتا۔ حریف۔
ہمپا۔ ف۔ ہمراہ۔ ساتھی۔
ہم پشت۔ ف۔ معاون۔ مددگار۔
ہم پنجگی۔ ف۔ مقابلہ کرنا۔ لڑنا۔ برابری۔
ہمت۔ ع۔ ارادہ۔ قصد۔ جرأت۔ طاقت۔ بہادری۔ توجہ۔ دعا۔
ہمتا۔ ف۔ ہمسر۔ برابر۔ مثل۔ مانند۔
ہمت خواستن۔ ف۔ مدد چاہنا۔ دعا منگوانا
ہمتراز و۔ ف۔ مقابل۔ ہم پایہ۔ ہم مرتبہ۔ ہم قوت۔ برابر۔
ہمتگ۔ ف۔ قدم بقدم۔
ہمتنگ۔ ف۔ برابر۔ موافق۔
ہم جوار۔ ف۔ ہمسایہ۔ پڑوسی۔
ہمجیہ۔ ع۔ وحشت۔ غیر شائستگی۔
ہم چشم۔ ف۔ برابر۔ ہم رتبہ۔
ہمچنین۔ ف۔ اسی طرح۔ ایسا ہی۔ اصل مین ہمچو این ہے۔
ہمچو۔ ف۔ حرف تشبیہ۔
ہمخانہ۔ ف۔ زوجہ۔
کسی کے گھر مین رہنا۔
ہمخو۔ ف۔ خصلت اور عادت مین
ہمخوابہ۔ ف۔ زوجہ۔ بیوی۔ صحبت
ہمداستان۔ ف۔ ہم کلام۔ ہم صحبت
ہمدامان۔ ف۔ ہم زلف۔ ساتھ سونے
ہمدان۔ ع۔ نام ایک قبیلہ کا یمن مین
ہمدان۔ ف۔ ایک شہر ملک ایران کا ہے۔
ہمدردی۔ ف۔ درد کا شریک ہونا۔
ہمدرس۔ ف۔ ہم سبق۔
ہمدست۔ ف۔ شریک۔ متفق۔ برابر۔ ہم قوت۔ ہم قدرت۔
ہمدگر۔ ف۔ ایک دوسرے کے ہم۔
ہمدل۔ ف۔ متحد۔ رفیق خالص۔ ہمدم۔ رفیق۔ ساتھی۔
ہمدمہ۔ ع۔ سکتہ کی بیماری جس مین آدمی بالکل مردہ معلوم ہوتا ہے۔
ہمدیوار۔ ف۔ ہمسایہ۔ پڑوسی۔
ہمذات۔ ف۔ اپنی ذات کا۔
ہمراز۔ ف۔ دوست۔ بھید جاننے
ہمراہ۔ ف۔ ساتھی۔ شریک
ہمراہی۔ ف۔ [illegible]
ہمراہی۔ ف۔ [illegible] کے ساتھ
ہمرہ۔ ف۔ دیدار۔ دم۔
ہمرہ۔ ف۔ دو [illegible] ایک دوسرے

[illegible]

[illegible] برابر۔

[illegible]

[illegible] ف۔ ہمدردی۔

ہمراز ف۔ ہم ہمنشین۔ مصاحب

ہمشیر ف۔ یار و صاحب۔ پلٹنے والا

ہمکلامہ ف۔ دوست۔

ہمگنان ف۔ سب کے سب۔ تمام۔

ہمگین ف۔ تمام و کمال۔

ہمل ع۔ آنسو بہنا۔ آنکھون مین آنسو بھر آنا

ہملجہ ف۔ چرمی موزہ جو بروقت سواری یا چوگان بازی پہنتے ہین۔

ہمم ع۔ ہمت کی جمع۔

ہم مانند ف۔ ہم شبیہ۔

ہمنفس ف۔ رفیق۔ دوست ہمزبان ہمکلام

ہموارہ ف۔ ہمیشہ

ہموم ع۔ ہم کی جمع رنج و غم۔

ہمہ ف۔ سب۔ تمام۔

ہمہ دان ف۔ سب کچھ جاننے والا۔

ہمہمہ ع۔ افواہ۔ شیر کا ڈکارنا۔

ہمیان ف۔ روپیون کی تھیلی۔

ہمیدون ف۔ اسی طرح۔ اب۔

ہمیشہ ف۔ سدا۔ نت۔

ہمیشہ یا ف۔ دوامی۔ بارہ ماسی۔

[illegible] ع۔ ناگہانی موت۔

ہمیم ع۔ آہستہ چلنا۔

ہمین طرح رباوداوم ف۔ مین نے اسکو مقرر کیا

ہن

[illegible] ذلیل کرنا آئی

کارہا پیاند مردکا عضو تناسل عورت کی شرمگاہ۔

ہُن ع۔ دے عورتین۔ ضمیر جمع مؤنث غائب

ہَن ف۔ ست و حساب۔

ہن ف۔ ہے۔ ہست۔

ہُنا ع۔ دبان۔ شارہ قریب کے لیے

ہُناک ع۔ دبان۔ شارہ بعید کے لیے

ہُنالک ع۔ دبان۔ شارہ بعید تر کیلیے

ہُنا ع۔ گوارنہ۔

ہُنتور ع۔ گاڑی کا پہیہ۔

ہُنجار ف۔ سیدھی سڑک۔ رستہ۔ طریق

مجازاً طرز۔ روش۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ عادت۔ رسم۔

ہُنجام ف۔ نکما۔ سست آدمی۔

ہُنجیدن ف۔ نکالنا۔ باہر کھینچ لانا۔

ہند ف۔ ہستند۔ ہین۔ قاعدہ۔ قانون

ہِند ف۔ حضرت امیر حمزہ کی قاتلہ کا نام۔ آدمیون کے ایک گروہ کا نام نیز ملک ہندوستان۔

ہُند ع۔ تعریف۔ ستائش۔

ہِندب۔ ہِندبا ع۔ تخم کاسنی ایک مشہور دوا

ہِندسہ مب۔ اس لفظ کا ہند یا ہندوستان سے زیادہ تعلق معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ سب سے پہلے یہ علم ہندوستان مین رواج پایا ہے اس لیے شاید اس نام سے موسوم ہوا علم ریاضی کی ایک شاخ۔ حد۔ مکر۔ فریب اندازہ کا معرب ہے۔ محاورہ حال مین انجنیری فن انجنیرنگ۔ فن تعمیر وغیرہ۔

ہندسہ دان۔ ہندسی ف۔ مہندس

Marfat.com

ہندو۔ ف۔ ملک ہند یعنی ہندوستان کا باشندہ۔ تیز غلام۔ چور۔ شیر۔ اسفق۔ خرسنگر۔ سیاہ نام شخص۔

ہندوانہ۔ ف۔ تربوز۔

ہندوانہ افگندن۔ ف۔ ہشت کمانا۔

ہندوانہ انداختن۔ کنایہ خوف کھانا۔

ہندوانہ درکون کسے غلطانیدن۔ ف۔ کسی کو حد درجہ خوف زدہ و پریشان کرنا (ک)

ہندوزن۔ ف۔ ساحرہ۔ جادوگرنی۔

ہندوس۔ ع۔ اہل ہند۔ ہندوستان کے رہنے والے۔ انگریزی جمع کی علامت (س) لگا کر عربی میں آیا ہے۔

ہندوے چرخ۔ ف۔ ستارۂ زحل۔

ہندی۔ ف۔ ہند کا رہنے والا۔ ہند کی چیز۔

ہنر۔ ف۔ جوہر۔ فن۔ لیاقت۔ کاریگری۔ کمال۔

ہنرمند۔ ف۔ فن والا۔ جوہر والا۔ لائق۔

ہنگ۔ ف۔ قصد۔ وقار۔ قوت۔ چوٹ۔ صدمہ۔ ہوشیاری۔ قوم۔ قبیلہ۔ لشکر۔ شگاف۔ اختیار۔

ہنگار۔ ف۔ جلدی۔ شتابی۔

ہنگام۔ ف۔ وقت۔ ہنگامہ۔

ہنگامہ۔ ف۔ ازدحام۔ انبوہ۔ وقت ہنگام۔

ہنگامہ بندی۔ ف۔ نموداری۔

ہنگامہ گیر۔ ف۔ ہجوم کرنیوالا۔ بازگیر۔

ہنگفت۔ ف۔ سطبر۔ گندہ۔ غلیظ۔ موٹا۔ دلدار۔ دبیز۔

ہنو۔ ع۔ مرد کا آلۂ تناسل۔ عورت کی شرمگاہ۔

ہنود۔ ع۔ ہندو لوگ۔ ہندوستان کی عورتیں۔

ہنوز۔ ف۔ ابھی تک۔

ہنہ۔ ف۔ نفی۔ کیفیت۔

ہنی۔ ع۔ گوارا۔ جیسا بابرکت۔

ہنیئاً لک۔ ع۔ تجھ کو گوارا ہو۔ تجھ پر مبارک۔

ہنین۔ ع۔ آہ و زاری کرنا۔ نالہ و فریاد کرنا۔

ہو

ہو۔ ع۔ وہ مرد۔ ضمیر واحد مذکر غائب۔

ہو۔ ف۔ قلندروں کی آواز۔ کشتی گیروں کی آواز۔ جو بروقت کشتی لڑنے کے کرتے ہیں۔ ہنگامہ مٹانے کی آواز۔

ہو۔ ع۔ خوف۔ نام باری تعالیٰ۔

ہوا۔ ع۔ آرزو۔ دل کی خواہش۔ باہمہ کا آگ سے سینکنا۔ بے فرزند ہونا۔ ماں کا۔

ہوا۔ ع۔ آسمان و زمین کا بیچ خالی جو۔ فضا۔

ہوا۔ ع۔ آگے ہونا۔ نرم کرنا۔

ہوا ابرست۔ ف۔ بیگانے موجود ہیں۔ ہوشیار رہو (ک)۔

ہوا احتیاط دارد۔ ف۔ موسم ناموافق ہے۔ امید افزا نہیں۔

ہوا احتیاط داشت۔ ف۔ ہوا کی ہوئی تھی۔

ہوا انداختہ۔ ف۔ اچھالا ہوا۔

ہوا باز شدہ است۔ ف۔ ابر کھل گیا۔ مطلع صاف ہو گیا۔

ہوا پرست۔ ف۔ عیاش۔ [illegible]

ہوا تاریک است۔ ف۔ [illegible]

ہوا جس۔ ع۔ [illegible] شیطانی خلاف [illegible]

ہوا دار۔ ف۔ [illegible]

ہوا و خاک۔ ع۔ [illegible]

ہوا ہوا۔ ف۔ [illegible]

ہوا رفتہ۔ ف۔ اڑا ہوا۔

ہوا ری۔ ع۔ [illegible]

ہوازن۔ ع۔ قبیلہ بنی تمیم۔

ہواش بلند است۔ ف۔ شرارتیں نہایت سخت ہیں۔

ہوا گرفتن۔ ف۔ [illegible]

ہوالک۔ ع۔ [illegible]

ہوالہ۔ ع۔ ہولناک [illegible]

ہوام۔ ع۔ حشرات الارض [illegible] سانپ بچھو وغیرہ۔ جمع ہامہ [illegible]

ہوان۔ ع۔ خواری۔ [illegible]

ہوائی۔ ف۔ [illegible] پریشان۔ غیر معین [illegible] ایک قسم کی آتشبازی [illegible]

ہوائی [illegible]

[illegible]

Marfat.com

[illegible] بدنصیب۔

[illegible] ۔ ف۔ اونٹ گھوڑے [illegible] کا بہت پیاسا ہونا۔

ہوشمند۔ ف۔ عقلمند صاحب ہوش۔

ہوشمندی۔ ف۔ عقلمندی ہوشیاری

ہوشنگ۔ ف۔ ہوش۔ عقل۔ ایران کے ایک بادشاہ کا نام۔

ہوشہ۔ ف۔ سست۔ کم ہمت۔

ہوشیار۔ ف۔ صاحب ہوش۔ چوکنا۔

ہوشیاری۔ ف۔ خبرداری۔

ہوشیدن۔ ف۔ سمجھنا۔

ہَوف۔ ع۔ گرم ہوا ٹھنڈی ہوا۔

ہَول۔ ع۔ خوف۔ ڈر۔ ڈرنا۔

ہولانده۔ ع۔ ملک ہولینڈ۔

ہولک ہولک رفتن۔ ف۔ جلدی جلدی چلنا

ہولگی۔ ف۔ مضطرب۔ ہراسان۔ خوفزدہ۔

ہولناک۔ ف۔ خوف کا بھرا ہوا۔

ہُولہ۔ ع۔ ایک بار ڈرنا۔

ہُولہ۔ ع۔ دستمال۔ تولیہ۔ (م)

ہَولی۔ ف۔ وہ بچھڑا جسپر ابھی تک زین نہ رکھی گئی ہو۔

ہُوم۔ ف۔ اولاد فریدون مین سے ایک شخص تھا جس نے افراسیاب کو گرفتار کرکے کیخسرو کے پاس پہونچایا۔

ہومیروس۔ ع۔ مشہور قدیم یونانی شاعر

ہُون۔ ع۔ آرام۔ آہستگی۔ عزت نرمی۔ سستی۔

[illegible] ع۔ خواری۔ ذلت۔

[illegible] ۔ ف۔ کلمۂ تاکید و کراہت۔

ہَونی ہَلیک۔ ع۔ صبر کر۔ آسان اور ہلکا سمجھ اپنے اوپر۔ جانے دے۔

ہُوو۔ ف۔ سوت۔ سوکن۔

ہُوہُو۔ ع۔ جون کا تون۔ اُسی طرح جیسا تھا ویسا ہی۔

ہُوہُو کردن۔ ف۔ تھرتھرانا۔

ہَوی۔ ع۔ چاہ۔ خواہش نفس۔ خواہش کرنا۔

ہوے اوّل۔ ف۔ کشتی گیرون کے محاورہ مین اول مرتبہ۔

ہوے ہوے۔ ف۔ دیکھو! دیکھو! ادھر! ادھر!

ہویدا۔ ف۔ ظاہر۔ روشن۔ آشکارا۔

ہُوِیّت۔ ع۔ مرتبہ وحدت۔ ذات باریتعالیٰ

ہویس۔ ع۔ ہوئے سبز کچے اور بغیر چھلے بھنے ہوے چنے۔

ہُویس۔ ع۔ حوض۔

ھی

ہے۔ ف۔ کلمۂ تنبیہ۔ کلمۂ تعریف و تحسین نیز کبھی بمعنی افسوس اور جھڑکی کے بھی آتا ہے محاورۂ حال مین کسی کام کا مسلسل ہونا اور حرف ندا بھی "ہے" کے ذریعے سے ظاہر کرتے ہین۔ جیسے "ہے بخور" یعنی کھائے جا۔

ہے۔ عب۔ کھڑکی۔ عبرانی حروف تہجی کا پانچوان حرف۔

ہی۔ ع۔ وہ ایک عورت۔ ضمیر واحد مونث غائب

ہَیئات۔ ع۔ جمع ہیئت۔ شکلین۔ طریقے۔

ہَیاکل۔ ع۔ جمع ہیکل۔ عبادتخانہ وغیرہ۔

ہَیئت۔ ع۔ چہرہ۔ حالت۔ طریقہ شکل نیز ایک علم کا نام ہے جس سے آسمان

Marfat.com

کے اجرام کی حرکات وغیرہ اور کرۂ زمین کا حال معلوم ہوتا ہے۔ محاورہ حال مین مجلس۔ اجتماعی سبرون کی مجموعی مجلس کو رصد

ہیئت الاجتماعیہ ع۔ سوسائٹی۔

ہیبت ع۔ خوف۔ ڈر۔ رعب۔ دبدبہ

ہیپوتامس ع۔ ہیپوتامس۔ دریائی گھوڑا

ہیت ع۔ آ۔ اسم فعل ہے۔ اور اس مین مذکر۔ مونث۔ واحد۔ جمع سب برابر ہے۔ اسکے مابعد کے لفظ مین رعایت ہوتی ہے۔

ہیج ع۔ اُکسایا۔ برانگیختہ کیا۔

ہیج ع۔ برانگیختہ ہونا۔ جوش مین آنا نیز گرد و غبار۔

ہیجا ع۔ لڑائی۔ جنگ۔

ہیجان ع۔ برانگیختگی۔ جوش مین آنا۔

ہیجین ع۔ فن حفظان صحت۔

ہیچ ف۔ کچھ۔ کچھ نہین۔ تھوڑا سا۔ ذرا نکمّا

ہیچکارہ ف۔ نالائق۔ بیفائدہ۔

ہیچکس ف۔ کوئی شخص نیز نالائق

ہیچگونہ ف۔ کسی طرح۔

ہیچمدان ف۔ نادان۔ بےعلم۔ کلمۂ حقارت

ہیچ یازیادہ ف۔ تیرہ (عدد) چونکہ تیرہ کہنا منحوس سمجھا جاتا ہے۔ اسلیے اُسکے بجاے ہیچ یازیادہ کہتے ہین۔

ہیدروجن ع۔ ہیڈروجن۔ ایک عنصر

ہیدروستاتک ع۔ ہیڈروسٹیٹک علم السائلات الساکنہ۔

ہیدروسکوپ ع۔ آبی دوربین جس سے دریا کے اندر کی چیزین معلوم ہوتی ہین

ہیدرولک ع۔ علم المیاہ الجاریہ۔

ہیر ع۔ آتش۔ آگ۔

ہیربد ف۔ خادم آتشکدہ۔

ہیرک ف۔ بکری یا اونٹ کا بچہ۔

ہیرودیس ع۔ ایک حاکم رومی کا نام۔ لفظی معنی چمڑے کی رونق۔

ہیروغلیفی ع۔ ہیروگلیفک مصر کا ابتدائی قدیم خط جس مین بذریعۂ تصاویر کے مطلب ادا کیے جاتے تھے۔ اور اب چین مین ایسے ہی خط کا رواج ہے۔

ہیز ف۔ مخنث۔ ہیجڑا۔ حمام کا ڈول۔

ہیزم ف۔ جلانے کی سوکھی لکڑی۔

ہیزم کش ف۔ لکڑہارا۔

ہیض ع۔ سختی۔ درشتی۔ گردن پر مارنا۔ جانورون کی بیٹ۔

ہیضم ع۔ شیر درندہ۔

ہیضہ ع۔ بدہضمی۔ مشہور بیماری ہے جسمین قے و دست آتے ہین۔

ہیف ع۔ پیاس کی شدت ظلم۔

ہیف ع۔ کمر کی باریکی۔ گرم ہوا۔

ہیفان ع۔ بہت پیاسا۔

ہیفاء ع۔ پتلی کمر کی عورت۔

ہیکار ع۔ ایکڑ۔ اندازۂ پیمائش انگریزی

ہیکال عب۔ اس کا معرب ہیکل ہے۔ وہ عبادت خانہ جسے حضرت داؤد علیہ السلام نے شروع کیا اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے اختتام کو پہونچایا

ہیکل ع۔ جسم۔ جثہ۔ بزرگ۔ لمبے قد کا گھوڑا۔ شکوہ۔ عظمت۔ بلند مکان۔ صورت۔ شکل۔ حمائل۔ تعویذ۔ بازوبند

ہیکل الروم [illegible] بتخانہ کا نام ہے۔

ہیکل بستن ف۔ مرنا۔

ہیکل سلیمانی ف۔ [illegible] کو کہتے ہین۔

ہیل ف۔ سفید الائچی۔

ہیلاج ف۔ زائچہ۔ جنم پتری۔

ہیلیوم ع۔ ایک جدید گیسی عنصر۔

ہیم ع۔ عشق مین شیفتہ اور سرگشتہ ہونا۔ کسی چیز کی طرف منہ کرنا نیز انتہا کا شدید پیاسا ہونا۔

ہیم ع۔ آدمی اور اونٹ سخت پیاسے

ہیم / **ہیمہ** ف۔ جلانے کی لکڑی۔

ہیمان ع۔ پریشانی۔ حیرانی۔

ہیمیا ع۔ علم طلسم۔

ہین ف۔ سیلاب۔ ابھی۔ چھوڑ جلدی کر۔ خبردار۔ زجر کا کلمہ۔

ہین ع۔ آسان۔ سہل۔

ہیول ع۔ ذرہ۔ اٹم۔ جزو

ہیولا ع۔ ہر شئے کا مادہ۔ اصل۔ جڑ۔

ہیولانی ع۔ منسوب بہ ہیولا مادہ والا۔

ہیون ف۔ گھوڑا

ہیہات ع۔ [illegible] اور تعجب [illegible]

Marfat.com

حرف الیاء

یا

ع۔ اے کلمۂ ندا۔

ف۔ حرف عطف ہے۔

ع۔ واے افسوس۔ فریاد

ہ۔ اور کبھی بجائے تحیر اور تعجب کے بھی

مستعمل ہوتا ہے۔

یا اللہ ع۔ اے خدا۔

یا ایہا ع۔ اے۔ جب منادیٰ معرف

باللام ہو تو منادیٰ سے پہلے ایہا آتا ہے۔

یاب ف۔ مصدر یافتن کا امر ہے۔

یابان ع۔ ملک جاپان (ج) کو دی

سے بدلا ہے۔

یابس ع۔ خشک سوکھا۔

یابسہ ع۔ خشکی۔ صندتری۔

یا بشرے ع۔ اے خوشخبری ہے۔

اے عجب خوشخبری ہے۔

یا بندہ ف۔ پانیوالا۔

یابو ت۔ ٹٹو۔ چھوٹا گھوڑا۔

یاپ لاق دیا یاپ لاغ ف۔

ی مائل سفید رنگ کا اُلو۔

یاپوچہ ف۔ ایک قسم کا لبادہ جس کا

ی تکمہ شانہ پر ہوتا ہے۔

ی ع۔ کیا تو دیکھتا ہے۔ اوہ۔

ع۔ مناجاۃ اور استغاثہ کا کلمہ

ے ایسا ہی ہو۔

ے وہ۔ یہ اصل

مین یا تلی تھا۔

یاتمرون ع۔ مشورہ کرتے ہین۔

فرمانبرداری کرتے ہین۔

یاجوج و ماجوج ع۔ دو زبردست

قومین جو یافث بن نوح کی اولاد سے ہین۔

یاختن ف۔ تلوار کھینچنا کسی کام

کے ارادہ سے ہاتھ بڑھانا۔ ظاہر کرنا۔ باہر نکالنا

یاخور ت۔ اصطبل۔

یاد ف۔ حفظ بیداری۔ دل خاطر۔

نقش و نگار۔

یادبود ف۔ یادگار۔

یاددادن ف۔ سکھلانا۔

یادداشت ف۔ یاد رکھنے کا نشان

نوٹ بک۔ ڈائری۔

یادگار ف۔ نشان تحفہ۔ مجازاً فرزند۔

یادگاری ف۔ یاد رکھنے کی قوت۔ یادگار

یار ف۔ مددگار دوست۔

یارا ف۔ قوت۔ توانائی۔ حوصلہ۔ فرصت۔

یارانہ ف۔ طریق دوستی۔ دوستی کے

طور پر۔ نیز دوستانہ۔

یارائی ف۔ چارہ۔ علاج۔ مدد۔

یارب ع۔ اے پروردگار۔ بمعنی

نالۂ و آہ کے بھی مستعمل ہے۔

یارباز ف۔ چھنال عورت۔ آوارہ۔

یارج ف۔ ہاتھ کے زیور جیسے چوڑی

پہونچی۔ بازوبند۔ بھجبند وغیرہ۔

یارد ف۔ بمعنی تواند۔ سکنا۔

یارستن ف۔ سکنا۔ طاقت پانا۔ ہاتھ بڑھانا

یارعی اللہ ع۔ اے خدا نگہبانی کر

وہ خدا حافظ۔

یار غار ف۔ سچا دوست۔ لقب ہے

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا

آج کل محاورۂ حال مین بالعموم بُرے کام

مین ساتھ دینے والے کو کہتے ہین۔

یار فروشی ف۔ تعریف کرنا۔ سراہنا۔

یارق ت۔ روشن۔ سفید۔

یارک ف۔ عورت کا رحم۔ بچہ دان۔

یارگی ف۔ قدرت۔ توانائی۔ فرصت۔

یارمند ف۔ معاون۔ دوست۔

یارنامہ ف۔ نیک کار۔ نیکنامی۔

یارو ف۔ جام شراب کے لیے ایک

ظریفانہ اصطلاح۔

یارہ ف۔ کنگن۔ ایک مشہور زیور۔

قوت۔ قدرت۔ اندازہ۔ نیز ایک مسہل

کی دوا ہے۔

یاری ف۔ مدد کرنا۔ مجازاً دو عورتون

کی دوستی جو آپس مین سوکن ہون۔ یا

دو بھائیون کی منکوحہ ہون۔

یاریگر ف۔ مددگار۔ معاون۔

یازان ف۔ حملہ کرنے والا۔ ہاتھ بڑھانے

والا۔ پیمائش کرنے والا۔

یازدن ف۔ کسی کام کے ارادہ سے

ہاتھ بڑھانا۔ دست درازی کرنا۔ بڑھنا

پھیکنا۔

یازدہ۔ ف۔ گیارہ کا عدد۔ لہ ۱۱۔

یازدہ در۔ ف۔ وہ گیارہ سوراخ جو انسان کے جسم مین ہوتے ہین۔ (۱ و ۲) دونون کانون کے سوراخ۔ (۳ و ۴) ناک کے دو سوراخ۔ (۵ و ۶) دونون آنکھین (۷ و ۸) منھ کے دونون منفذ۔ (۹ و ۱۰) آلۂ تناسل کے دو سوراخ۔ (۱۱) براز کا منفذ۔ بعض پانزدہ در کہتے ہین یعنی ان گیارہ مین چار اور حسب ذیل بڑھاتے ہین۔ (۱۲) تالو کا رستہ جہان کو الٹکتا ہے۔ (۱۳) ناف جس کے ذریعہ سے بچہ مان کے پیٹ مین غذا پاتا ہے۔ (۱۴ و ۱۵) دونون چھاتیون کے سوراخ۔

یازدہم۔ ف۔ گیارھوان گیارھوین تاریخ

یازش۔ ف۔ یازیدن کا حاصل مصدر قصد۔ ارادہ۔ بالیدگی۔ دست درازی۔

یازک۔ ف۔ برقعہ۔

یازہ۔ ف۔ لرزہ۔ کپکپی۔

یازندہ۔ ف۔ دست درازی کرنیوالا۔

یازیدن۔ ف۔ دیکھو یازدن۔ قصد کرنا۔ ہاتھ دراز کرنا۔

یاس۔ ع۔ ناامیدی۔ خوف۔ مایوسی۔

یاس۔ ف۔ یاسمن کا مخفف جس کو ہندی مین چنبیلی کہتے ہین۔

یاسا۔ ت۔ ماتم۔ مجازاً قتل۔ غارت۔ لوٹ۔ قصاص۔ بدلہ۔

یاسج۔ ف۔ پیکان دار تیر۔ دو پیکان کا تیر۔ نیز مظلومون کی آہ۔

یاسم۔ یاسمن۔ یاسمون۔ یاسمین۔ ع۔ چنبیلی کا پھول خواہ سفید ہو خواہ زرد۔

یاسہ۔ ف۔ آرزو۔ حکم۔ قانون سیاست

یاسین۔ لیس۔ ع۔ قرآن مجید کی ایک مشہور سورۃ جسکے شروع مین یہ لفظ ہے۔ بعض عالمون کے نزدیک یہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم شریف ہے۔ یا حرف ندا ہے اور سین سے مراد سید نبی سردار ہے۔ جان کندنی کے وقت یہ سورہ بیمار کے پاس اکثر پڑھا کرتے ہین۔

یاشا۔ ع۔ زندہ باد۔ بادشاہ کو نعرۂ خوشی کے ساتھ دعا دیتے ہین۔

یاشمق۔ ت۔ چہرہ بند۔ چہرہ کا مقنع۔

یاعر۔ عب۔ میدان۔ صحرا۔

یاعیل۔ عب۔ ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔

یاغ۔ ت۔ روغن۔ تیل۔

یاغی۔ ع۔ آواز بازگشت۔ صدا۔

یاغی۔ ت۔ دشمن۔ نافرمان۔ مخالف۔ سرکش

یافا۔ یافو۔ عب۔ ایک بہت قدیمی شہر جو حضرت نوح کے بیٹے یافث نے آباد کیا تھا۔

یافث۔ عب۔ حضرت نوح کے دوسرے بیٹے کا نام۔

یافتن۔ ف۔ پانا۔ معلوم کرنا۔ حاصل کرنا

یافتن بازی۔ ف۔ دھوکا کھانا۔

یافتہ۔ ع۔ کاغذ۔ اشتہار۔ تختہ اشتہار عام سرکاری اطلاع۔ سائن بورڈ۔

یافر۔ ف۔ بازی گر۔ نٹ۔

یافغ۔ ع۔ [illegible]

یاقلون

یاقوخ۔ ع۔ [illegible] شیر خواری مین [illegible]

یافہ۔ ت۔ گلے کا کالر جو کیڑے سے بچانے کے لیے لگاتے ہین۔

یافہ۔ ف۔ یاوہ۔ گم شدہ۔ [illegible] معدوم۔ پوچ۔ بیہودہ باتین۔

یافہ ورائے۔ ف۔ بیہودہ گو

یاقوت۔ ع۔ لعل۔ نام ایک مشہور اور بیش قیمت جوہر کا جو چار قسم کا ہوتا ہے سرخ۔ زرد۔ سفید۔ نیلا۔ سرخ سب مین اچھا اور بیش قیمت ہوتا ہے۔ نیز نام خلیفہ معتصم باللہ کے غلام کا جو بڑا خوشنویس تھا۔ نیز ایک قسم کا پلاؤ۔ ایک جزیرہ کا نام۔

یاقوت احمر۔ ع۔ یاقوت سرخ۔

یاقوت اسکندری۔ ف۔ وہ یاقوت جو سکندر کے ہمراہیون نے ظلمات سے لوٹتے وقت اٹھائے تھے۔

یاقوت جگری۔ ف۔ سیاہی مائل [illegible]

یاقوت خام۔ ف۔ معشوق [illegible]

یاقوت رمانی۔ ع۔ [illegible]

یاقوت رواں۔ [illegible] سرخ [illegible] نیز افک [illegible]

یاقوت سرتبہ۔ ف۔ [illegible]

یاقوت مذاب۔ [illegible]

یاقوت۔ [illegible]

یاقوت ۔ ۔ ۔

یَتَسَنَّہ ۔ ع ۔ سڑتا ہے ۔ بدمزہ ہوتا ہے ۔ وہ سبزی جو پرانی روٹی پر آجاتی ہے پھپھوندی

یَتَشَاجَرَان ۔ ع ۔ باہم جھگڑتے ہین ۔

یَتَشَبَّثُ ۔ ع ۔ پنجہ مارتا ہے ۔

یَتَعَبَّدُوْن ۔ ع ۔ عبادت کرتے ہین ۔ پوجا کرتے ہین ۔

یَتَغَامَزُوْن ۔ ع ۔ آپس مین کنایہ اشارہ کرتے ہین ۔ حقارت کی نظر سے دیکھتے ہین ۔

یَتَفَجَّرُ ۔ ع ۔ جاری ہوتا ہے ۔ پھوٹ نکلتا ہے ۔

یَتَمَرَّغُ ۔ ع ۔ زمین پر لوٹتا ہے ۔

یَتَن ۔ ع ۔ پائل ۔ وہ بچہ جو خلاف معمول پانوٗن کی جانب سے پیدا ہو یعنی پہلے اُسکے پانوٗن باہر نکلین ۔

یَتُوْع ۔ ع ۔ ہر وہ درخت جسمین زہریلا دودھ نکلے ۔ جیسے زقوم ۔ آک یعنی تھوہڑ اور مدار وغیرہ ۔

یَتِیم ۔ ع ۔ وہ بچہ جسکا مان یا باپ مرگیا ہو

یَرجُوْر ۔ عیار ۔ بیمار چوپایہ ۔ بے نظیر و بے مثل چیز ۔

یَتِیم الطرفین ۔ ع ۔ وہ لڑکا جسکے مان اور باپ دونون نہون ۔

یَتِیم چار وادار ۔ ف ۔ خچر والے کا ماتحت یا نائب آدمی ۔

یث

یَثخَن ۔ ع ۔ خوب لڑے ۔ مار ڈالے ۔

یَثرِب ۔ ع ۔ قدیم نام مدینہ کا ۔ جہان حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مزار شریف ہے ۔

یَثقَفُوْن ۔ ع ۔ پائین وہ ۔

یَثنُوْن ۔ ع ۔ پھرتے ہین ۔ دوہراتے ہین ۔

یج

یَجَار ۔ ع ۔ پناہ دیا جاتا ہے ۔

یَجَارُوْن ۔ ع ۔ گڑگڑاتے ہین ۔ پناہ لیتے ہین

یَجتَبِیْ ۔ ع ۔ پسند کرتا ہے ۔ چھانٹ لیتا ہے ۔

یَجلُوْ ۔ ع ۔ نمایان ہوتا ہے ۔

یَجمَحُوْن ۔ ع ۔ سرکشی کرتے ہین ۔

یَجہَز ۔ ع ۔ سامان سفر یا سامان عروسی تیار کرتا ہے ۔

یُجِیْب ۔ ع ۔ جواب دیتا ہے ۔ قبول کرتا ہے

یح

یُحَاجُّوْن ۔ ع ۔ حجت پکڑین ۔ باہم دشمنی کرین

یُحَاوِر ۔ ع ۔ سوال و جواب کرتا ہے ۔

یُحبِطُ ۔ ع ۔ ضایع کرے ناچیز کرے ۔

یَحتَاطُوْن ۔ ع ۔ احتیاط کرتے ہین ۔

یَحُثُّ ۔ ع ۔ اُکساتا ہے ۔ برانگیختہ کرتا ہے ۔

یُحدِثُ ۔ ع ۔ کہتا ہے ۔ پیدا کرتا ہے ۔

یَحِکُّ ۔ ع ۔ ملتا ہے ۔ گھستا ہے ۔

یَحمُوْر ۔ ع ۔ گورخر ۔

یَحمُوْم ۔ ع ۔ کالا دھوان ۔ اندھیری رات

یُحَیّٰ ۔ ع ۔ دہکایا جائے ۔

یَحنُوْ ۔ ع ۔ مہربانی کرے وہ ۔

یَحُوْر ۔ ع ۔ پھرتا ہے ۔ خراب ہوتا ہے ۔

یَحِیْف ۔ ع ۔ ظلم کرتا ہے ۔

یَحِیْق ۔ ع ۔ پکڑتا ہے ۔ گھیرتا ہے ۔

یَحیٰی ۔ ع ۔ جیتا ہے ۔ نام ایک پیغمبر کا ۔

یَحیٰی برمکی ۔ ع ۔ وزیر ہارون الرشید [illegible]

یخ

یَخ ۔ ف ۔ جما ہوا پانی ۔ برف ۔

یُخَادِعُوْن ۔ ع ۔ دھوکا دیتے ہین [illegible]

یَخت ۔ ع ۔ کشتی ۔ خصوصاً بادشاہ یا کسی امیر کی کشتی ۔

یَختَار ۔ ع ۔ پسند کرتا ہے ۔

یَختَصُّ ۔ ع ۔ خاص کرتا ہے ۔ خصوصیت بخشتا ہے ۔

یَخ چال ۔ ف ۔ برف کا کھتہ ۔

یَخچہ ۔ ف ۔ ژالہ ۔ اولہ ۔ تگرگ ۔

یَخ خوردن ۔ ف ۔ سرد مہری کرنا ۔ اور افسردہ دلی کرنا ۔

یَخدان ۔ ف ۔ باریک تختون کا صندوق جس پر چمڑہ مڑھا ہوتا ہے ۔ نیز وہ صندوق جس مین اقسام طعام اور مٹھائیان [illegible] حلوے رکھتے ہین ۔ برف [illegible] کو بھی یخدان کہتے ہین ۔

یَخ در بہشت [illegible]

[illegible] ہوتا ہے ۔

یَخفی ۔ نیک ۔ مبارک

یَخمی ۔ ف ۔ آبا [illegible]

یَخنہ ۔ ف ۔ [illegible]

[illegible] ہمرہی ہارون [illegible] اولاد اور احفاد کے [illegible] جان بحق ہوا ۔

یخ

یَخ ۔ ف ۔ جما ہوا پانی ۔ برف ۔

یَخادِعُوْن ۔ ع ۔ دھوکا دیتے ہین [illegible]

یَخت ۔ ع ۔ کشتی ۔ خصوصاً بادشاہ یا کسی امیر کی کشتی ۔

یَختَار ۔ ع ۔ پسند کرتا ہے ۔

یَختَصُّ ۔ ع ۔ خاص کرتا ہے ۔ خصوصیت بخشتا ہے ۔

یَخ چال ۔ ف ۔ برف کا کھتہ ۔

یَخچہ ۔ ف ۔ ژالہ ۔ اولہ ۔ تگرگ ۔

یَخ خوردن ۔ ف ۔ سرد مہری کرنا ۔ اور افسردہ دلی کرنا ۔

یَخدان ۔ ف ۔ باریک تختون کا صندوق جس پر چمڑہ مڑھا ہوتا ہے ۔ نیز وہ صندوق جس مین اقسام طعام اور مٹھائیان [illegible] حلوے رکھتے ہین ۔ برف [illegible] کو بھی یخدان کہتے ہین ۔

یَخ در بہشت [illegible]

[illegible] ہوتا ہے ۔

یَخفی ۔ نیک ۔ مبارک

یَخمی ۔ ف ۔ آبا [illegible]

یَخنہ ۔ ف ۔ [illegible]

Marfat.com

[illegible] کہتے ہین

ید

[illegible] ع۔ ہاتھ۔ قدرت۔ نعمت۔ نیکی۔ ملک [illegible]سان۔ قوت۔ خواری۔ خرابی۔ حفاظت [illegible]۔ فائدہ۔ مہربانی۔

[illegible]بیضا۔ ع۔ روشن اور سفید ہاتھ جب [illegible]حضرت موسےٰ علیہ السلام کو خدا تعالےٰ [illegible]نے نبوت تفویض فرمائی تو حکم دیا کہ [illegible]بنی اسرائیل سے جا کے کہہ کہ مجھے خدا نے [illegible]تمھارے پاس بھیجا ہے تاکہ تم کو رہائی دون [illegible]تو انھون نے عرض کی کہ وہ مجھ پر ایمان [illegible]نہ لائین گے نہ میری بات سنین گے۔ وہ [illegible]کہین گے کہ خدا تو دکھائی نہین دیتا [illegible]تب خدا تعالےٰ نے موسیٰ سے فرمایا کہ تیرے [illegible]ہاتھ مین کیا ہے وہ بولے عصا ہے۔ حکم ہوا [illegible]کہ اسے پھینکدو۔ جب حضرت موسےٰ نے [illegible]اسے زمین پر ڈالا۔ تو وہ عصا اژدہا بن گیا [illegible]حضرت موسیٰ ڈرے اور بھاگے۔ حکم خدا ہوا [illegible]کہ ہاتھ بڑھا کر اسکی دم پکڑ لو۔ پھر ویسا ہی [illegible]عصا کا عصا ہو جائیگا۔ حضرت موسیٰ نے [illegible]ایسا ہی کیا۔ پھر حکم ہوا کہ تم اپنا ہاتھ اپنی [illegible]بغل مین چھپا کے رکھو چنانچہ انھون نے [illegible]ایسا ہی کیا۔ جب اسکو نکالا تو وہ برف کے [illegible]مانند سفید اور منور تھا۔ یہ دو معجزے دے کر [illegible]خدا تعالےٰ نے حضرت موسیٰ کو بنی اسرائیل [illegible]بھیجا۔ اس دوسرے معجزہ کا نام [illegible]

[illegible]ت دکھانا۔

خرق عادت ظاہر کرنا۔

یدِ سفلیٰ۔ ع۔ نچلا ہاتھ اس سے مراد ہے مانگنے کے لیے پھیلنے والا ہاتھ۔ کیونکہ مانگنے والے کا ہاتھ دینے والے کے ہاتھ کے نیچے ہوا کرتا ہے۔

یدِ طولیٰ۔ ع۔ بہت لمبا ہاتھ۔ مجازاً مہارت کمال۔ کامل مہارت۔

یدِ علیا۔ ع۔ اوپر کا ہاتھ۔ اس سے بخشش کرنے والے کا ہاتھ مراد ہے۔

یدک۔ ت۔ کوتل گھوڑا۔ ٹٹو

یدمع۔ یدمعا۔ عب۔ عہد سکندر بادشاہ مین یہ ایک بڑا کاہنون کا سردار گزرا ہے۔

یدیدیاہ۔ ع۔ عب۔ خدا کا پیارا۔ یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا دوسرا نام ہے۔

یدین۔ ع۔ دونون ہاتھ۔

یذ

یذر۔ ع۔ چھوڑتا ہے۔

یذکرون۔ ع۔ نصیحت پکڑتے ہین۔

یذہب۔ ع۔ جاتا ہے۔

یذبل۔ ع۔ پژمردہ ہوتا ہے۔ مرجھاتا ہے۔

یر

یرا۔ ف۔ شکنج۔ سلوٹ۔ چین۔

یراش۔ ت۔ رخصت۔ توجہ۔

یراعہ۔ ع۔ جگنو۔ کرمک شب تاب قلم کا نیزہ۔ بانسری۔

یراعون۔ ع۔ ملحوظ رکھتے ہین۔ مراعات کرتے ہین۔

یراغ۔ ف۔ تیز رفتار گھوڑا۔ اتفاق مصلحت

یراق۔ ف۔ زیبائش کی چیزین۔ اسلحہ۔ گھوڑون اور سپاہیون کا سامان۔

یراق باقی۔ ف۔ زردوزی کام۔

یراق زنانہ۔ ت۔ عورتون کی زیبائش کا سامان مثل زیور وغیرہ۔

یراق طلا۔ ف۔ گوٹا پٹھا۔

یرجوع۔ عب۔ جنگلی خرگوش۔

یرت۔ ت۔ منزل۔ اترنے کی جگہ۔

یرج۔ ف۔ عورتون کے ہاتھ کا زیور۔ چوڑی۔ پہونچی۔ کڑے۔ کنگن وغیرہ۔

یرد۔ ع۔ گز۔ آلۂ پیمائش۔

یردن۔ ع۔ اترنے والا۔ ملک کنعان کا ایک مشہور و معروف دریا۔

یرغ۔ ت۔ سواری کیا ہوا گھوڑا

یرغا۔ ت۔ تیز رفتار گھوڑا۔ نیز بمعنی یلغار بھی آتا ہے۔

یرغمال۔ ت۔ کسی شخص کا اپنے بیٹے یا عزیز کو اپنی ضمانت مین کسی حاکم کے سپرد کرنا تاکہ خود سلطنت یا بادشاہ سے بغاوت نہ کرسکے

یرغو۔ ت۔ سیاست۔

یرغہ۔ ف۔ تیز اور رہوار گھوڑا نیز بمعنی یلغار دو گامہ اور قدم چلنا۔

یرق۔ ت۔ گناہ۔

یرقان۔ ع۔ ایک بیماری ہے جس مین آنکھین اور بدن زرد ہو جاتا ہے۔

یرقص حواجبہ۔ ع۔ اپنی بھون کو نچاتا ہے۔ بھون کو مٹکاتا ہے۔

یرک۔ ع۔ ایک قسم کا پتھر۔

یرکض۔ ع۔ گھوڑا اٹھاتا ہے۔ اور ایڑ کرتا ہے۔

Marfat.com

یَرْلَمُ۔ ع۔ تہ برتہ کرتا ہے۔
یَرلیغ۔ ت۔ شاہی فرمان۔
یَرمَر۔ ف۔ انتظار۔
یرمغان۔ ف۔ ارمغان تحفہ۔ ہدیہ۔
یَرْمُلُون۔ ع۔ علم قرارت کے ایک قاعدہ کی یادداشت کے لیے چھ حروف کو جمع کرکے ایک جملہ بنالیا ہے۔ پس جس وقت کہ بعد نون ساکن اور نون تنوین کے کوئی حرف یرملون کے حرفون سے واقع ہوتا ہے اُس کو اُس حرف کی جنس بنا کر باہم ادغام کر دیتے ہین باغنہ۔ مگر لام اور راے مہملہ مین غنہ نہین کرتے ہین۔
یَرمُون۔ ع۔ تہمت اور عیب لگاتی ہین
یَرمِی۔ ع۔ پھینکتا ہے۔ تہمت لگاتا ہی۔
یَرمیاہ۔ عب۔ لفظی معنی خدا نے سرفراز کیا۔ یہ خلقیاہ کا بیٹا اور عنوت کی بستی کا حاکم گزرا ہے۔
یَرنا۔ ف۔ حنا۔ مہندی۔
یَرَند۔ ف۔ ایک قسم کا سیاہ چمڑہ جوتے کی سیاہی۔
یَرَئُون۔ ع۔ برابر دیکھتے ہین۔ برابر دیکھنا
یرُوبعام۔ ع۔ عوام سے لڑنے والا۔ یہ اسرائیل کا پہلا بادشاہ گزرا ہے۔
یروبعام ثانی۔ عب۔ یہ اسرائیل کا تیرھوان بادشاہ تھا۔
یروسلم۔ یروشلم۔ عب۔ سلامتی کا رویا۔ سلامتی کا مکان۔ تو سلامتی دیکھے یہ کنعان کا ایک قدیمی اور مشہور شہر ہے۔

یرہ۔ ت۔ زمین۔ ارض۔

یز

یَز۔ ک۔ سبز ہرا۔
یَزَال۔ ع۔ دور ہوتا ہے۔ سرکتا ہی۔
یَزجی۔ ع۔ ہانکتا ہے۔ اُٹھاتا ہے۔
یَزدادی۔ ف۔ وہ پکا ہوا قیمہ جسمین مرغ کا انڈا پڑا ہو۔
یَزدان۔ ف۔ خدا تعالےٰ۔ واضح ہو کہ باشندگان فارس قبل اسلام دو خدا کے قائل تھے۔ فاعل خیر کو یزدان اور فاعل شر کو اہرمن کہتے تھے۔
یَزدجرد۔ ع۔ ایران کے دو بادشاہون کا نام ہے ایک بہرام گور کا باپ جو بڑا ظالم گزرا ہے۔ دوسرا نوشیروان کا پوتا جو عہد خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ مین شکست کھا کر اپنے ہی ملازمون کے ہاتھ سے قتل ہوا۔
یَزدی۔ ع۔ منسوب طرف یزد کے جو ایک شہر ہے توابع شیراز سے یعنی یزد کا رہنے والا۔ یا یزد کی بنی ہوئی شے۔
یزک۔ ت۔ محافظان لشکر۔ پاسبان۔ چوکیدار۔ سنتری۔ جاسوس۔ مطلق فوج۔
یزکدار۔ ف۔ سردار فوج طلایہ۔
یَزنہ۔ ت۔ بہنوئی۔ بہن کا شوہر۔
یَزید۔ ع۔ امیر معاویہ کے بیٹے کا نام جو سنہ ۶۰ھ سے سنہ ۶۴ھ تک حکمران رہا حضرت امام حسین علیہ السلام مع بہتر رفقا و اعزا کے اسی کے حکم سے شہید کیے گئے نیز عبدالملک کے بیٹے کا بھی نام

یَسار۔ ع۔ بائین طرف
توانگری۔ ثروت۔
یَسار۔ ف۔ منحوس آدمی۔
یَسارت۔ ع۔ توانگری۔ دولتمندی
یَسارہ۔ ع۔ بدیسات۔
یَساق۔ ت۔ مہم۔ جنگ کی تیاری دیوان۔ دربار۔
یَساقچی۔ ت۔ سفراے ممالک غیر کے چپراسی۔ سفارت خانہ کے محافظ۔ آرڈلی مشرقی۔ بشپ پادری۔
یَساقون۔ ع۔ کھینچتے ہین۔
یَسال۔ ت۔ فوج کا پرہ۔
یَسال۔ ف۔ پھولون کا سہرا۔
یَساول۔ ت۔ گارڈ۔ پولیس کانسٹبل میر تزک۔ چوبدار۔ نقیب۔
یَسبُتُ۔ ع۔ ہفتہ کرتا ہے۔ ہفتہ مناتا ہی
یَسبَحُ۔ ع۔ تیرتا ہے۔
یُسَبِّحُ۔ ع۔ تسبیح کرتا ہے۔
یَسبِقُ۔ ع۔ سبقت کرتا ہے۔
یَسبِی۔ ع۔ غارت کرتا ہے۔
یَستَثنُون۔ ع۔ استثنا کرتے ہین انشاء اللہ کہتے ہین۔
یَستَحیِی۔ ع۔ شرماتا ہی۔ زندہ
یَستَرِیح۔ ع۔ ہلکا
یَستَخلِفُ
یَستَکبِرُ

Marfat.com

[illegible] ع۔ دوگانا ہے۔ زمین سے
[illegible] ہے۔
[illegible] ع۔ مدد مانگتا ہے۔ نصرت
[illegible] کرتا ہے۔
[illegible] ع۔ جھونکے جائیں گے گرم
[illegible] جائیں گے۔
[illegible] ع۔ ٹھیک کرتا ہے۔ درست بناتا ہے
[illegible] یُسر ع۔ آسان ہونا۔ آسانی
[illegible] تونگری۔ فارغ البالی۔
[illegible] ع۔ آسان۔ سہل۔
[illegible] یستری ع۔ رات کو چلتا ہے۔ سیر کرتا ہے
یسعیاہ۔ عب۔ خدا کی نجات۔ یہودی
روایات کے مطابق ایک مشہور بادشاہ
گزرا ہے جو شاہ امصیاہ کا بھتیجا اور
عاموس کا بیٹا تھا۔
یَسَق۔ ت۔ وہ مال جو جنگی نہ ادا کرنے
کی وجہ سے جرمانہ میں ضبط ہو جائے۔
[illegible] یسل۔ ت۔ فوج کا پرہ۔
[illegible] یشوران۔ عب۔ راستباز۔ صادق
صداقت۔ یہ نام قوم اسرائیل کو دیا گیا تھا
[illegible] یشوع۔ عب۔ نجات دہندہ۔ یہ مبارک
[illegible] مسیح کا نام ہے۔
[illegible] عب۔ میرا ہدیہ۔ حضرت داؤدؑ
[illegible] کا نام۔
[illegible] ع۔ آسان [illegible]
[illegible] عب۔ بیابان۔
[illegible]
[illegible] عب۔ بنیا

کا معرب ہے۔ ایک قسم کا سبزی مائل
قیمتی پتھر ہے۔
یَشتُمُونَ۔ ع۔ گالیاں دیتے ہیں۔
کوستے ہیں۔
یَشمَن۔ ف۔ کھانا کھانے کے وقت کچھ پڑھنا
یَشتَہُونَ۔ ع۔ خواہش کریں۔ آرزومند ہوں
یُشعِر۔ ع۔ جبر کرے۔ جتائے۔
یَشبُک۔ ف۔ شبنم۔ خالص کچلیاں۔
یَشَم۔ ع۔ ایک قسم کا قیمتی پتھر
جسکو یشب کہتے ہیں۔
یَشماق۔ ت۔ عورتوں کے سر میں
باندھنے کا رومال۔
یَشُوع۔ عب۔ یہوشوع کا مخفف
یعنے خدا کی نجات۔ یہ حضرت موسیٰؑ کے
خلیفہ اور جانشین تھے۔
یَشوِی۔ ع۔ بھونے جلائے۔
یَشِین۔ ع۔ عیبناک کرے۔ عیب لگائے

یص

یَصرُخ۔ ع۔ چیختا ہے۔ آواز کرتا ہے
مرغ بانگ دیتا ہے۔
یَصَّعَّدُ۔ ع۔ مشکل سے چڑھے۔
یَصِف۔ ع۔ بیان کرتا ہے۔ تعریف کرتا ہے
یُصفَح۔ ع۔ گناہ معاف کیا جائے۔
یُصَیِّفُونَ۔ ع۔ گرما کاٹتے ہیں۔

یض

یُضَاہُونَ۔ ع۔ ہمسری کرتے ہیں۔
مشابہت کرتے ہیں۔ رشک کرتے ہیں۔
یُضَجِّجُونَ۔ ع۔ گڑگڑاتے ہیں۔
یُضِلُّ۔ ع۔ ہدایت سے محروم رکھتا ہے
گمراہ کرتا ہے۔
یُضِیف۔ ع۔ دعوت و مہمانی کرتا ہے۔

یط

یَطرُقُ البَاب۔ ع۔ دروازہ کھٹکھٹائے
یَطرُقُن۔ ع۔ رات کو آنا۔
یَطُق۔ ت۔ باڈی گارڈ۔ محافظان شاہی
یَطقان۔ ت۔ خنجر۔ پیش قبض۔
یَطمِثُ۔ ع۔ ساتھ سوتا ہے۔ چھوتا ہے۔
یَطَیِّرُ۔ ع۔ شومی پکڑتا ہے۔ فال لیتا ہے۔

یظ

یُظَاہِرُونَ۔ ع۔ ایک دوسرے کی
مدد کرتے ہیں۔
یَظلِم۔ ع۔ ظلم کرتا ہے۔ بے انصافی کرتا ہے
یَظَلَّلُن۔ ع۔ ہوتے ہیں سایہ ڈالتے ہیں۔
یُظہِر۔ ع۔ ظاہر کرتا ہے۔ غالب کرتا ہے۔
یَظہَرُونَ۔ ع۔ چڑھتے ہیں غالب ہوتے ہیں

یع

یُعَافِی۔ ع۔ بیماریوں اور بلاؤں سے سکھ دے
یُعَافِیر۔ ع۔ بہت سے ہرن۔ یعفور واحد۔
یَعبُص۔ عب۔ غم۔ تکلیف۔ غمناک۔
ایک مشہور شخص کا نام۔
یَعتَرِی۔ ع۔ فروگیر۔
یَعثُر۔ ع۔ سر کے بل گرتا ہے۔
یُعجِبُ۔ ع۔ دنگ کرتا ہے تعجب
میں ڈالتا ہے۔
یَعرِشُونَ۔ ع۔ چھت بناتے ہیں بیل
چڑھاتے ہیں۔
یَعرَنکِس۔ ع۔ بال سخت اور سیاہ ہو گئے

Marfat.com

ہین۔ اکٹھے ہو رہے ہین۔

یَغرُبُ۔ ع۔ چھپتا ہے۔ غائب رہتا ہے۔

یَغزِیر۔ عب۔ مددگار۔ اموریون کا ایک شہر تھا جہان کے باشندون کو حضرت موسیٰؑ نے نکال کر بنی جد کو وہ شہر عنایت کیا اور یہ لاویون کا شہر ہوا

یَعسُوب۔ ع۔ شہد کی مکھیون کا سردار بادشاہ۔ سرگروہ قوم۔ اس کی جمع یعاسیب آتی ہے۔

یَعسُوبُ المُؤمِنِین۔ ع۔ لقب حضرت امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ کا جو حضور سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے چوتھے خلیفہ تھے۔

یُعَشّی۔ ع۔ شام کی خوراک دیتا ہے۔

یُعَصفِر۔ ع۔ کسنبھ سے رنگتا ہے۔

یُعطَبُ۔ ع۔ ہلاکت مین ڈالا جاتا ہے۔ تکلیف پاتا ہے۔

یُعَقِّبُ۔ ع۔ دیر کرتا ہے پیچھے دیکھتا ہے

یَعقُوب۔ ع۔ کیک نر۔

یعقوب۔ عب۔ اڑنگا مارنے والا مشہور پیغمبر حضرت اسحٰق نبی کے بیٹے اور حضرت یوسف نبی علیہ السلام کے باپ جنکا لقب اسرائیل ہے۔ نیز حلفا کا بیٹا جو حواریون مین سے تھا اور زبدی کا بیٹا کہ یہ بھی حضرت عیسیٰ کا حواری تھا

یعقوبی کردن۔ ف۔ عاشقی کرنا۔

یَعمُور۔ ع۔ بکری اور بھیڑ کا بچہ۔

یَعُوق۔ ع۔ لفظی معنی روکتا ہے۔ نام ایک بت کا جو بہیئت اسپ تھا۔

یَعنِی۔ ع۔ چاہتا ہے۔ قصد کرتا ہے مطلب۔ مراد۔

یغ

یُغَاثُ۔ ع۔ مینھ دیا جائے گا۔

یُغَاثُونَ۔ ع۔ فریاد رسی کیے جائینگے

یغام۔ ف۔ غول بیابانی۔

یغلا۔ یغلاو۔ یغلو۔ ف۔ کرچی۔

یغما۔ ف۔ تاراج۔ غارت۔ لوٹ مار ترکستان کا ایک شہر۔

یغمائی۔ ف۔ ملک یغما کا رہنے والا جو نہایت حسن خیز شہر ہے نیز لوٹ لیا گیا

یَغُوثُ۔ ع۔ لفظی معنی فریاد کو پہنچتا ہے۔ نام ایک بت کا جو بصورت شیر درندہ تھا

یف

یَفَاع۔ ع۔ زمین بلند۔ ٹیلہ۔

یَفتَدِی۔ ع۔ فدیہ دیتا ہے۔

یُفَتِّرُ۔ ع۔ ہلکا کیا جاتا ہے۔

یُفَتِّشُ۔ ع۔ ڈھونڈھتا ہے۔ ٹٹولتا ہے

یَفتِنُ۔ ع۔ جانچتا ہے۔ آزماتا ہے

یَفح۔ ف۔ تھوک۔ لعاب دہن۔

یَفَن۔ ع۔ بڈھا۔ کھوسٹ۔

یق

یُقَتَّلُ۔ ع۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا جاتا ہے۔

یَقدِرُ۔ ع۔ قدرت رکھتا ہے تنگ کرتا ہے

یُقَدِّرُ۔ ع۔ اندازہ کرتا ہے۔

یَقذِفُ۔ ع۔ پھینکتا ہے۔

یُقَصِّرُ۔ ع۔ کمی کرتا ہے

یَقظَان۔ عب۔ عربی

یَقظَان۔ [illegible]

یَقظَہ۔ ع۔ بیدار [illegible]

یَقَعُ۔ ع۔ واقع ہوتا [illegible]

یَقلَشت۔ خوش۔ شاداں

یَقَہ۔ ف۔ گریبان۔ کسی کے گریبان کو زور سے پکڑنا۔

یَقِی۔ ع۔ بچاتا ہے۔ نگاہ رکھتا ہے

یَقِینُونَ۔ ع۔ قیاس کرتے ہین سمجھتے ہین

یَقِین۔ ع۔ بے شبہہ۔ بے شک۔ نیز موت کے معنے مین بھی آتا ہے۔

یک

یک۔ ف۔ ایک۔ اذعہ۔ محاورۂ حال مین تاش کا یکہ

یکاو۔ ع۔ قریب [illegible] نزدیک ہی

یکایک۔ ف۔ دفعۃً۔ ہر ایک

یَکبُتُ۔ ع۔ ذلیل و خوار کرتا ہے

یک برشدن۔ ف۔ جہاز [illegible] ایک بل پر ہو جانا۔

یک برو و راہ میرو [illegible] کو جھک کر چلتا ہے

یک برہ خوا [illegible] کر [illegible] ہر ایک [illegible] بازار [illegible]

یک [illegible]

یَقطَان۔ عب۔ عربی

Marfat.com

[illegible]

[illegible] سے کر پاؤں تک

[illegible] نام و نشان۔ پورا۔

یکتنہا ۔ ف۔ تنہا۔ اکیلا۔ واحد۔

یکسو شدن ۔ ف۔ علیحدہ ہونا۔

یکسو کردن ۔ ف۔ فیصلہ کرنا۔ یکسو کرنا۔

یکسان ۔ ف۔ تلفظ۔ یکسان۔

یکطرف اُفتادن ۔ ف۔ ایک جانب ہونا۔ مقابلہ کرنا۔

یک فنی ۔ ف۔ بیمثل۔ کامل اُستاد فن۔

یک قلم ۔ ف۔ بالکل۔ تمام۔ سربسر۔

یک کلنب کردن ۔ ف۔ کسی شئے کو مسل کر گولی بنانا۔

یک کمی یک خوردہ ۔ ف۔ تھوڑا سا۔ ایک ذرا سا۔

یکلا ۔ ف۔ اکہرا۔

یک مشتِ خاک ۔ ف۔ زمین۔ ارض۔ (ک)

یکین ۔ ت۔ بھانجہ۔ بھتیجا۔

یک نخ ابریشم ۔ ف۔ اُتنا ریشم جو ایک مرتبہ سوئی مین ڈالا جائے۔

یک نفس زدن ۔ ف۔ کچھ مختصر سی بات کہنا۔ آخر وقت آدمی کا سانس لینا۔

یک نعل ۔ ف۔ بہت۔ (ک)

یکوبر ۔ ع۔ لپیٹتا ہے۔ خوار کرتا ہے۔

یکی ۔ ت۔ جدید۔ نیا۔

یکی دنیا ۔ ت۔ نئی دنیا۔ امریکہ۔

یکے ۔ ف۔ کلمہ عطفیہ ایک کا۔ ایک۔

[illegible] تعلیم دینے والا۔

یکے خوردن ۔ ف۔ ہراسان ہونا کسی خوف سے بھاگنا۔

یکیدون ۔ ع۔ خفیہ تدبیر کرتے ہین۔ مکر کرتے ہین۔

یل

یل ۔ ع۔ آستینون دار ایک چھوٹا کوٹ جسے مسلمان پہنتے ہین۔

یل ۔ ف۔ دلیر۔ پہلوان۔ آزاد۔ ترکی مین بمعنے راہ۔

یلاق ۔ ت۔ نام بادشاہ ترک۔

یلبث ۔ ع۔ دیر کرتا ہے۔

یلبہ ۔ ع۔ ایک قسم کی زرہ جو بعض حیوانون کی کھال سے بناتے ہین۔

یلچی ۔ ت۔ قاصد۔ رہبر۔ گداگر۔

یلدا ۔ ع۔ اندھیری اور لمبی رات سب سے بڑی رات یعنے ۲۱ دسمبر کی رات۔

یلغار۔ یلغر ۔ ت۔ یہ لفظ اصل مین ایلغار ہے۔ دشمن کی فوج پر دوڑنا۔ حملہ کرنا۔ حملہ آور ہونا۔

یلک ۔ ت۔ ویسٹ کوٹ۔ صدری۔

یلکنجی ۔ ت۔ ویدبان یعنی وہ شخص جو جہاز کے مستول پر بیٹھکر ہوا۔ فوج۔ پہاڑ وغیرہ کو دیکھتا ہے۔

یلّے ۔ ف۔ کلمۂ خوشی۔ کوچوان لوگ حالت خوشی اور عالم وجد مین کہتے ہین۔

یلمق ۔ ت۔ تاتاری لباس بمعنی قبا۔

یلمہ۔ ف۔ اتاری لباس بمعنی قبا۔
یلتہ۔ ت۔ کھلی بھوسی وغیرہ جو تغاروں میں بھر کر مویشیوں کو کھلاتے ہیں۔
یلملم۔ ع۔ وہ مقام جہاں سے اہل یمن احرام باندھتے ہیں۔
یلوج۔ ت۔ پیغمبر
یلہ۔ ف۔ آزاد۔ فاحشہ عورت۔ بے قید آوارہ
یلہ شدن۔ ف۔ ایک بل پر ہو جانا۔
یلہ کردن۔ ف۔ آزاد کر دینا۔ نکال دینا۔
یلہ گرد شدن۔ ف۔ مارا مارا پھرنا۔
یلہث۔ ع۔ زبان نکالتا ہے۔

یم

یم۔ ع۔ دریا۔ دریا کی رو کا ساحل پر غالب آنا۔ نیز۔ جانب۔ حصہ۔
یمم۔ ع۔ کامل طور سے۔
یماق۔ ت۔ خدمتگار۔
یمام۔ ع۔ جنگلی کبوتر۔ نیز بمعنی قصد و ارادہ
یمامہ۔ ع۔ قصد و ارادہ۔ نام ایک حصہ عرب کا جہاں مسیلمہ کذاب نے دعوی نبوت کیا تھا۔
یمارون۔ ع۔ جھگڑتے ہیں۔
یمانی۔ ع۔ ایک ملک مشہور جو کعبہ کی داہنی طرف واقع ہے۔
یمانیہ۔ ع۔ مبارک۔
یمحص۔ ع۔ خالص کرتا ہے۔ پرکھتا ہے۔
یمحق۔ ع۔ ناچیز کرتا ہے۔ گھٹاتا ہے۔
یمد۔ ع۔ کھینچتا ہے۔ دراز کرتا ہے۔
یمر۔ ع۔ تلخ ہوتا ہے۔
یمزق۔ ع۔ ٹکڑے ٹکڑے کرتا ہے۔
یمص۔ ع۔ چوستا ہے۔

یمل۔ ع۔ [illegible]
یمن۔ ع۔ مبارک اور نیکبخت ہونا۔ داہنا سیدھے ہاتھ سے لیجانا۔ داہنے طرف سے آنا
یمن۔ ع۔ برکت۔ مبارک ہونا۔ مبارکی۔
یمن۔ ع۔ عرب کی مشہور سرزمین کا نام جو کعبہ شریف کے یمین یعنی داہنی طرف واقع ہے۔
یمہ۔ ت۔ خوراک۔
یمہ داران۔ ف۔ وظیفہ خوار اور روزینہ دار لوگ
یمیمہ۔ عب۔ دن کے مانند۔ روشن۔ خوبصورت
یمین۔ ع۔ داہنا ہاتھ۔ داہنی طرف قسمت۔ مرتبہ
یمیہ۔ ف۔ معدہ۔

ین

ینابیع۔ ع۔ جمع۔ ینبوع۔ چشمے۔
ینال۔ ع۔ پاتا ہے۔ پہونچتا ہے۔
ینایر۔ ع۔ ماہ جنوری۔
ینبث۔ ع۔ پراگندہ ہوتا ہے۔ بکھیرتا ہے۔
ینبغی۔ ع۔ لائق ہو۔ سزاوار ہو۔
ینبوع۔ ع۔ پانی کا بڑا چشمہ۔
ینبلو۔ ف۔ قافلہ۔ منڈی۔
ینبح۔ ع۔ کتا بھونکتا ہے۔
ینتصر۔ ع۔ دعا مانگتا ہے۔ بدلا لیتا ہے داد چاہتا ہے۔
ینجعون۔ ع۔ وہ نیکی کی طلب میں ہیں۔ گھاس پانی کی تلاش میں ہیں۔
ینحتون۔ ع۔ تراشتے ہیں۔
ینحدر۔ ع۔ بہتا ہے۔ نیچے گرتا ہے
ینزف۔ ع۔ بکواس کرتا ہے

ینبغ۔ ع۔ [illegible]
ینغض۔ ع۔ [illegible]
ینحون۔ ع۔ [illegible] نکلتے ہیں
ینکس۔ ع۔ پھرتا ہے
ینگ۔ ف۔ آئین۔ قاعدہ۔ روش۔ ایک جزیرہ کا۔
ینگا۔ ینگہ۔ ف۔ بھاوج چچی۔ کیا۔ مشاطہ
ینگی دنیا۔ ف۔ نئی دنیا۔ نئے امریکہ۔
ینہشون۔ ع۔ اگلے دانتوں سے پکڑ کے کاٹتے ہیں۔ چھوڑتے ہیں۔
ینوء۔ ف۔ زیادہ ہو۔ بڑھے۔
ینوءن۔ ع۔ دور ہوتے ہیں۔
ینیس۔ عب۔ ینیس اور یمبرس فرعون کے یہاں کے دو جادوگر تھے جنہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے مقابلہ کیا تھا۔

یو

یواودون۔ ع۔ باہم محبت [illegible]
یواش۔ یواشکی۔ [illegible] آہستہ آہستگی سے
یواطئون۔ ع۔ [illegible] ہیں
یواقت۔ [illegible] جمع جواقیت
یوالج۔ ع۔ [illegible]

[illegible] ایک مشہور مورخ گزرا ہے۔

[illegible] تعریف کیا جاتا ہے۔

یُونَخ۔ف۔جو جوئیلوں کی گردن پر رکھتی ہیں۔

یُونِی۔ف۔بیہودہ گو۔

یُوفُون۔ع۔پورا دیے جائیں۔

یُوق۔ع۔نر سنگھا۔

یُوک۔ع۔خوابگاہ۔

یُول۔ت۔راہ۔راستہ۔

یُولچی۔ت۔محافظ راہ۔راہدار۔وہ فقیر جو راہ میں بیٹھکر لوگوں سے سوال کرتا ہے۔

یُولُون۔ع۔ایلا کرتے ہیں۔یعنے قسم کھاتے ہیں کہ عورت کے پاس نہ جائینگے۔

یولیو۔یُولائی۔ع۔ماہ جولائی۔

یَوم۔ع۔روز۔دن۔

یَومُ الْبَاحُوز۔ع۔روز فراق۔ہجر کا دن۔

یَومُ الْحِسَاب۔ع۔روز قیامت۔جو پچاس ہزار برس کی مقدار کا ہوگا۔

یَومُ التَّنَاد۔ع۔فریاد وزاری کا روز۔ مراد روز قیامت سے۔

یَومُ النُّشُور۔ع۔پھر زندہ ہونے کا روز۔ مراد اس سے بھی روز قیامت ہے۔

یُومَن۔ع۔امن دیا جائے۔

یَومِیَہ۔ع۔روزینہ۔روز کا معمول۔دن بھر کی مزدوری۔دن بھر کی محنت۔روزنامچہ۔ [illegible] روزانہ اخبار۔

یونان۔ی۔یَوْنَان بن یافث بن نوح [illegible] اسلام کا آباد کیا ہوا شہر۔

یونس۔ع۔نام ایک پیغمبر مشہور کا جنکو مچھلی نگل گئی تھی۔

یوی۔ع۔پناہ دیتا ہے۔

یویہ۔ف۔(بواو مجہول) قصد۔عزم۔ارادہ۔

یہ

یَہَب۔ع۔بخشتا ہے۔عطا کرتا ہے۔

یَہبِطُ۔ع۔گرتا ہے۔

یَہتَزُّ۔ع۔ہلتا ہے۔پھولتا ہے۔

یَہجَعُ۔ع۔سوتا ہے۔

یَہدِی۔ع۔راہ بتاتا ہے۔

یَہتَدِی۔ع۔راہ پاتا ہے۔

یَہرَعُ۔ع۔دوڑایا جاتا ہے۔

یَہلِکُ۔ع۔ہلاک ہوتا ہے۔

یَہفُوف۔ع۔بددل مرد۔زیرک۔عقلمند۔ ہوشیار۔تیز طبع۔

یَہمِسُ۔ع۔گھس گھس کرتا ہے۔نرم آواز کرتا ہے۔

یَہُودَا۔ع۔حضرت یوسفؑ کے ایک بھائی کا نام جو دوسری ماں سے تھے۔

یَہُودِی۔ع۔قوم یہود کا شخص۔

یَہیَج۔ع۔خشک ہوتا ہے۔زور پر آتا ہے۔

یَہیَمُون۔ع۔سرمارتے پھرتے ہیں۔

یَئِنُّ۔ع۔چلاتا ہے۔روتا ہے۔

یے

یَیقُون۔ع۔ماہ جون۔

یَیل۔ت۔سال۔برس۔فیل کے وزن پر۔

یَیلاق۔ت۔موسم گرما بسر کرنے کے لیے پہاڑی مقام یا خانہ بدوش قبائل کی ایام گرما کی چراگاہیں۔

یَیلان۔ت۔سانپ۔یہ لفظ مفرد ہے۔

Marfat.com

خاتمۃ الطبع

آجکل جبکہ زبان عربی وفارسی وترکی بحر مواج کی طرح اپنی نئی نئی لہرون سے اہل عالم کو [illegible]
نت نئے ایجادات واختراعات ہو رہے ہین اُن کی کوئی انتہا نہین ہے۔ آئے دن انگلش وفرانسیسی وجرمنی
کے الفاظ معرب ومفرس ہوکر اُس مین داخل ہو رہے ہین مگر پھر بھی یہ اہل السن مزید کا نعرہ لگا رہی ہے نہایت ضرورت
اس بات کی کہ ایک ایسی جامع لغت جس مین تمام لغات ومحاورات قدیمہ وجدیدہ عربی وفارسی وترکی [illegible] ومولدہ
اپنے صاف وسلیس اُردو معنی کے انگریزی ڈکشنریون کے طرز پر جمع ہون عالم کے سامنے پیش کردی جائے تاکہ طلبہ
مدارس اُس سے پورا پورا فائدہ حاصل کرسکین اور عوام الناس حضرات اُس کے ذریعہ سے اخبارات عربی وفارسی [illegible]
سمجھ سکین۔ کیونکہ اس زمانۂ ترقی علوم وفنون مین ہماری گورنمنٹ عالیہ نے اُردو کو اپنے سایۂ عاطفت مین لے کر معراج ترقی
پر پہونچا دیا ہے۔ اسکولون اور کالجون مین زبان انگلش کے پہلو بہ پہلو اُس کی بھی تعلیم برابر جاری ہے۔ جہان انگلش زبان
کا ستارہ فلک الافلاک پر جگمگا رہا ہے وہان اُس کی معیت کی وجہ سے اُس کی روشنی بھی روز افزون بڑھ رہی ہے۔ اور کیون
نہ بڑھے جبکہ مٹی کا ڈھیلہ پھولون کی دو چار گھڑی کی صحبت سے خوشبودار ہوجاتا ہے تو یہ تو ایک اُسی کی جنس سے ہے
الحمد للہ والمنہ کہ فخر تاجران زمان منبع فیض بیکران محسن علوم شرقیہ محی الکتب عربیہ حامی فنون وعلوم شائع کنندۂ کتب [illegible]
وحید دہر فرید عصر مایۂ الطاف مزید جناب مولوی حاجی محمد سعید صاحب مالک مطبع ہذا نور اللہ مرقدہ نے جس مجموعہ لغات
کو اپنے حین حیات مین بصرف زر کثیر جناب مولانا مولوی محمد عبد العزیز صاحب مرحوم مغفور مصحح مطبع ہذا سے تیار کرایا تھا
اور اُس کو اپنے نام کے ساتھ نسبت کرکے اُس مین چار چاند لگا دیے تھے اُس کے طبع ہونے کا اب وقت آیا اور وہ ان
ایام فرخندہ فرجام مین باہزاران زیب وزینت دبیز کاغذ ودیدہ زیب طباعت سے مزین ہوکر باہتمام تمام والصرام بطبع
حاجی محمد شفیع صاحب خلف الصدق جناب حاجی محمد سعید صاحب غفرلہ اللہ الواہب مطبع مجیدی واقع کانپور
مین بماہ اگست سنہ ۱۹۲۹ء مطابق ماہ صفر سنہ ۱۳۴۸ ہجری حلیۂ طبع سے محلی ہوکر ناظرین اولی الابصار اور شائقین والاتبار
کے سامنے آئی اُمید ہے کہ حضرات ناظرین اپنی قدردانی سے مالکان مطبع کی ہمت بڑھائین گے اور حاجی صاحب
دعائے خیر سے فراموش نہ فرمائین گے۔ خدا تعالےٰ اپنے فضل وکرم سے اس کتاب کو مقبولیت [illegible]
فرمائے اور طلبا مدارس کے لیے کارآمد بنائے [illegible]

اعلان ضروری

کل حقوق تالیف اس کے بحق مطبع مجیدی کانپور محفوظ ہین اگر کوئی [illegible] طبع [illegible]

Marfat.com